www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

جلد 37 | جمعہ 28 اگست 2026، بمطابق 14 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 237

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28 واں دفاعی و جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا

صوبے کی مجموعی صورتحال، امن واستحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (بولان بیورو)۔ بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28 واں دفاعی و جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن واستحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کے درخشاں مستقبل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

ایرانی سپریم لیڈر شدید زخمی، ہلاک نہیں ہوئے، ڈونلڈ ٹرمپ

حملے میں سپریم لیڈر جسم کے بائیں جانب بہت شدید زخمی ہوئے ہیں، امریکی صدر

28 فروری کو ایران پر امریکی حملوں کے پہلے دن مجتبیٰ خامنہ ای کے والد علی خامنہ ای شہید ہوئے تھے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ان کے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

نیپال میں سیلابی ریلا کئی دیہات بہا لے گیا، 9 افراد ہلاک، 384 لاپتہ

کھٹمنڈو (این این آئی) تبت کی سرحد سے متصل نیپال کے ضلع راسووا (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

منگی ڈیم انکوائری کمیشن کی کھلی عدالت میں سماعت

شہداء کے لواحقین اور قانونی ورثاء، متعدد وکلاء اور کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری بھی کارروائی میں شریک ہوئے

آئی جی پولیس نے شہداء کے لواحقین اور قانونی ورثاء کے لیے منظور شدہ شہداء پیکج کے تحت کیے گئے اقدامات کی تفصیلات بھی پیش کیں

کوئٹہ (بولان بیورو) منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کویت کے اعلیٰ سطح وفد نے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح کی قیادت میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی

پاکستان اور کویت کے مابین دفاعی تعاون کا نیا معاہدہ طے پا گیا

پاکستان اور کویت کے درمیان پروٹوکول معاہدہ 2026 پر دستخط کئے گئے جس سے دفاعی تعاون کے معاہدے 2023 کے تحت قائم موجودہ عسکری تعاون کے ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئے گی

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السلیم الصباح کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے وزارت دفاع کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں کویتی مسلح افواج کے چیف آف جنرل سٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد درج سعد الشریان بھی شامل تھے

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کویت کے اعلیٰ سطح وفد نے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح کی قیادت میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق کویت کی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد درج سعد الشریعان بھی موجود تھے۔ ملاقات (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

دشمن نے مسلمان ممالک میں تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کی، شہباز شریف

نئی نسل کی کردار سازی سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات کے مطابق کرنا ہوگی

نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے، اسلئے اس کے اخلاق و کردار کی تعمیر سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دشمن نے پوری کوشش کی کہ خطے کے مسلمان ممالک میں تقسیم پیدا کریں لیکن مسلمانوں میں تقسیم کی اس سازش کو فیلڈ مارشل کی قیادت میں ناکام بنایا گیا، نئی نسل کے اخلاق و کردار کی تعمیر سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں کرنا ہوگی۔ قومی سیرت النبی محمد مصطفیٰ ﷺ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس پاکستان کی قابل فخر قومی روایت ہے۔ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ کا پمز ہسپتال میں نومولود بچوں کی اموات پر اظہار افسوس

کربناک سانحے پر متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، میر سرفراز بگٹی

معصوم نومولود بچوں کا اس المناک سانحے میں جاں بحق ہونا انتہائی دلخراش اور پوری قوم کے لیے صدمے کا باعث ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پمز اسلام آباد میں پیش آنے والے المناک سانحے میں معصوم نومولود بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ معصوم نومولود بچوں کا اس المناک سانحے میں جاں بحق ہونا انتہائی دلخراش اور (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

سیکورٹی فورسز کا آپریشن، 11 دہشتگرد جہنم رسید

سیکورٹی فورسز کے خیبر پختونخوا کے علاقوں جنوبی وزیرستان اور بنوں جبکہ بلوچستان کے ضلع خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے ہیں

سیکورٹی فورسز کے بنوں میں فتنہ الخوارج کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 2 دہشت گرد جہنم واصل کیے گئے، اسلحہ وگولہ بارود برآمد کیا گیا

کوئٹہ، پشاور (اے ایف پی) سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 11 دہشت گرد مارے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کے خیبر پختونخوا کے علاقوں جنوبی وزیرستان اور بنوں جبکہ بلوچستان کے ضلع خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے ہیں۔ سیکورٹی فورسز کے بنوں میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف تازہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ریجنل پاسپورٹ آفس کا دورہ کر رہے ہیں

پمز سانحہ 14 نومولود جاں بحق، وزیراعظم کا سخت نوٹس

جس وقت آگ لگی عملہ انکیوبیشن سینٹر میں نہیں تھا، نرسری میں نہ گائنی ڈاکٹر موجود تھی اور نہ ہی کوئی دوسرا عملہ موجود تھا، این آئی سی یو کا دروازہ بھی لاک تھا، والدین

پمز ہسپتال میں فائر سیفٹی انتظامات انتہائی ناقص تھے، فائر پوائنٹ پر پانی بھی نہیں تھا، ہنگامی انخلا کے راستوں پر تالے لگے ہوئے تھے، عملہ موجود ہی نہیں تھا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ لگنے سے 14 نومولود جاں بحق ہوگئے، جنہیں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا، 14 خاندانوں میں خوشیاں لانے والے معصوم نومولودوں کی موت پر ہر طرف اداسی اور غم کا راج دکھائی دیا، ہر آنکھ اشکبار تھی۔ تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال میں آگ نرسری میں ایئر کنڈیشن کمپریسر پھٹنے سے لگی جس سے نرسری میں موجود 14 نومولود جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ صبح 6 بج کر 45 منٹ پر لگی۔ پمز ہسپتال کے حکام کے مطابق آگ لگنے کے وقت نرسری میں 1 (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وفد ملاقات کر رہا ہے

سعودی عرب سے اقتصادی تعلقات کو اسٹریٹجک شراکت داری میں بدلنا چاہتے ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم کی خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے سعودی عرب کے اہم کردار کی تعریف، پرشہباز شریف نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان اور ولی عہد محمد بن سلمان کیلئے نیک تمناؤں اظہار بھی کیا

شہباز شریف سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید کی الوداعی ملاقات، پاک سعودی تعلقات کے مزید استحکام کیلئے ان کی نمایاں خدمات کو سراہا

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید نے الوداعی ملاقات کی ہے۔ وزیر اعظم نے سعودی سفیر کو ان کی سفارتی ذمے داریاں کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارک باد دی اور پاک سعودی تعلقات کے مزید استحکام کیلئے ان کی (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

پمز ہسپتال میں آتشزدگی، نومولود بچوں کی اموات پر سیاسی رہنماں کا اظہار افسوس

آتشزدگی کے اندوہناک واقعے پر دل افسردہ ہے اور بچوں کے والدین کے دکھ اور غم میں برابر کے شریک ہیں

مریم نواز، سپیکر قومی اسمبلی، وزیر داخلہ و دیگر کا بیان

بچوں کا جاں بحق ہونا انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیراعلیٰ سندھ، گورنر سندھ، گورنر پنجاب و دیگر کا تعزیتی بیان

اسلام آباد / لاہور / کوئٹہ / کراچی (این این آئی) اسلام آباد کے پمز ہسپتال کی نرسری میں آتشزدگی کے نتیجے میں نومولود بچوں کے جاں بحق ہونے پر سیاسی رہنماؤں نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے واقعے کو انتہائی دلخرا (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

پمز سانحہ، جامع تحقیقات اور ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کا اعلان

پمز ہسپتال سانحے کی وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق فوری، جامع تحقیقات کی جائیں گی، اسحاق ڈار

اللہ اس مشکل گھڑی میں سوگوار خاندانوں کو صبر، حوصلہ اور استقامت عطا کرے، بچوں کی حفاظت ہر صورت اولین ترجیح ہونی چاہیے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پمز ہسپتال سانحے کی وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق فوری، جامع تحقیقات کی جائیں گی، ذمہ دار پائے جانے والوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں اسحاق ڈار نے کہا کہ پمز ہسپتال واقعے (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

آتشزدگی میں 14 معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے کا سن کر دل رنجیدہ ہے، نواز شریف

حکومت پمز سانحہ پر ذمہ داروں کا تعین کر کے سخت کارروائی کرے، صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے سانحے میں 14 معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے کا سن کر دل رنجیدہ ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں نواز شریف نے کہا کہ میں غمزدہ والدین کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ذمہ داروں کا تعین کر کے سخت کارروائی کرنی چا (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

ایران نے عمان کوریڈور سے گزرنے کی کوشش کرنیوالے بھارتی آئل ٹینکر کو روک لیا

تہران (این این آئی) ایرانی جنگی بحری جہاز نے آبنائے ہرمز کے عمان کوریڈور سے گزرنے کی کوشش کرنے والے بھارتی بحری آئل ٹینکر کو روک لیا۔ ایرانی ٹی وی کے مطابق ایچ اے این اے (ہانا) نامی یہ بھارتی آئل ٹینکر آبنائے کے جنوبی حصے سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

ایران اور عمان میں آبنائے ہرمز میں عارضی بحری راہداری پر اتفاق

امید ہے آبنائے ہرمز سے محفوظ آمد ورفت کی بحالی کے عملی انتظامات کا اعلان جلد ہوگا، عمانی وزیر خارجہ

مسقط (این این آئی) ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز میں عارضی بحری راہداری پر اتفاق ہوگیا ہے۔ عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے اپنے بیان میں کہا کہ وہ پر امید ہیں کہ آبنائے ہرمز میں عارضی بحری راہداری کا جلد اعلان کریں گے۔ عمانی وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ امید ہے آبنائے ہرمز سے محفوظ آمد ورفت کی بحالی کے عملی انتظامات کا اعلان جلد ہوگا۔

آزاد کشمیر کے شہریوں کا عسکری قیادت کے کامیاب دورہ تہران کا بھرپور خیر مقدم

مظفر آباد (اے ایف پی) آزاد کشمیر کے نوجوانوں، طلبہ اور بزرگ شہریوں نے دورے کو خطے میں امن واستحکام کیلئے مؤثر سفارتی کوشش قرار دیا۔ آزاد جموں وکشمیر کے شہریوں نے عسکری قیادت کے کامیاب دورہ تہران کو سراہتے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

محسن نقوی اور بیرسٹر گوہر کا رابطہ ہے جو اچھا ہے، رانا ثنا اللہ

نومئی کو فوج میں بغاوت کی کوشش کی گئی، یہ بہت بڑا جرم ہے، مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا رابطہ ہے یہ اچھا ہے اس کے ذریعے بات کرنی چاہیے، علی امین گنڈاپور کا بھی وزیر داخلہ سے رابطہ تھا، ہم نے ہمیشہ اس کو سراہا، ہم ہمیشہ زور دیتے ہیں کہ سیاستدانوں کو ایک ساتھ بیٹھنا چاہیے، میثاق جمہوریت ہوا تو پھر تیسرے صاحب آگئے وہ آج تک (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی چین سے زیادہ پیداوار دینے والے فصلوں کے بیجوں کے حصول کیلئے پیشرفت

چینی شہر چونگ چنگ کی بیج کمپنی سے معاہدے پر دستخط، اہم فصلوں کو پاکستان میں متعارف کرانے میں سہولت دی جائیگی

پاکستان چینی کمپنیوں کو مقامی اداروں کے ساتھ مشترکہ منصوبوں کے ذریعے شراکت داری کی بھی ترغیب دے رہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان زرعی پیداوار میں اضافے، غذائی تحفظ کو (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

پمز ہسپتال سانحہ کیسے پیش آیا؟ پمز انتظامیہ نے ابتدائی رپورٹ تیار کرلی

این آئی سی یو میں انکوبیٹر کے ساتھ آکسیجن کی مقدار بتانے والا نیبولائزر پھٹا۔ نیبولائزر پھٹنے سے آکسیجن نے آگ پکڑلی

آئی سی یو میں 2 ڈاکٹرز، 4 نرسز اور دیگر عملہ موجود تھا، اسپتال میں تسلی بخش فائر سسٹم موجود تھا، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال سانحہ کیسے پیش آیا؟ پمز انتظامیہ (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے سے منایا گیا

عاشقان رسول کی جانب سے محفل میلاد کا انعقاد، جلوس و ریلیاں نکالی گئیں، ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں

کوئٹہ میں بھی جگہ جگہ چراغاں کیا گیا، محافل نعت اور میلاد النبی ﷺ کے جلوس کا بھی اہتمام کیا گیا

اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ (بولان بیورو) ملک بھر میں نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا یوم ولادت مذہبی عقیدت اور احترام کے ساتھ منایا گیا۔ ملک بھر کی (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

امریکی پابندیاں ریاستی اور معاشی دہشتگردی ہیں، عباس عراقچی

دیگر ممالک امریکی پابندیوں کو تسلیم نہ کریں اور نہ ہی ان کا نفاذ کریں، وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے نئی امریکی پابندیوں کی مذمت کرتے ہوئے اسے ریاستی اور معاشی دہشتگردی قرار دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطا (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

نیتن یاہو کا ایران کیساتھ معاہدہ طے پانے کے امکان پر شکوک وشبہات کا اظہار

فوجی مداخلت کے ساتھ ساتھ گھیراؤ مزید سخت کرنا بھی ایک ممکنہ راستہ ہے، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نے ایران کے ساتھ معاہدہ طے پانے کے امکان پر شکوک و شبہات کا اظہار کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تہران پر نئی (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

بلوچستان: فتنہ الہندوستان کی 9 دہشتگرد خواتین کے سر کی قیمتیں مقرر

مطلوب خواتین کی گرفتاری سے متعلق قابل اعتماد اطلاع دینے والوں کو 10 سے 15 لاکھ روپے تک انعام دیا جائے گا

شہری مطلوب خواتین اور ان کے سہولت کاروں سے متعلق معلومات قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فراہم کریں، حکومت بلوچستان

کوئٹہ (بولان بیورو) بلوچستان حکومت نے انتہائی مطلوب دہشت گرد خواتین کی گرفتاری میں مدد دینے والوں کے لیے نقد انعام کا اعلان کردیا۔ حکومت بلوچستان نے مطلوب خواتین دہشت گردوں کی تصاویر اور تفصیلات جاری کردیں مطلوب خواتین کا تعلق گوادر، پنجگور اور تربت کے مختلف علاقوں سے ہے، مطلوب خواتین کی گرفتاری سے متعلق قابل اعتماد اطلاع دینے والوں کو 10 سے 15 لاکھ روپے تک انعام دیا جائے گا۔ حکومت بلوچستان نے کہا ہے کہ شہری مطلوب خواتین اور ان کے سہولت کاروں سے متعلق معلومات قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فراہم کریں اطلاع دینے والے کی شناخت مکمل طور پر (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیراعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گیس سبسڈی نظام اور قیمتوں کے سلیب پر نظر ثانی کی ضرورت ہے، علی پرویز ملک

چوری و نقصانات میں کمی ایس ایس جی سی ایل کی مالی پائیداری کیلئے ناگزیر ہیں، بلوچستان میں گیس فراہمی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں

وزیر پٹرولیم کی ایس ایس جی سی ایل کے اجلاس کی صدارت، ادارے کی کارکردگی، اصلاحات، آپریشنل امور اور مالی پائیداری کا جائزہ لیا گیا

کراچی (اے ایف پی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ گیس سبسڈی کے موجودہ نظام اور قیمتوں کے سلیب پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کراچی میں سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (ایس ایس جی سی ایل) کے اجلاس کی صدارت کی، جس میں ادارے کی کارکردگی، اصلاحات، آپریشنل امور اور مالی پائیداری کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایس ایس جی سی ایل کے مینیجنگ ڈائریکٹر اور حکام نے ادارے کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی، حکام نے بتایا کہ گیس ڈسٹری بیوشن سسٹم میں نمایاں بہتری آئی ہے جبکہ یون پرائسنگ فیکٹر (یو ایف جی) میں 57 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اجلاس (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا سکیانگ میں معروف چینی ڈیری کمپنی کے ہیڈکوارٹر کا دورہ

دیہی خواتین کی مالی خودمختاری اور مویشیوں کی افزائش نسل کے لیے خصوصی منصوبے بھی کامیابی سے جاری ہیں، مریم نواز

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چین کے دورے کے دوران سکیانگ میں معروف ٹائرن وزڈم ڈیری کمپنی کے ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ مریم نواز شریف نے ٹائرن وزڈم ڈیری ورکس کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور جدید ڈیری فارمنگ و ملک پروسیسنگ کے نظام کا جائزہ لیا، کمپنی حکام نے ان کا وفد سمیت پرتپاک خیر مقدم کیا۔ جہاں کمپنی حکام نے وزیراعلیٰ پنجاب کو مختلف (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

امریکا، کینیڈا کی تجارتی جنگ زور پکڑ گئی، ایک دوسرے پر جوابی پابندیاں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی پڑوسی ملک کینیڈا کے ساتھ تجارتی جنگ زور پکڑ گئی۔ امریکی میڈیا رپورٹ کے مطابق کینیڈا نے ستمبر سے امریکی مصنوعات پر 50 (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم کے درخواست گزاروں کی تعداد میں 52 فیصد اضافہ ریکارڈ

درخواستیں ایک لاکھ 39 ہزار تک پہنچ گئیں، وزیر خزانہ کی فنانسنگ میں حائل رکاوٹوں کو واضح سفارشات کے ساتھ اسٹیئرنگ کمیٹی کے سامنے لانے کی ہدایت

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم کے درخواست گزاروں کی تعداد میں 52 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت رسائی فنانس اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس سے متعلق اعلامیہ جاری کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت جون سے درخواستوں میں 52 فیصد اضافہ ہوا، درخواستیں ایک لاکھ 39 ہزار تک پہنچ گئیں۔ اپنا گھر (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ، عمران خان کی اسپتال منتقلی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست 16 ستمبر کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (اے ایف پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست سماعت کیلئے مقرر کردی گئی۔ سپریم کورٹ میں درخواست کی سماعت کے لئے 16 ستمبر کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ ر(بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی تاریخی عدالتی کامیابی، قومی خزانے کے کھربوں روپے بچا لیے گئے

صرف ایم ون (M-1) ہائی وے منصوبے پر ہی 300 سے زائد ملتے جلتے مقدمات دائر ہوگئے تھے

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) نے وفاق آئینی عدالت پاکستان میں ایک بڑی قانونی کامیابی حاصل کرکے قومی خزانے کے کھربوں روپے بچا لیے ہیں۔ عدالت نے زمین کے معاوضے سے متعلق ایک دیرینہ مقدمے (سول ریویو نمبر 95 اور 96/2010: چیئرمین این ایچ اے بمقابلہ امیر خان آفریدی وغیرہ) میں این ایچ اے کے حق میں فیصلہ سنایا (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی سے لاہور جانے والی مسافر ٹرین پٹڑی سے اتر گئی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

لاہور (اے ایف پی) جہلم کے قریب کالا گجراں ریلوے اسٹیشن پر راولپنڈی سے لاہور جانے والی مسافر ٹرین راول ایکسپریس پٹڑی سے اتر گئی، تاہم حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریلوے ذرائع کے مطابق راول ایکسپریس رات ساڑھے 12 بجے راولپنڈی سے لاہور کیلئے روانہ ہوئی تھی، ٹرین جب جہلم کے قریب (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد میں نومولود بچوں کی ہلاکت انسانی تاریخ کا بدترین سانحہ ہے، بلاول بھٹو

بچوں کے بے بس ماں باپ انصاف مانگ رہے ہیں، لہٰذا واقعے کی ذمہ داری کا تعین کر کے متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جانا چاہیے

مائیں اپنے بچوں کو نو ماہ اس لیے اپنی کوکھ میں نہیں رکھتیں کہ کسی کی غفلت کے نتیجے میں وہ دنیا میں آتے ہی زندہ جل جائیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں 14 نومولود بچوں کی ہلاکت انسانی تاریخ کا بدترین سانحہ ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بلاول بھٹو نے کہا کہ مائیں اپنے بچوں کو نو ماہ اس لیے اپنی کوکھ میں (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں

حافظ نعیم الرحمن نے احتجاجی تحریک کے آئندہ مرحلے کا اعلان کردیا

جماعت اسلامی سازشوں کے ذریعے اقتدار میں آنے پر یقین نہیں رکھتی، ہم کبھی فارم 47 کے ذریعے انقلاب نہیں لائیں گے، حقیقی تبدیلی کیلئے عوام کو منظم کرنا ہوگا

ہر سانحے کے بعد کمیٹیاں بنادی جاتی ہیں اور پھر معاملہ ختم ہوجاتا ہے، پیپلزپارٹی، مسلم لیگ ن اور ایم کیو ایم نے پاکستان کو برباد کردیا

کرنے کا کہتا ہے، لیکن عوام اپنے حقوق کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی سازشوں کے ذریعے اقتدار میں آنے پر یقین نہیں رکھتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم کبھی فارم 47 کے ذریعے انقلاب نہیں لائیں گے، حقیقی تبدیلی کیلئے عوام کو منظم کرنا ہوگا، عوامی طاقت اور منظم جدوجہد کے ذریعے ہی ملک میں حقیقی تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اگر پمز میں سیاست دانوں اور طاقتور لوگوں کے

مصنوعات کی قیمتیں کم کرنے کیلئے نکلے ہیں انہیں یہی پریشانی ہے، ہماری ہڑتال پرامن ہوگی، ہم پرامن لوگ ہیں، پورا پنجاب، بلوچستان اور سندھ ہمارے ساتھ ہوگا، پورے ملک میں ہڑتال ہوگی، یہ ریاست عوام کو ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا رہی ہے، پمز میں پھول جیسے بچے حکمرانوں کی نااہلی کا نشانہ بنے، 14 بچوں کی اموات کرپشن اور نااہلی کے باعث ہوئیں، یہ ایک اسپتال بھی ٹھیک طریقے سے نہیں چلا سکتے، پمز اسپتال میں حفاظتی

نوجوانوں کی سرپرستی کردیں تو وہ پاکستان کی ایکسپورٹ کو کہاں سے کہاں پہنچا سکتے ہیں، بجلی تو استعمال نہیں ہو رہی مگر آئی پی پیز کو کروڑوں روپے دے رہے ہیں، چادر اور چاردیواری بھی محفوظ نہیں ہے، اس پنجاب میں مریم نواز کے پنجاب میں مائیں بہنیں محفوظ نہیں ہیں، ان کے پاس عوام کو دینے کے لیے کچھ نہیں ہے، اگر ہے تو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے کرپشن کا پیسہ ہے۔ جس میں تم تین ماہ بعد ماں اور بہنوں کو لائنوں میں لگادیتے

دستگیر منزل ہنگل دیرو میں عظمت و عقیدت سے محفل میلاد النبی ﷺ کا انعقاد

مقامی معززین اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کیا

بدین شہر کی رہائشی خاتون اپنی نابالغ بیٹی کے مبینہ اغوا کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج کر رہی ہے۔

اوتھل میں جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا

اوتھل میں دعوت اسلامی کے تحت عظیم الشان اجتماع و جلوس میلاد، فضا درود و سلام اور مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ کے نعروں سے گونج اٹھی

جلوس میں جامع المدینہ اور مدرس المدینہ کے طلبائے کرام نے خصوصی شرکت کی

میں 12 ویں شب منعقد ہونے والے اجتماع میلاد کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد عاشقانِ رسول ﷺ نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں نعتوں کے نذرانے پیش کیے۔ اجتماع سے مبلغ دعوتِ اسلامی نے میلادِ مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر سنتوں بھرا بیان کرتے ہوئے حضور نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ، آپ ﷺ کی

تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ بھی شریک ہوئے۔ شرکائے جلوس نے ہاتھوں میں مدنی پرچم اٹھا رکھے تھے اور درود و سلام پڑھتے ہوئے سرکارِ دو عالم ﷺ سے اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کیا۔ جلوسِ میلاد کے دوران مختلف مقامات پر مبلغینِ دعوتِ اسلامی نے میلادِ مصطفیٰ ﷺ، سیرتِ طیبہ اور عشقِ رسول ﷺ کے موضوعات پر بیانات

میلاد کا اختتام ہوا۔ اس موقع پر عاشقانِ رسول ﷺ کا کہنا تھا کہ ربیع الاول کا مبارک مہینہ مسلمانوں کے لیے محبتِ رسول ﷺ اور سیرتِ مصطفیٰ ﷺ کو عام کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، ہمیں چاہیے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگیوں کو سنتوں کے مطابق گزاریں

اسدالدین اویسی کی حجاب سے متعلق الہ آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی مذمت

نئی دہلی (این این آئی) آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین کے سربراہ اور حیدرآباد سے رکنِ پارلیمنٹ اسد الدین اویسی نے الہ آباد ہائی کورٹ کے ایک مسلمان طالبہ کی اسکول میں حجاب پہننے کی درخواست مسترد کرنے کے فیصلے پر سخت ردِعمل دیا ہے۔ اسد الدین اویسی نے عدالتی فیصلے کو اسلام پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام میں کون سا عمل ضروری ہے، اس کا فیصلہ جج نہیں کرسکتے، یہ ہمارا مذہب ہے اور ہم فیصلہ کریں گے کہ اس میں کیا ضروری ہے۔

عاشقِ رسول ﷺ میر صابر خان پندرانی کی قیادت میں ایک عظیم الشان میلاد ریلی

ریلی میں موٹر سائیکلوں، گاڑیوں پر مشتمل ہزاروں کی تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی

گنداخہ (نور حسن جمالی) 12 ربیع الاول جشنِ عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں تحصیل گنداخہ کے علاقے گوٹھ تاج محمد پندرانی سے عاشقِ رسول ﷺ میر صابر خان پندرانی کی قیادت میں ایک عظیم الشان میلادِ ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں موٹر سائیکلوں، گاڑیوں پر مشتمل ہزاروں کی تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی۔ شرکا نے سبز پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ درود و سلام، نعتِ رسولِ مقبول ﷺ اور لبیک یا رسول اللہ ﷺ کی صداؤں سے پورا علاقہ گونج اٹھا۔ ریلی کے شرکا میں جشنِ میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے بھرپور جوش و خروش اور عقیدت نمایاں تھی۔ ریلی گوٹھ تاج محمد پندرانی سے روانہ ہوکر مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی جعفرآباد پل پر پہنچی، جہاں شاندار ریلی اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر شرکا نے حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے، محبت، اخوت، بھائی چارے اور امن و سلامتی کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر میر صابر خان پندرانی کی جانب سے اپنی اوطاق پر شرکائے ریلی اور عاشقانِ رسول ﷺ کے لیے لنگر کا بھی وسیع اہتمام کیا گیا۔

حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر علی نواز زہری کے والد حاجی غلام مصطفیٰ زہری کے انتقال پر اے ڈی سی حب علی رضا کھوسہ ڈسٹرکٹ چیئرمین حب جاوید جمالی، چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی میر علی اصغر زہری، پیپلز پارٹی ضلع حب کے جنرل سیکرٹری میر علی اکبر زہری تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سہ ماہی امتحانات اور ''12 ربیع الاول'' کے عنوان سے ایک پروقار پروگرام کا انعقاد

قرآن وسنت کی تعلیم کے ساتھ طلبہ کی دینی، اخلاقی اور عملی تربیت بھی کی جاتی ہے

حب (پ ر) جامعہ السعید مدرسہ و مسجد عبدالغنی گلی لمڑان میں سہ ماہی امتحانات اور ''12 ربیع الاول'' کے عنوان سے ایک پروقار پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں علماء کرام، طلبہ اور اہلِ علاقہ نے شرکت کی۔ پروگرام میں مہتمم مفتی عتیق اللہ مفتی اکرام اللہ مفتی ارشد احمد مولانا امان اللہ مولانا حمد اللہ قاری اسد اللہ امیر محمد کاکڑ اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے علماء کرام نے کہا کہ مدارسِ دینیہ اسلام کے قلعے ہیں، جہاں قرآن وسنت کی تعلیم کے ساتھ طلبہ کی دینی، اخلاقی اور عملی تربیت بھی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عصری و دنیوی تعلیم اپنی جگہ اہم ہے، تاہم دینی مدارس میں مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کی بہترین اخلاقی و اسلامی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے، تاکہ وہ معاشرے کے لیے مفید اور باکردار افراد بن سکیں۔ علماء کرام نے مدارس کی اہمیت، دینی تعلیم کے فروغ اور نئی نسل کی اسلامی خطوط پر تربیت کی ضرورت پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی پروگرام کے اختتام پر مدرسہ کے خادم مفتی ارشد احمد مدنی نے تمام مہمانانِ گرامی، علماء کرام اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں شرکاء کے لیے خیرات کا بھی اہتمام کیا گیا منتظمین نے کہا کہ دینی مدارس قرآن وسنت کی تعلیم اور اسلامی اقدار کی حفاظت کے مراکز ہیں،

صوبائی مجلس عاملہ صوبائی نمائندگان اور صوبائی عمومی اجلاس کے انعقاد کا اعلان

تنظیم کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق تینوں اجلاس 2، 3 اور 4 ستمبر کو کوئٹہ میں منعقد ہونگے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام بلوچستان کے صوبائی صدر حکمت اللہ کی زیرصدارت صوبائی مجلس عاملہ صوبائی نمائندگان اور صوبائی عمومی اجلاس کے انعقاد کا اعلان کردیا گیا ہے تنظیم کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق تینوں اجلاس 2، 3 اور 4 ستمبر کو کوئٹہ میں منعقد ہونگے اعلامیے کے مطابق صوبائی مجلسِ عاملہ اور صوبائی نمائندگان کا اجلاس جمعیت طلبہ اسلام بلوچستان کے صوبائی دفتر، جناح ٹاؤن کوئٹہ میں منعقد ہوگا، جبکہ صوبائی عمومی اجلاس جامعہ مطلع العلوم، ہنوری روڈ کوئٹہ میں ہوگا شیڈول کے مطابق صوبائی نمائندگان اجلاس 2 ستمبر بروز بدھ سہ پہر 3 بجے، صوبائی عمومی اجلاس 3 ستمبر بروز جمعرات صبح 11 بجے جبکہ صوبائی مجلسِ عاملہ کا اجلاس 4 ستمبر بروز جمعہ صبح 11 بجے منعقد ہوگا صوبائی جنرل سیکریٹری سرفراز احمد لانگو نے تمام نمائندگان صوبائی عمومی اجلاس کے اراکین اور صوبائی مجلسِ عاملہ کے اراکین سے اجلاس میں بروقت شرکت کی درخواست کی ہے اعلامیے کے مطابق اجلاس کے ایجنڈے میں مفتی محمود کانفرنس اسلام آباد کی تیاریوں کا جائزہ صوبے میں تنظیمی فعالیت کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مشاورت، عصرِ حاضر میں طلبہ اور اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات اور دیگر امور شامل ہیں،

لاہور ہائیکورٹ، 6 کلو چرس برآمدگی کیس میں ملزم کی 14 سال قید کی سزا کالعدم قرار

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے چھ کلو چرس برآمدگی کیس میں 14 سال قید کی سزا پانے والے ملزم ذوالفقار علی کو بری کردیا، عدالت نے قرار دیا کہ سیل شدہ منشیات محض عدالت میں پیش کردینا کافی نہیں بلکہ دوران سماعت پارسل کھول کر گواہوں سے اس کی شناخت کرانا بھی ضروری ہے۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے ذوالفقار علی کی فوجداری اپیل منظور کرتے ہوئے ماتحت عدالت کی جانب سے سنائی گئی

ریلوے اسٹیشنوں پر محکمہ ریلوے کی خصوصی ٹیموں کی جانب سے اچانک چیکنگ اور نگرانی کا سلسلہ جاری

مسافروں کو فراہم کی جانے والی کھانے پینے کی اشیا کے معیار، وینڈنگ اسٹالز کے معاملات اور ریلوے قوانین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) روہڑی سمیت سکھر ڈویژن کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر محکمہ ریلوے کی خصوصی ٹیموں کی جانب سے اچانک چیکنگ اور نگرانی کا سلسلہ جاری ہے۔ وفاقی وزیر برائے ریلوے حنیف عباسی کی ہدایات پر بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں، مسافر ٹرینوں میں غیر معیاری کھانے پینے کی اشیا کی فروخت اور ریلوے قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں کی جارہی ہیں تفصیلات کے مطابق ریلوے کے چیف کمرشل منیجر طارق انور سپرا اور ڈپٹی چیف کمرشل منیجر ناصر نذیر کی ہدایات پر سکھر ڈویژن کے لیے تشکیل دی گئی خصوصی ٹیموں نے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر اچانک چیکنگ کا آغاز کردیا ہے۔ اسی سلسلے میں گزشتہ روز روہڑی ریلوے اسٹیشن پر سی ایم ڈی آئی صابر علی کی سربراہی میں خصوصی ٹیم نے پلیٹ فارموں، وینڈنگ اسٹالز اور مسافر ٹرینوں کا تفصیلی جائزہ لیا چیکنگ کے دوران مسافروں کو فراہم کی جانے والی کھانے پینے کی اشیا کے معیار، وینڈنگ اسٹالز کے معاملات اور ریلوے قوانین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا،

حب۔ وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی سے جام گروپ کے سینئر ضلعی رہنما وڈیرہ عبدالمالک موندرہ، وائس چیئرمین ساکران وڈیرہ غلام نبی محمد حسنی، میر نیاز خان مری، وڈیرہ غلام مصطفےٰ سیاپاد اور وڈیرہ غلام نبی بندیجہ اسلام آباد میں ملاقات کر رہے ہیں

عاصم کاظم ایڈووکیٹ کے ساتھ کھڑے ہیں انہیں کسی دباؤ میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، سومار رونجھو

شہری کو دباؤ دھمکی یا مبینہ ہراسانی کے ذریعے خاموش کرانے کی کوشش کسی صورت قابل قبول نہیں

حب (پ ر) عاصم کاظم ایڈووکیٹ کے ساتھ کھڑے ہیں انہیں کسی دباؤ میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، ان خیالات کا اظہار بھوتانی عوامی کاروان حب کے سینئر رہنما و جنرل کونسلر حب فرمان سومار رونجھو، بھوتانی عوامی کاروان کے سینئر رہنماء سرور رونجھو اور میر عبدالحکیم جدگال رونجھو نے اپنے مشترکہ جاری کردہ بیان میں سینئر وکیل قبائلی رہنما ضلع کونسل لسبیلہ کے اپوزیشن لیڈر اور سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن عاصم کاظم ایڈووکیٹ کے گھر مبینہ طور پر پولیس بھیجنے اور ان کی فیملی کو مبینہ طور پر ہراساں و دباؤ میں لانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے، رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عاصم کاظم ایڈووکیٹ خود کو کسی بھی صورت تنہا نہ سمجھیں ہم کل بھی حق اور سچ کے ساتھ کھڑے تھے آج بھی کھڑے ہیں اور آئندہ بھی حق و سچ کی آواز کے ساتھ کھڑے رہیں گے کسی وکیل عوامی نمائندے یا شہری کو دباؤ دھمکی یا مبینہ ہراسانی کے ذریعے خاموش کرانے کی کوشش کسی صورت قابل قبول نہیں، انہوں نے کہا کہ عاصم کاظم ایڈووکیٹ نے ہمیشہ لسبیلہ کے عوام مظلوم اور محکوم طبقات کے حقوق، بنیادی انسانی حقوق اور آئین و قانون کی بالادستی کے لیے قانونی اور جمہوری جدوجہد کی ہے، ایسی آوازوں کو دبانے کے بجائے ان کے مؤقف کو قانون اور دلیل کی بنیاد پر سنا جانا چاہیے،

حکومت عمران خان کی صحت سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ آئینی عدالت میں چیلنج کرے، میاں داؤد ایڈووکیٹ

لاہور (این این آئی) سینئر قانون دان میاں داؤد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت سپریم کورٹ کا بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت کے حوالے سے دیا گیا فیصلہ ریکارڈ سمیت آئینی عدالت میں چیلنج کرے، سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں یہ نہیں لکھا تھا کہ حکومت کا کون سا آفیشل اس حوالے سے حکم صادر کرے گا اس لیے پی ٹی آئی کی توہین عدالت کی درخواست میں وزیراعظم، وزیر قانون اور وزیر اطلاعات کو نامزد کرنا درست نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت کے حوالے سے سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا تھا

جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

فیضانِ گلزار مدینہ مسجد میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا

بیلا (نمائندہ بولان) ملک بھر کی طرح بیلہ میں بھی دعوت اسلامی کے تحت جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں فیضانِ گلزار مدینہ مسجد میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا، جبکہ 12 ربیع الاول کو بعد نمازِ ظہر جلوسِ میلاد نکالا گیا، جس میں جامع المدینہ و مدرس المدینہ کے طلبائے کرام سمیت بڑی تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق فیضانِ گلزار مدینہ مسجد میں 12 ویں شب منعقد ہونے والے اجتماعِ میلاد کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد عاشقانِ رسول ﷺ نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں نعتوں کے نذرانے پیش کیے۔ اجتماع سے مبلغ دعوتِ اسلامی نے میلادِ مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر سنتوں بھرا بیان کرتے ہوئے حضور نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ، آپ ﷺ کی آمدِ مبارک کی برکتوں اور آپ ﷺ سے محبت و عقیدت کی اہمیت بیان کی اجتماع کے دوران شرکا نے انتہائی عقیدت و محبت کے ساتھ ذکرِ مصطفیٰ ﷺ کیا۔ رات کے اختتام پر صبحِ بہاراں کا استقبال کیا گیا، جبکہ صلوٰۃ و سلام اور خصوصی دعا کے ساتھ اجتماع اختتام پذیر ہوا بعدازاں 12 ربیع الاول کے مبارک دن بعد نمازِ ظہر فیضانِ گلزار مدینہ مسجد سے عظیم الشان جلوسِ میلاد نکالا گیا۔ جلوس میں جامع المدینہ اور مدرس المدینہ کے طلبائے کرام نے خصوصی شرکت کی، جبکہ بیلہ اور گردونواح سے بڑی تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ بھی شریک ہوئے۔ شرکائے جلوس نے ہاتھوں میں مدنی پرچم اٹھا رکھے تھے اور درود و سلام پڑھتے ہوئے سرکارِ دو عالم ﷺ سے اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کیا جلوسِ میلاد کے دوران مختلف مقامات پر مبلغینِ دعوتِ اسلامی نے میلادِ مصطفیٰ ﷺ، سیرتِ طیبہ اور عشقِ رسول ﷺ کے موضوعات پر بیانات کیے۔ عاشقانِ رسول ﷺ نے انتہائی جوش و خروش کے ساتھ "سرکار کی آمد مرحبا، مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ" کے نعرے بلند کیے، جس سے بیلہ کی فضا درود و سلام اور نعروں سے گونجتی رہی جلوس کے شرکا نے نظم و ضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے میلادِ مصطفیٰ ﷺ کی خوشیاں منائیں اور حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے۔ جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا دوبارہ فیضانِ مدینہ بیلہ کراس پہنچا، جہاں درود و سلام اور دعا کے ساتھ جلوسِ میلاد کا اختتام ہوا

ضلعی انتظامیہ فوری طور پر اپنا قبلہ درست کرے، محمد اقبال جاموٹ

عاصم کاظم ایڈووکیٹ اور ان کی فیملی کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہیں

حب (پ ر) عاصم کاظم ایڈووکیٹ اور ان کی فیملی کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار ایڈووکیٹ محمد اقبال جاموٹ اور محمد اسلم مینگل ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ جاری کردہ بیان میں لسبیلہ بار کے سینئر وکیل عاصم کاظم ایڈووکیٹ اور ان کے اہل خانہ کو سیاسی بنیادوں پر ہراساں کرنے کے لیے اپنائے جانے والے ہتھکنڈے انتہائی قابلِ مذمت اور کھلی ناانصافی ہیں، ایڈووکیٹ محمد اقبال جاموٹ اور ایڈووکیٹ محمد اسلم مینگل نے لسبیلہ انتظامیہ کی جانب سے کی جانے والی مبینہ انتقامی کارروائیوں پر سخت ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ فوری طور پر اپنا قبلہ درست کرے بصورت دیگر وکلاء برادری اپنے احتجاج کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے پر مجبور ہوگی، وکلاء رہنماؤں کا کہنا ہے کہ لسبیلہ انتظامیہ کی جانب سے عاصم کاظم ایڈووکیٹ کے ساتھ روا رکھا جانے والا یہ جبر اور ناانصافی کا سلسلہ اب ناقابل برداشت ہوچکا ہے اگر یہ کارروائیاں فوری طور پر بند نہ کی گئیں تو وکلاء برادری ہر فورم پر اس کے خلاف بھرپور آواز اٹھائے گی

ایرانی میڈیا نے نئے سپریم لیڈر کی ایک پرانی ویڈیو جاری کردی

تہران (این این آئی) ایرانی میڈیا نے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کی ایک پرانی ویڈیو جاری کردی، جس میں وہ ایک علمی نشست کی صدارت کرتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ ویڈیو میں پہلی بار عہدہ سنبھالنے کے بعد ان کی آواز بھی عوامی سطح پر سنائی دی ہے۔ ویڈیو میں مجتبیٰ خامنہ ای ایک طالب علم کے اسلامی سیکیورٹی ماڈل سے متعلق تحقیقی مقالے کا جائزہ لیتے اور اسے بے عیب قرار دیتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں

حب۔ جامعہ السعید گلی لمڑان میں سہ ماہی امتحان و خصوصی پروگرام سے جامعہ دارالعلوم حمزہ کے مہتمم مفتی عتیق اللہ مفتی اکرام اللہ مفتی ارشد احمد مولانا امان اللہ مولانا حمد اللہ قاری اسد اللہ امیر محمد کاکڑ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

حب۔ دعوت اسلامی کی جانب سے فیضانِ حمزہ مسجد حب سے جشن میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی سے علماء کرام خطاب کر رہے ہیں

روہڑی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے سے منایا گیا

شہر درود و سلام اور نعت رسول مقبول ﷺ کی صداؤں سے گونج اٹھا ہزاروں عاشقان رسول ﷺ کی مرکزی جلوس میں شرکت

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) روہڑی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے سے منایا گیا شہر درود و سلام اور نعت رسول مقبول ﷺ کی صداؤں سے گونج اٹھا ہزاروں عاشقان رسول ﷺ کی مرکزی جلوس میں شرکت شہر بھر میں چراغاں، گلی محلوں اور بازاروں کی خوبصورت سجاوٹ، جگہ جگہ سبیلیں اور لنگر، سیکیورٹی، صفائی اور بجلی کی فراہمی کے خصوصی انتظامات تفصیلات کے مطابق ملک کے دیگر شہروں کی طرح روہڑی میں بھی جشن عید میلاد النبی ﷺ انتہائی مذہبی جوش و جذبے عقیدت و احترام اور شایان شان انداز میں منایا گیا شہر بھر میں درود و سلام، نعت رسول مقبول ﷺ اور یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ کی صداؤں سے فضائیں گونجتی رہیں جبکہ ہزاروں عاشقان رسول ﷺ نے مرکزی جلوس میں شرکت کر کے سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے اپنی والہانہ محبت اور عقیدت کا اظہار کیا جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں روہڑی شہر کے گلی محلوں، بازاروں، چوراہوں، اہم شاہراہوں، گھروں اور کاروباری مراکز کو سبز جھنڈیوں، جھنڈوں، برقی قمقموں اور نعلین پاک کی خوبصورت سجاوٹ سے آراستہ کیا گیا مختلف مقامات پر خصوصی چراغاں کیا گیا جبکہ مساجد اور دیگر مقامات پر محافل نعت، درود و سلام اور ذکر و اذکار کا اہتمام بھی کیا گیا جشن عید میلاد النبی ﷺ روہڑی کے زیراہتمام مرکزی جلوس پاکستان چوک سے برآمد ہوا جس کی نگرانی صاحبزادہ الحاج محمد عبیداللہ قریشی سرپرست جشن عید میلاد النبی ﷺ کمیٹی انجمن فدائیان رسول روہڑی نے کی مرکزی جلوس میں علامہ مولانا مفتی جمیل احمد چنہ، علامہ مولانا مفتی حامد رضا حسینی، علامہ مولانا قاری عبدالماجد سعیدی، علامہ مولانا صدر الدین فیضی، مولانا قاری صلاح الدین، مولانا قاری نصیر احمد چشتی، حافظ گلشیر احمد، عرفان علی داد پوتو فوکل پرسن صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ، سید عمران شاہ، علی گلزار قاضی، اعجاز احمد پلھ، روہڑی پریس کلب کے صدر مجاہد بوزدار، محمد عثمان گھنیو، کاشف قاضی، شہزادہ توقیر انصاری سمیت علمائے کرام، مذہبی و سماجی شخصیات، سیاسی رہنماں، تاجر برادری، صحافیوں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں عاشقان رسول ﷺ نے شرکت کی شہر کے مختلف علاقوں سے گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور پیدل قافلے مرکزی جلوس میں شامل ہوتے رہے جلوس میں شریک عاشقان رسول ﷺ درود و سلام اور نعت رسول مقبول ﷺ کا ورد کرتے رہے جس کے باعث روہڑی کی فضا روحانی کیفیت میں ڈوبی رہی مرکزی جلوس روہڑی کے مختلف علاقوں جی ٹی روڈ، کربلا گیٹ، پرانہ بس اسٹینڈ چوک، لالا شہزادہ چوک، شاہی بازار، وار مبارک درگاہ گیٹ سے گزرا جہاں شہریوں اور عاشقان رسول ﷺ نے جلوس کا والہانہ استقبال کیا جلوس کے راستے میں جگہ جگہ ٹھنڈے پانی، شربت اور لنگر کی سبیلیں قائم کی گئی تھیں

70 سے زائد وارداتوں میں ملوث ملزم زخمی حالت میں گرفتار، دو فرار

لاہور (این این آئی) رائیونڈ کے علاقے میں اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کے لیے موجود پولیس ٹیم پر مشکوک موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کردی پولیس کی جوابی کارروائی کے دوران ایک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی گولی لگنے سے زخمی ہوگیا جبکہ دو ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق رائیونڈ پولیس ٹیم پھمبہ پلی کے قریب اشتہاری مجرموں کی گرفتاری کے لیے موجود تھی کہ موٹر سائیکل پر سوار تین مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا گیا

سرگودھا، تیز رفتار ٹرک اور کار کے تصادم میں ماں بیٹا جاں بحق اور 3 افراد شدید زخمی ہوگئے

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ٹرک اور کار کے تصادم میں ماں بیٹا جاں بحق اور 3 افراد شدید زخمی ہوگئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ جوہرآباد میں روڈہ آدھی کوٹ روڈ پر اڈا قادرآباد کے قریب تیز رفتار کار اور ٹرک کے تصادم میں کار سوار عارش اقبال اور اس کی ماں نازیہ جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہوگئے جن کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

روہڑی: جشن عید میلاد النبی کا مرکزی جلوس جی ٹی روڈ سے گزر رہا ہے جبکہ اختتام پر صاحبزادہ الحاج محمد عبیداللہ قریشی سرپرست جشن عید میلاد النبی ﷺ کمیٹی انجمن فدائیان رسول روہڑی دعا کر رہے ہیں

میر علی نواز زہری کے والد محترم حاجی غلام مصطفیٰ زہری کے انتقال پر تعزیت

میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر علی اصغر زہری، پیپلز پارٹی ضلع حب کے جنرل سیکرٹری میر علی اکبر زہری و دیگر نے تعزیت کی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر علی نواز زہری کے والد محترم حاجی غلام مصطفیٰ زہری کے انتقال پر حب و لسبیلہ سے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات، پیپلز پارٹی ضلع حب و لسبیلہ کے عہدیداروں اور کارکنان نے غلام حیدر شاہ کالونی نذد بختاور پارک نواب شاہ میں واقع ان کی رہائش گاہ پر جاکر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی تعزیت کرنے والوں میں اے ڈی سی حب علی رضا کھوسہ ڈسٹرکٹ چیئرمین حب جاوید جمالی، چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی، ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان و پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر علی اصغر زہری، پیپلز پارٹی ضلع حب کے جنرل سیکرٹری میر علی اکبر زہری، حاجی ملوک بنگلزئی، دلبر جمالی، جانی چند، غلام حسین کورائی، اللہ واریا، عبدالقادر زہری، میر الطاف زہری، میر یونس لہڑی، حاجی عبدالغنی چنال، رفیق احمد چنال، نائب غلام مصطفیٰ چنال، میر علی گوہر زہری، ڈی ایس پی وزیر احمد بروہی، وڈیرہ بشیر احمد بروہی، علی گل بروہی، لالا حسین بروہی، پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن ضلع حب کے صدر نعمان بھنگر، فیصل جان بزنجو سمیت دیگر شامل تھے

عید میلاد النبی ﷺ بھرپور مذہبی جوش و جذبے، عقیدت و احترام سے منایا گیا

گولارچی میں سینکڑوں ٹریکٹروں کی منفرد ریلی نکالی گئی

بدین (نامہ نگار) جشن عید میلاد النبی ﷺ کے پرمسرت اور روح پرور موقع پر ضلع بدین میں عاشقانِ رسول ﷺ کی جانب سے مذہبی جوش و جذبے، عقیدت و احترام اور محبتِ رسول ﷺ کے بھرپور اظہار کے ساتھ مختلف محافل، جلوسوں اور ریلیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ تحصیل گولارچی میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اپنی نوعیت کی منفرد اور شاندار ٹریکٹر ریلی نکالی گئی، جس میں 500 سے زائد ٹریکٹرز نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے والہانہ عقیدت و محبت کا اظہار کیا۔ ٹریکٹر ریلی کا تقریبا 40 کلومیٹر طویل سفر گولارچی سے شروع ہو کر کڑیو گھنور اور کھوڑواہ تک جاری رہا۔ ریلی جب مختلف علاقوں سے گزری تو شہریوں اور عاشقانِ رسول ﷺ نے اس کا والہانہ استقبال کیا اور شرکا پر پھول نچھاور کیے۔ ریلی کے دوران فضا درود و سلام اور لبیک یا رسول اللہ ﷺ کی صداوں سے گونجتی رہی، جبکہ ٹریکٹرز پر سبز پرچم، جھنڈیاں اور عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے مختلف بینرز اور سجاوٹ نمایاں تھی۔ گولارچی سے کھوڑواہ تک سیکڑوں ٹریکٹرز پر مشتمل اس منفرد ریلی نے ہر طرف توجہ حاصل کی اور شرکا نے عید میلاد النبی ﷺ کی خوشی میں محبتِ رسول ﷺ، اتحاد اور عقیدت کا خوبصورت پیغام دیا۔ بدین شہر میں جشنِ ولادتِ باسعادت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں بدین میں مرکزی میلاد کمیٹی کی میزبانی میں عظیم الشان میلاد جلوس نکالا گیا، جس میں ہزاروں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی۔ جلوس کے دوران درود و سلام اور لبیک یا رسول اللہ ﷺ کی صدائیں بلند ہوتی رہیں۔ مرکزی جماعت اہلِ سنت پاکستان ضلع بدین، عیدگاہ کمیٹی بدین، جماعت ابراہیمیہ نقشبندیہ، خلیلی جماعت، نشت تنظیم جماعت لواری شریف، جماعت قادری جیلانی، جمعیت علمائے مجددیہ نعیمیہ، سنی تحریک، انجمن عاشقانِ مصطفیٰ بدین، محمودی قادری جماعت، انجمن صلِ علی الحبیب، نورانی اکیڈمی بدین، مدرسہ صبغ العلوم، مدرسہ زینت العلوم، انجمن رضائے مصطفیٰ، درگاہ مہاویلی جماعت سمیت مختلف مذہبی، سماجی اور تاجر تنظیموں کی جانب سے مشترکہ طور پر مرکزی میلاد جلوس کا اہتمام کیا گیا۔ جلوس آغا خان لیبارٹری بدین سے شروع ہوکر پیر جان آغا جان سرہندی مجددی فاروقی، مفتی احمد صادق نعیمی بغدادی، علامہ حبیب اللہ جت نعیمی، حاجی عزیز اللہ میمن، سید علی اصغر شاہ، حافظ محمد میمن، ریحان فرید شیخ، حافظ محمد خان خانانی، سید عبدالرحمان شاہ، مولانا محبت علی جامی، مولانا یونس ابڑو نقشبندی، حاجی نالی مٹھو قادری، غلام نبی میمن، حاجی حسین بخش میمن، محمد امین کٹی اور دیگر رہنماں کی قیادت میں نکالا گیا۔ میلاد جلوس جامع مسجد سبزی منڈی بدین سے روانہ ہوا اور شاہنواز چوک، قاضیہ واہ موڑی، مہران چوک، اللہ والا چوک اور ہائی وے کالونی سے ہوتا ہوا دوبارہ شاہنواز چوک پہنچا، جہاں جلوس نے جلسے کی شکل اختیار کرلی۔

حکومت کے بڑھتے ہوئے قرضے ملکی معیشت پر دباؤ کا باعث ہیں، پیاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے بانی میاں شفقت علی، پیٹرن چیف پیاف انجینئر سہیل لاشاری، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن اور چیئرمین ایسوسی ایٹ کلاس فرخ احسان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مالیاتی خسارے کا جی ڈی پی کے 2.6 فیصد تک آنا حوصلہ افزاء ہے تاہم محض ایک سال کے بہتر اعداد و شمار کو معاشی مسائل کے مستقل حل سے تعبیر نہیں کیا جاسکتا،

چوآ سیدن شاہ، تیز رفتار موٹر سائیکل اونٹ سے ٹکرا گئی، ایک شخص جاں بحق

تلہ گنگ (این این آئی) چوآ سیدن شاہ، تیز رفتار موٹر سائیکل اونٹ سے ٹکرا گئی، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی ریسکیو 1122 کا بروقت رسپانس۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو کمانڈ اینڈ کنٹرول روم چکوال کو اطلاع موصول ہوئی کہ تحصیل چوآ سیدن شاہ کے علاقہ رتوچھہ گاں کے قریب ایک تیز رفتار موٹر سائیکل اونٹ سے ٹکرا گئی،

روہڑی: بی آئی ایس پی نشوونما مرکز کا اچانک معائنہ، مستحقین کی شکایات سنی گئیں

بی آئی ایس پی نشوونما مرکز میں موجود عملے اور غذائی سپلیمنٹس کے اسٹاک کی موقع پر جسمانی طور پر تصدیق بھی کی گئی

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) روہڑی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فرقان علی شاہ نے تعلقہ روہڑی میں قائم بی آئی ایس پی نشوونما مرکز کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مرکز پر موجود مستحق خواتین اور دیگر beneficiaries سے ملاقات کی اور ان سے مرکز پر فراہم کی جانے والی سہولیات، عملے کے رویے اور غذائی سپلیمنٹس کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے مستحقین سے براہِ راست گفتگو کرتے ہوئے دریافت کیا کہ انہیں نشوونما پروگرام کے تحت غذائی سپلیمنٹس بروقت فراہم کیے جا رہے ہیں یا نہیں، جبکہ عملے کے رویے اور مرکز میں درپیش کسی بھی مسئلے کے بارے میں بھی معلومات حاصل کی گئیں۔ مستحقین نے اپنے مسائل اور شکایات سے بھی آگاہ کیا، جنہیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے غور سے سنا اور ان کے بروقت ازالے کی یقین دہانی کرائی دورے کے دوران بی آئی ایس پی نشوونما مرکز میں موجود عملے اور غذائی سپلیمنٹس کے اسٹاک کی موقع پر جسمانی طور پر تصدیق بھی کی گئی۔ اسٹاک کے ریکارڈ اور دستیاب مقدار کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنایا گیا

حب۔ ایس ایچ او حب سٹی تھانہ عبدالصمد زہری کی نگرانی میں اسنیپ چیکنگ ہورہی ہے

نشے کی حالت میں برکت علی ولد عبدالغنی نے خود کو آگ لگا کر جھلسا لیا

جھرک تھانے کی حدود میں کچی شراب کے مبینہ کاروبار نے شہریوں میں تشویش پیدا کردی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) جھرک تھانے کی حدود میں کچی شراب کے مبینہ کاروبار نے شہریوں میں تشویش پیدا کردی ہے، جبکہ پولیس کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ جھرک تھانے کی حدود میں واقع گاں حاجی سومار میر بحر میں مبینہ طور پر نشے کی حالت میں برکت علی ولد عبدالغنی نے خود کو آگ لگا کر جھلسا لیا۔ ورثا نے اسے تشویشناک حالت میں سول اسپتال مکلی منتقل کیا، جہاں سے حالت مزید خراب ہونے کے باعث اسے جناح اسپتال کراچی ریفر کردیا گیا ہے۔ مقامی رہائشیوں کا کہنا ہے کہ جھرک تھانے کی حدود میں کچی شراب اور دیگر منشیات کی مبینہ فروخت کے باعث کئی گھر تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، جبکہ کچی شراب کی سرعام فروخت کے حوالے سے پولیس کی کارکردگی پر بھی سخت سوالات اٹھ رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا الزام ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے کے بجائے مبینہ طور پر منتھلی وصول کی جاتی ہے، جس کے باعث کچی شراب کا کاروبار بڑھتا جارہا ہے۔ رہائشیوں کے مطابق منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال کے باعث پولیس اہلکاروں پر نشے کے عادی افراد کی جانب سے حملوں کے واقعات بھی سامنے آرہے ہیں،

ایران نئی لڑائی کیلئے امریکی انتخابات کی ٹائم لائن کا انتظار نہیں کریگا، مختار حداد

تہران (این این آئی) ایرانی سینئر صحافی مختار حداد نے کہا ہے کہ امریکی وزیرِ خارجہ کے ایران پر فوری نئے حملے نہ کرنے سے متعلق بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ واشنگٹن موجودہ کشیدگی کو وسط مدتی انتخابات تک محدود رکھنے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ مختار حداد نے عرب میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا کی جانب سے انتخابات کے بعد وسیع فوجی کارروائی دوبارہ شروع کی جاسکتی ہے، ایران امریکا کے انتخابات گزرنے کا انتظار نہیں کرے گا

پولیس اسٹیشن بی سیکشن شہدادکوٹ کی حدود نیو بائی پاس روڈ سے پولیس کا کرمنلز سے مقابلہ

زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کے قبضے سے ایک عدد پسٹل بمع میگزین برآمد

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) پولیس مقابلہ رات گئے پولیس اسٹیشن بی سیکشن شہدادکوٹ ضلع قمبر شہدادکوٹ کی حدود نیو بائی پاس روڈ سے پولیس کا کرمنلز سے مقابلہ۔ بدنام زمانہ ڈاکو رستم بھٹی زخمی حالت میں گرفتار۔ زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کے قبضے سے ایک عدد پسٹل بمع میگزین برآمد۔ زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کی شناخت رستم ولدیت غلام رسول بھٹی سکنہ گاؤں گہنو خان بھٹی تحصیل شہدادکوٹ ضلع قمبر شہدادکوٹ کے طور پر ہوئی ہے۔ زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو ضلع قمبر شہدادکوٹ میں ڈکیتی و دیگر جرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ایکٹو کرمنل ہے۔ زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کے خلاف رہزنی، ڈکیتی، پولیس مقابلے سمیت سنگین نوعیت کے دس مقدمات درج ہیں۔

سوراب بجلی بندش کے خلاف میں آر سی ڈی شاہراہ بند ہے دوسری طرف عوام اپنا احتجاج ریکارڈ کروا رہے ہیں

لاہور ٹیکس بار کے عہدیداروں کی چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو، آر ٹی او II- فضاء بتول سے ملاقات

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو، آر ٹی او II- لاہور فضاء بتول سے ملاقات کی جس میں ٹیکس پریکٹیشنرز اور ٹیکس دہندگان کو درپیش بنیادی مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ لاہور ٹیکس بار کے وفد میں صدر رانا ثاقب منیر، نائب صدر میاں عثمان جاوید، جنرل سیکرٹری محمد فاروق گجر، فنانس سیکرٹری سعد ایوب خان اور جوائنٹ سیکرٹری علی رضا چیمہ شریک تھے۔ چیف کمشنر نے مسائل کے فوری ازالے اور ٹیکس دہندگان کو موثر سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی

صنعتی اداروں کا زہریلا پانی کینجھر جھیل کی جانب بڑھنے لگا

بارشوں کے دوران کیمیکل زدہ زہریلا پانی برساتی نالوں اور دریاں کے ذریعے کینجھر جھیل تک پہنچ رہا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) نوری آباد کے صنعتی اداروں کے مل ایریاز سے خارج ہونے والے کیمیکل زدہ گندے اور زہریلے پانی کا رخ صنعتی اداروں کی انتظامیہ کی جانب سے برساتی نالوں اور دریاں کی طرف موڑے جانے کے باعث یہ زہریلا پانی کینجھر جھیل کی جانب بڑھنے لگا ہے۔ اس صورتحال کے باعث ماحولیاتی آلودگی کے ساتھ ساتھ آبی حیات، جنگلی جانوروں اور مقامی آبادی کو بھی خطرات لاحق ہوگئے ہیں، جبکہ زہریلا پانی پینے اور آلودہ گھاس چرنے کے باعث مویشی بھی مختلف وبائی بیماریوں کا شکار ہونے لگے ہیں۔ کوہستان کا قدرتی اور صحت بخش ماحول بھی شدید متاثر ہورہا ہے۔ اس سلسلے میں کوہستان کے سیاسی و سماجی رہنما ڈاکٹر لکمیر خان پالاری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوری آباد کے صنعتی علاقوں سے نکلنے والے کیمیکل زدہ گندے پانی کی مناسب نکاسی نہ ہونا ماحول اور انسانی صحت کے لیے تشویشناک مسئلہ بن چکا ہے۔ متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیں۔ ڈاکٹر لکمیر خان پالاری نے کہا کہ صنعتی اداروں کی انتظامیہ کی جانب سے گندے پانی کی نکاسی کے مناسب انتظامات نہ ہونے کے باعث بارشوں کے دوران کیمیکل زدہ زہریلا پانی برساتی نالوں اور دریاں کے ذریعے کینجھر جھیل تک پہنچ رہا ہے،

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
جمعہ 28 اگست 2026، بمطابق 14 ربیع الاول 1448ھ

ہر قیمت پر عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے، جعفر مندوخیل

دہشت اور وحشت پر مبنی ذہنیت کے تہہ تک پہنچنے اور اسکے خاتمے کو یقینی بنانے کا وقت آ پہنچا ہے۔ ہمارے پرامن اور انسان دوست صوبے میں خوف اور افراتفری پھیلانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے

عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور سرکاری املاک کو نقصان سے بچانے کیلئے ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے بالخصوص زیادہ ٹریفک والے علاقوں، عوامی مقامات، قومی شاہراہوں اور بس آڈوں پر ہر وقت اور ہر جگہ چوکس رہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ دہشت اور وحشت پر مبنی ذہنیت کے تہہ تک پہنچنے اور اسکے خاتمے کو یقینی بنانے کا وقت آ پہنچا ہے۔ ہمارے پرامن اور انسان دوست صوبے میں خوف اور افراتفری پھیلانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پائیدار امن ہی ایک تہذیب یافتہ معاشرہ کا رہنما اصول ہے جو معاشرت، معیشت اور عوامی سیاست کو سچی بنیادیں فراہم کر کے ہمارے آگے کے راستے کو روشن کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور سرکاری املاک کو نقصان سے بچانے کیلئے ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے بالخصوص زیادہ ٹریفک والے علاقوں، عوامی مقامات، قومی شاہراہوں اور بس آڈوں پر ہر وقت اور ہر جگہ چوکس رہیں اور پائیدار امن کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔ ہمیں ہر قیمت پر اپنے عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے تاکہ عام آدمی خوف و ڈر کی فضا سے آزاد ہو کر اپنے بچوں کیلئے دو وقت کی روٹی روزی کمانے میں مشغول رہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہ ہر شہری کا قومی فریضہ بنتا ہے کہ وہ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے میں ہمارا ساتھ دیں تاکہ ہمارا صوبہ پورے خطے میں امن و آشتی کا مثالی گہوارہ بن جائے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

تمباکو نوشی صرف ایک عادت نہیں، صحت، معیشت اور معاشرت پر حملہ ہے، مریم نواز

سکولوں، ہسپتالوں اور دیگر عوامی مقامات کو تمباکو سے پاک بنانے کے لیے قانونی اقدامات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یومِ انسدادِ تمباکو پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تمباکو نوشی وبا ہے، اپنی زندگیوں، گھروں اور پیاروں کو تمباکو کے زہر سے محفوظ رکھیں۔ تمباکو کا ہر کش، ایک نئی بیماری کی طرف قدم اور ہر سگریٹ ہماری نسلوں کے مستقبل کو دھوئیں میں لپیٹ دیتا ہے۔ تمباکو نوشی صرف ایک عادت نہیں بلکہ صحت، معیشت اور معاشرت پر حملہ ہے

زائد المیعاد شناختی کارڈز پر جاری سمز فوری بلاک کرنے کا فیصلہ

وزارت داخلہ کی جانب سے تمام متعلقہ اداروں کو شہریوں کی بائیومیٹرک معلومات کی علیحدہ اسٹوریج بند کرنے کی ہدایات جاری کی جائیں گی

ملک بھر میں چہرہ شناسی (فیشل ریکگنیشن) ٹیکنالوجی کے نفاذ کو 31 دسمبر 2025 تک یقینی بنایا جائے، اس عمل کی نگرانی وزارت داخلہ کرے گی، محسن نقوی کا نادرا ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

اسلام آباد (اے ایف پی) وزارت داخلہ نے ملک بھر میں زائد المیعاد شناختی کارڈز پر جاری تمام سمز کو فوری طور پر بلاک کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کرتے ہوئے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں بڑے فیصلے کیے گئے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیکٹر آئی 8 میں 10 منزلہ نادرا میگا سینٹر کا سنگ بنیاد رکھا، جس کی تکمیل جون 2026 میں متوقع ہے۔ اجلاس میں زائد المیعاد شناختی کارڈز پر جاری تمام سمز کو فوری طور پر بلاک کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پہلے مرحلے میں 2017 یا اس سے پہلے کے شناختی کارڈز پر جاری سمز بند کی جائیں گی جبکہ اگلے مراحل میں 2017 کے بعد کے منسوخ شدہ کارڈز پر بھی یہی پالیسی لاگو کی جائے گی تاکہ صرف فعال شناختی کارڈز پر ہی سمز جاری رہیں۔ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کا کہنا تھا کہ پی ٹی اے کے تعاون سے ان موبائل سمز کو بلاک کیا جا رہا ہے جو وفات پا جانے والے افراد یا میعاد ختم شدہ شناختی کارڈز کے حامل افراد کے نام پر رجسٹرڈ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مختلف سرکاری محکمے اور سروس فراہم کنندگان شہریوں کی بائیومیٹرک معلومات اپنی مقامی ڈیٹا بیسز میں محفوظ کر رہے ہیں، جس سے یہ حساس معلومات غلط استعمال اور چوری کے خطرے سے دوچار ہیں۔ نادرا کے محفوظ اور تصدیق شدہ ڈیٹا بیس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فیشل ریکگنیشن نظام کا استعمال کیا جائے۔ چیئرمین نادرا نے کہا کہ خاص طور پر ان شہریوں کی مدد کے لیے جنہیں فنگر پرنٹس کی تصدیق میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ وزارت داخلہ کی جانب سے تمام متعلقہ اداروں کو شہریوں کی بائیومیٹرک معلومات کی علیحدہ اسٹوریج بند کرنے کی ہدایات جاری کی جائیں گی۔ وزیر داخلہ نے ہدایت کی

ملک کو امت محمدی اور شریعت محمدی کا پاکستان بنا کر خاندانی نظام کو ختم کریں گے، سراج الحق

اس ملک میں اسلامی نظام۔ جمہوریت کی بقا اور عادلانہ نظام کے قیام کی جدوجہد میں مصروف عمل ہیں

ظلم کا خاتمہ، کفر کا خاتمہ، سودی نظام کا خاتمہ، مخلوط نظام تعلیم کا خاتمہ کر کے عدالتوں میں اسلامی نظام لائیں گے پھر ہی خوشحال اور ترقی یافتہ ملک کا تصور پورا ہوگا

سرگودھا (جی این ایم) جماعت اسلامی پاکستان نے ملک کو مسلک، لسانیت، قومیت، علاقائیت سے نکال کر پاکستان کو شریعت اور امت محمدی کے مطابق بنا کر ظلم، کفر، سود، مخلوط نظام تعلیم کے خاتمہ کا عزم کرتے ہوئے عدالتوں میں اسلامی نظام کو لانے کا اعلان کر دیا۔ جماعت اسلامی کے سابق مرکزی امیر سینیٹر سراج الحق سابق نے جماعت اسلامی پاکستان 83 ویں یوم تاسیس پر سرگودھا استحکام پاکستان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو امت محمدی اور شریعت محمدی کا پاکستان بنا کر خاندانی نظام کو ختم کریں گے جس سے ظلم کا خاتمہ، کفر کا خاتمہ، سودی نظام کا خاتمہ، مخلوط نظام تعلیم کا خاتمہ کر کے عدالتوں میں اسلامی نظام لائیں گے پھر ہی خوشحال اور ترقی یافتہ ملک کا تصور پورا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک میں اسلامی نظام۔ جمہوریت کی بقا اور عادلانہ نظام کے قیام کی جدوجہد میں مصروف عمل ہیں اور اس جدوجہد کو تکمیل تک جاری رکھیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس ملک کو ایسا ملک بنائیں گے جہاں قانون کی بالادستی ہو، انصاف کی حکمرانی ہو، ہر بچہ تعلیم حاصل کرے، کسان کو اس کا حق ملے اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک سے مہنگائی، بے روزگاری، ناانصافی، ٹیکسز کی بھرمار اور بنیادی حقوق سمیت تمام مسائل کا حل صرف اسلامی نظام حکومت میں مضمر ہے اور اس کام کے لئے جماعت اسلامی کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا جماعت اسلامی پاکستان کی سب سے منظم دیانت دار اور جمہوری جماعت ہے جس کی تاریخ امانت دیانت اور خدمت کی گواہ ہے۔ اس تقریب سے امیر جماعت اسلامی پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، امیر ضلع میاں اویس قاسم تلہ۔ نائب امیر عامر چیمہ امیر شہر اختر رسول چوہدری اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے مشن اور جدوجہد کو جاری رکھنے کا عزم کرتے ہوئے پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الا اللہ کے نعرے کو بلند رکھا۔

بلوچستان حکومت دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کا پیچھا کریگی، عبید گورگیج

کوئٹہ (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے موسیٰ خیل کے قریب پیش آنے والے دہشت گردی کے بدترین واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے 23 افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ موسیٰ خیل کے قریب دہشتگردوں نے معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا۔ حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کا پیچھا کریگی۔

تاجر دوست اسکیم کو مسترد کرتے ہیں بلکہ یہ تاجر دشمن اسکیم ہے، کاشف چوہدری

تمام جائز مطالبات کے حصول اور ناروا ٹیکسز کے خلاف 28 اگست کو ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ تاجر دوست اسکیم کو مسترد کرتے ہیں بلکہ یہ تاجر دشمن اسکیم ہے حکومت تاجر دوست اسکیم کی واپسی اور بجلی کے بلوں پر لگائے گئے ٹیکسز کو ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کرے اور آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدے ختم کرنے کا واضح لائحہ عمل طے تو پھر چارٹر آف ڈیمانڈ کے دیگر نکات پر مذاکرات پر غور کر سکتے ہیں۔ تمام جائز مطالبات کے حصول اور ناروا ٹیکسز کے خلاف 28 اگست کو ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر تنظیم تاجران پاکستان و بلوچستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا، مرکزی انجمن دکانداران کے صدر امر دین آغا، چیئرمین مرکزی انجمن تاجران بلوچستان حاجی خدائے دوست، مرکزی سیکرٹری انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل رحیم آغا گروپ ولی افغان، تاجر اتحاد بلوچستان کے صدر سید حیدر آغا، حاجی میر حمزہ خلجی، حاجی محمد زاہد، ٹکری عبدالحمید بنگلزئی، قسیم آغا، سیف الدین نثار، کاشف حیدری، امیر محمد، سید عبدالمنان، سعد اللہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان تجارت کے حوالے سے اہم اور معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے۔ بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے بے روزگاری انتہاء کو پہنچ چکا ہے صحت کی سہولیات ناپید ہے۔ انڈسٹریل زون قائم کر کے روزگار کی فراہمی اور تجارت کے فروغ کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

وزیر خزانہ کا مشیر اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز مقرر کرنے کا فیصلہ

کامیاب امیدوار کو سپیشل پروفیشنل پے سکیل ون کے برابر تنخواہ ملے گی جو 15 سے 20 لاکھ روپے مقرر ہے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے مشیر برائے اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز مقرر کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خزانہ ڈویژن نے بتایا ہے کہ مشیر اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز کے خواہش مند امیدواروں سے 9 ستمبر 2024 تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں، خواہشمند امیدواروں کو عہدے کے لیے نیشنل جاب پورٹل کے ذریعے آن لائن درخواست دینا ہوگی، کامیاب امیدوار کو سپیشل پروفیشنل پے سکیل ون کے برابر تنخواہ ملے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ سپیشل پروفیشنل پے سکیل کی تنخواہ 15 سے 20 لاکھ روپے مقرر ہے، اسامی کے لیے کم از کم تعلیمی قابلیت فنانس، اکنامکس یا متعلقہ فیلڈ میں ماسٹر ڈگری مقرر کی گئی ہے، شارٹ لسٹڈ امیدواروں کو طے شدہ قواعد کے تحت انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا، مشیر کی تقرری دو سال کے لیے اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز یونٹ میں کی جائے گی، دو سالہ کنٹریکٹ جاب والے مشیر کو کارکردگی کی بنیاد پر توسیع مل سکے گی۔

اے سی چمن امتیاز بلوچ شہر میں منشیات فروشوں کیخلاف کاروائی کر رہے ہیں

مرغی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام پر مہنگائی کا بم گرا دیا گیا

سویابین کی قیمت میں 50 روپے کمی کے باوجود فیڈ کی قیمت کم نہیں کی گئی، فارمرز کا احتجاج

لاہور (این این آئی) برائلر گوشت کی قیمت میں اضافہ کی بنیادی وجہ سامنے آ گئی، پولٹری انڈسٹری کی بنیادی اکائی چوزے کی قلت کی وجہ سے بحران کی صورتحال پیدا ہوئی، پنجاب میں چوزے کی قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ بتایا گیا ہے کہ نجی کمپنیوں کی اجارہ داری کی وجہ سے مارکیٹ میں چوزہ نہ صرف مہنگا ہے بلکہ اس کی قلت بھی پیدا ہو گئی ہے، چوزے کی قیمت کم ہوئے بغیر مرغی کے گوشت کی قیمت میں کمی ممکن نہیں، مرغی کے چوزے کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے تاہم مارکیٹ میں اب مہنگا چوزہ بھی دستیاب نہیں، کئی روز سے چوزہ نہ ملنے کی وجہ سے فارمز میں نیا چوزہ نہیں ڈالا گیا جس وجہ سے مرغی کی نئی کھیپ بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ سرکاری نرخنامے میں برائلر گوشت کی قیمت 595 روپے مقرر ہے تاہم گزشتہ روز بھی مختلف مقامات پر اس کی 700 سے 720 روپے کلو تک فروخت کی گئی۔ فارمرز کا کہنا ہے کہ فیڈ کی قیمت کم کرنے کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا ہے، ہمارا مطالبہ تھا کہ سویابین کی قیمت میں کمی کے ذریعے مرغی کی فیڈ کی قیمت میں کمی کی جائے، سویابین کی قیمت میں پچاس روپے کمی کی گئی جس سے سویابین کی قیمت 230 روپے سے کم ہو کر 180 روپے کلو ہو گئی، سویابین کی قیمت میں کمی کے باوجود فیڈ کی قیمت کم نہیں کی گئی۔ ادھر مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا، پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں سبزیاں سرکاری نرخوں کے برعکس مہنگے داموں فروخت کی جانے لگیں۔ سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کی قیمت 140 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ مارکیٹ میں پیاز 160 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے۔ ٹماٹر کے سرکاری نرخوں میں پانچ روپے کمی کے بعد قیمت 180 روپے کلو مقرر کی گئی ہے لیکن مارکیٹ میں ٹماٹر 220 روپے، آلو 70 روپے کے بجائے 80 روپے فی کلو میں بیچا جا رہا ہے۔

امسال انسٹیٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کی او پی ڈی میں 149893 مریضوں کا معائنہ کیا گیا

پشاور (این این آئی) امسال انسٹیٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کی او پی ڈی میں 149893 مریضوں کا معائنہ کیا گیا جبکہ ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 26836، نیفرالوجی کے 40873۔ یورولوجی کے 82184 مریضوں کو ہسپتال کی تمام سہولیات فراہم رہیں۔ میڈیا سیل ایم ٹی آئی ایچ ایم سی پشاور کے مطابق ہسپتال میں 7149 مریضوں کو داخل کیا گیا اور 7940 مریضوں کی چھوٹے بڑے اپریشنز کئے گئے۔ لیبارٹری کے 433698 اور ریڈیالوجی 57357 مریضوں کو سہولیات دستیاب رہیں۔ علاوہ ازیں 27369 مریضوں کو ڈائلیسس کی مفت سروسز فراہم کی گئی

پرتشدد رویوں کو قطعی طور پر حقوق کی جنگ نہیں کہا جا سکتا، سابق وزیر اعلیٰ میر علی مردان خان ڈومکی

بلوچستان میں پائیدار قیام کے لئے اقدامات کو بار آور بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے مستونگ کھڈ کوچہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں گزشتہ شب پیش آنے والے پرتشدد واقعات کی سخت مذمت کرتے ہوئے بے گناہ افراد کے قتل پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کا کہنا تھا کہ پرتشدد رویوں کو قطعی طور پر حقوق کی جنگ نہیں کہا جا سکتا، گزشتہ روز کے جانی و مالی نقصانات سے ہر ذی شعور کو دلی دکھ اور افسوس ہوا ہے ایسے واقعات سے پاکستان کی مختلف اکائیوں میں نفرتیں تو پیدا ہو سکتی ہیں لیکن اس سے کسی قسم کے حقوق حاصل نہیں ہو سکتے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اپنی قبائلی و مہمان نوازی کی روایات ہیں لیکن حالیہ واقعات سے یہاں کی روایات کو بھی ذک پہنچی ہے اور صوبے کا روایتی و قبائلی تشخص مجروح ہوا ہے سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کی سرزمین ہے جس پر ہمارے آباؤ اجداد کی قبریں ہیں اور ہمارا رہن سہن اسی دھرتی سے وابستہ ہے بلوچستان میں پائیدار قیام کے لئے اقدامات کو بار آور بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، پرتشدد و لسانی بنیادوں پر نفرتوں کے بجائے امن و ترقی کے لئے وسیع البنیاد پارلیمانی جدوجہد کی ضرورت ہے جس میں سیاسی ڈائیلاگ کا فروغ انتہائی ضروری ہے

انٹرنیٹ کی کم اسپیڈ، وزراء پی ٹی اے کے بیانات میں تضاد ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

آئی ٹی بارے کام انٹرنیٹ کی مرہون منت، وزراء کے متضاد بیانات سے قوم کنفیوژن کا شکار ہے

اب یہ پرانا دور نہیں جب ایک فون خراب ہوتا تھا تو خراب ہی ہے، عدالت جاننا چاہتی ہے یہ ہو کیا رہا ہے؟، چیف جسٹس عامر فاروق کے ریمارکس

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی اے کی جانب سے انٹرنیٹ کی سست روی پر تسلی بخش جواب نہ دینے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے 3 ستمبر کو حکومت سے تفصیلی رپورٹ، ممبر ٹیکنیکل وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا جبکہ ریمارکس دیئے ہیں کہ آئی ٹی سے متعلق کام انٹرنیٹ کی مرہون منت ہیں، وزراء کے متضاد بیانات سے قوم کنفیوژن کا شکار ہے، اب یہ پرانا دور نہیں جب ایک فون خراب ہوتا تھا تو خراب ہی ہے، عدالت جاننا چاہتی ہے یہ ہو کیا رہا ہے؟۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیف جسٹس عامر فاروق نے فائر وال کی تنصیب اور انٹرنیٹ کی سست رفتار سے متعلق سینئر صحافی حامد میر کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے وکیل ایمان مزاری عدالت میں پیش ہوئیں۔ چیف جسٹس نے وکیل آئی ٹی سے استفسار کیا کہ انٹرنیٹ سلو کیوں ہے؟، وکیل آئی ٹی نے جواب دیا مجھے اس سے متعلق معلومات نہیں ہیں جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کو علم نہیں تو روسٹرم چھوڑ دیں، اس موقع پر اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ سب میرین کیبل خراب ہوئی ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا ہماری ہی کیبل خراب ہوتی ہے؟، یہاں نہ درخواست گزار کو علم ہے نہ ہی کورٹ میں آئے لوگوں کو معلوم ہے ہو کیا رہا ہے؟، اگر کیبل خراب ہے تو اس کو ٹھیک کرنے کی ذمہ داری کس کی ہے۔ پی ٹی اے وکیل نے عدالت میں بتایا کہ یہ بہت سی کمپنیوں کی ذمہ داری ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ باقی باتیں چھوڑیں، آئی ٹی سے متعلق کام انٹرنیٹ کی مرہون منت ہیں، انٹرنیٹ سے جڑا معاشی نقصان ہوا ہے، فری لانسنگ بہت نوجوانوں کا ذریعہ معاش ہے جو انٹرنیٹ نہ ہونے سے متاثر ہو رہا ہے، آپ ایک طرف سے کہتے ہیں پاکستان میں انٹرنیٹ بینکنگ کریں دوسری طرف انٹرنیٹ نہیں چل رہا۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا پہلے ایک سب میرین کیبل کٹی تھی جو 28 کو ٹھیک ہوئی، پھر دوسری کیبل کٹی جس کو ٹھیک ہونے میں مہینہ لگے گا رات کو ایک میسج آیا ایک اور سب میرین کٹ گئی ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ لاہور میں بھی ایسی درخواست ہے، نہ وہاں کوئی ذمہ داری قبول کر رہا نہ یہاں۔ وکیل پی ٹی اے نے کہا کہ اگر مجھے صحیح بریف نہ کیا گیا تو میں ان کو ریپریزنٹ نہیں کروں گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اگر کیبل کٹی ہوئی ہے تو مجھے چھوڑیں آپ نے عوام کو کیوں نہیں بتایا، عدالت نے اٹارنی جنرل سے کہا پچھلے دس دن کے اخبارات دیکھیں، وزراء اور پی ٹی اے کے چیئرمین کے بیانات میں تضاد ہے، کبھی فائر وال ہے کبھی فائر وال نہیں ایک وزیر ایک دن ایک، دوسرے دن دوسرا بیان دیتا ہے پوری قوم کنفیوژ ہے، کاروباری کمیونٹی پچھلے دس دن سے شکایت کر رہی ہے، حکومت کہہ رہی ہے خراب ہے بس خراب ہے، اب یہ پرانا دور تو نہیں جب ایک فون خراب ہوتا تھا تو خراب ہی ہے۔ وکیل درخواست گزار ایمان مزاری نے بتایا کہ مخصوص موبائل ایپلی کیشنز کے فنکشنز کام نہیں کر رہے، مثلاً وائس ایپ پر تصویر اور وائس نوٹ نہیں سینڈ ہوتے جس کا سب میرین کیبل سے کوئی تعلق نہیں، اس پر عدالت نے کہا آپ عوام کو مس لیڈ کر رہے ہیں سمجھ نہیں آ رہی عوام کس کا یقین کریں، قوم جاننا چاہتی ہے کہ ہو کیا رہا ہے۔ چیئرمین پی ٹی اے نے کہا ہے

محفوظ النبی، رونق حیات کی زیر صدارت قائداعظم اور عزم سیمینار

ہم نے وہ قرض بھی اتار دیا جو واجب بھی نہیں تھا۔ جسٹس ضیا، ڈاکٹر افتخار، نصرت سلطانہ

کراچی (این این آئی) دہشت گردی کے خاتمے، پائیدار امن اور معاشی و سیاسی استحکام کے بغیر ملکی ترقی و خوش حالی ناممکن ہے سیاسی استحکام ہوا تو نیا سال ملکی ترقی و استحکام، مقبوضہ کشمیر و فلسطین کی آزادی کا سال ہوگا ملک جس دور سے گزر رہا ہے اس میں امن و استحکام کے لیے کام کرنے کی بہت اشد ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار محب قومی سماجی کونسل) ایم کیو ایس سی (پاکستان کے زیر اہتمام قائداعظم اکیڈمی پاکستان، کراچی کے اشتراک سے اکیڈمی کے جناح ہال میں قائداعظم اور سال نو پر ملکی استحکام کے لیے عزم کے عنوان سے منعقدہ سیمینار و محفل مشاعرہ سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کیا سیمینار کے مہمانان خصوصی میں جسٹس ضیا پرویز، ڈاکٹر افتخار ملک ایڈوکیٹ، صاحبزادی بابائے پرچم نصرت سلطانہ اور اعزازی مہمانان خاص میں اسد آئی اے خان، سید نسیم شاہ ایڈوکیٹ، ڈاکٹر رانا خالد محمود قیصر، پروفیسر ساجدہ ظہیر شامل تھی اور شعرائے کرام میں الحاج نجمی، قمر الزماں صدیقی، کیپٹن ہادی رضوی، صدف اظہار، عشرت حبیبہ، شبانہ سحر و دیگر تھی جبکہ صدر سیمینار سول سوسائٹی کی معروف شخصیت محفوظ النبی خان اور صدر سیمینار ممتاز شاعر رونق حیات تھے اور سیمینار کی نظامت عاصم نیاز خان اور مشاعرے کی نظامت کے فرائض سید عبد الباسط نے انجام دئے

بھارتی حکومت کا چین کے ساتھ متنازع علاقے لداخ میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا اعلان

وزیر اعظم مودی کا ماننا ہے لداخ میں نئے اضلاع کے قیام سے بہتر انتظامیہ اور خوشحالی آئے گی

نئی دہلی (جی این ایم) بھارتی حکومت نے چین کے ساتھ متنازع علاقے لداخ میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا اعلان کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں بھارتی وزیر داخلہ امت شاہ نے بتایا ہے کہ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے ایک ترقی یافتہ اور خوشحال لداخ کی تعمیر کے وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے وزارت داخلہ نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا فیصلہ کیا ہے انہوں نے بتایا کہ نئے اضلاع کے نام زنسکار، دراس، شام، نوبرا اور چانگتھا نگ ہیں امت شاہ نے کہا کہ مودی حکومت لداخ کے لوگوں کے لیے بڑے پیمانے پر مواقع پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر داخلہ کی پوسٹ شیئر کرتے ہوئے نریندر مودی کا ماننا ہے کہ لداخ میں پانچ نئے اضلاع کا قیام بہتر انتظامیہ اور خوشحالی کی طرف ایک بڑا قدم ہے

ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کا کیس، چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کا صحت جرم سے انکار احتساب عدالت نے نیب کے گواہان کو شہادت کیلئے طلب کر لیا

احتساب عدالت کا تحریری حکم میں کہنا ہے کہ عدالت کسی قسم کی مزید تاخیر نہیں کرتی، اس سے پچھلی تاریخ پر محمد خان بھٹی کی میڈیکل گراؤنڈ پر حاضری معافی تھی

لاہور (جی این ایم) مبینہ کرپشن کیس میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت لاہور میں گجرات ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس پر سماعت کے دوران چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کی گئی تو سابق وزیر اعلیٰ پنجاب نے صحت جرم سے انکار کیا، جس پر احتساب عدالت نے نیب کے گواہان کو شہادت کیلئے طلب کر لیا اور مزید سماعت 21 جنوری تک ملتوی کر دی گئی، عدالت نے حاضری کیلئے چوہدری پرویز الٰہی کی جگہ انوار حسین کو پلیڈر مقرر کر دیا کیوں کہ ان کی جانب سے خرابی صحت کے باعث حاضری سے مستقل معافی کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ بتایا گیا ہے کہ احتساب عدالت لاہور نے تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس میں فرد جرم عائد کرنے کے لیے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کو 7 جنوری کو طلب کیا تھا، عدالت نے محمد خان بھٹی سمیت دیگر پر فرد جرم عائد کرنے کا تحریری حکم جاری کیا تھا، عدالت نے تحریری حکم میں کہا کہ ملزمان کی حاضری مکمل کرنے میں کافی دشواری ہے، تاریخ پر تمام ملزمان حاضر ہوتے اور عدالت فرد جرم عائد کرتی ہے، انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے عدالت محسوس کرتی ہے حاضر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے۔ بتایا جا رہا ہے کہ احتساب عدالت لاہور کے جج زبیر شہزاد کیانی نے پی ٹی آئی رہنما چوہدری پرویز الٰہی و دیگر کے خلاف ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن اور کک بیکس لینے کے ریفرنس کی سماعت کی تاہم سابق وزیر اعلیٰ پنجاب بیماری کی وجہ سے عدالت پیش نہ ہوئے۔ احتساب عدالت کا تحریری حکم میں کہنا ہے کہ عدالت کسی قسم کی مزید تاخیر نہیں کرتی، اس سے پچھلی تاریخ پر محمد خان بھٹی کی میڈیکل گراؤنڈ پر حاضری معافی تھی

ورلڈ بینک ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ، زرعی مشینری کیلئے 40 کروڑ ڈالرز قرض دیگا

قرض 1.5 فیصد مارک اپ پر ملے گا، 25 سال میں واپسی، گریس پریڈ 5 سال رکھا گیا ہے

لاہور (این این آئی) ورلڈ بینک نے پنجاب میں ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ اور زرعی مشینری کی فراہمی کیلئے 40 کروڑ ڈالرز کا سوفٹ لون دینے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ ذرائع کے مطابق ورلڈ بینک اور پنجاب حکومت کے درمیان معاہدہ طے پا گیا، ورلڈ بینک نے پبلک ٹرانسپورٹ وزرعی مشینری کی فراہمی کیلئے 40 کروڑ کے قرض کو ایگزیکٹو بورڈ کو بھجوا دیا، ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں شیڈول ہے۔ پنجاب حکومت نے ورلڈ بینک سے سوفٹ لون کے حصول کیلئے وفاق کی منظوری بھی حاصل کر لی،

فیصل کریم کنڈی سے سکھ کمیونٹی خیبر پختونخوا کے نمائندہ وفد کی ملاقات

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے سکھ کمیونٹی خیبر پختونخوا کے نمائندہ وفد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی ہے۔ باباجی گروپال سنگھ کی قیادت میں وفد نے گورنر کو سکھ کمیونٹی کو درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا۔ سکھ کمیونٹی کے وفد نے گورنر خیبر پختونخوا کو روایتی چادر بھی پہنائی۔ وفد نے شمشان گھاٹ اٹک اور شمشان گھاٹ باڑہ روڈ کی تعمیر کیلئے گورنر سے کردار ادا کرنیکی درخواست کی

دہشت گرد نسلی بنیادوں پر عوام کو تقسیم کرنے کی سازش کر رہے ہیں، راحیلہ ٹوانہ

بلوچستان میں ہونے والی دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث دہشت گردوں کا تعلق نہ کسی مذہب سے ہے اور نہ کسی قومیت سے

جیکب آباد (این این آئی) سابق صوبائی وزیر و ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی اور پاکستان اسٹیڈی سرکل کی چیئرپرسن راحیلہ ٹوانہ نے بلوچستان کے موجودہ حالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں نے ہمارے فوجی جوانوں اور عام پاکستانیوں کو جس انداز میں نشانہ بنایا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بلوچستان میں ہونے والی دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث دہشت گردوں کا تعلق نہ کسی مذہب سے ہے اور نہ کسی قومیت سے وہ صرف دہشت گرد ہیں جن کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے، بلوچستان میں بے گناہ لوگوں کو قتل کرنے والے اصل میں بلوچ قوم کے بھی دشمن ہیں، دہشت گرد بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ پیدا کر کے دشمن کو خوش کر رہے ہیں، حقوق کے حوالے دیکر دہشت گردی کرنے والے ملک و قوم کے دشمن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب جیکب آباد کے سابق صدر عبدالغنی کھوسہ کی قیادت میں ملنے والے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سابق ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی راحیلہ ٹوانہ نے مزید کہا

اورکزئی، صفائی کی ناقص صورتحال و مبینہ طور پر غفلت برتنے پر محکمہ زراعت کا ڈائریکٹر معطل

کوہاٹ (این این آئی) کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معتصم باللہ شاہ نے محکمہ زراعت توسیعی پروگرام کے زیر انتظام قبائلی ضلع اورکزئی میں واقع نرسریوں میں 50 ہزار سے زائد قابل کاشت پودے کاشت نہ کرنے، صفائی کی ناقص صورتحال اور مبینہ طور پر غفلت برتنے پر محکمہ کے متعلقہ ڈائریکٹر کو معطل کر دیا

قلات، گزشتہ شب مسلح افراد کے ساتھ جھڑپ میں شہید ہونیوالے پولیس و لیویز جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

شامی اپوزیشن گروپ حمص شہر پر حملے کی راہ ہموار کرنے میں مصروف

اپوزیشن گروپوں کی کسی بھی پیش قدمی کو ایران کی حمایت یافتہ حزب اللہ کی فورس کا سامنا ہوگا، شامی فوج

دمشق (این این آئی) شام میں مسلح اپوزیشن گروپوں کے اس اعلان کے ساتھ کہ وہ حمص کے وسطی حصے کے قریب پہنچ گئے ہیں، شہر کی فضاں میں ڈرون طیاروں کے جھنڈ دیکھے گئے۔ عرب ٹی وی کے ذرائع نے آج ہفتے کے روز بتایا کہ اپوزیشن گروپ "شاہین" ڈرون طیاروں کے ذریعے شہر پر حملے کی راہ ہموار کر رہے ہیں۔ تحریر الشام تنظیم نے گذشتہ شام ٹیلی گرام پر اپنی پوسٹ میں بتایا تھا کہ "اس کی فورسز نے حمص شہر کے کنارے آخری گاں پر قبضہ کر لیا ہے"۔ اس سے قبل اپوزیشن گروپوں نے حمص صوبے کے شمالی دیہی علاقے پر کنٹرول حاصل کر لیا تھا۔

پی ٹی اے نے موبائل نمبر کے ذریعے وی پی این رجسٹریشن کی سہولت متعارف کرا دی

اتھارٹی کی جانب سے فراہم کردہ اس سہولت سے اسٹیٹک آئی پی نہ رکھنے والے فری لانسرز فائدہ اٹھا سکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے موبائل نمبر کے ذریعے ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) رجسٹریشن کی سہولت متعارف کرا دی ہے۔ ترجمان پی ٹی اے نے بتایا کہ اتھارٹی کی جانب سے فراہم کردہ اس سہولت سے اسٹیٹک آئی پی نہ رکھنے والے فری لانسرز فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ترجمان پاکستان کمیونیکیشن اتھارٹی نے کہا کہ فری لانسرز وی پی این رجسٹریشن کے لیے اپنے موبائل نمبر رجسٹرڈ کروا سکیں گے اور فری لانسرز اپنے موبائل ڈیٹا پر وی پی این استعمال کر سکیں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ فری لانسرز کے لیے وی پی این رجسٹریشن کا عمل آئی ٹی کی ترویج کے لیے کیا گیا ہے، یہ عمل پی ٹی اے نے وی پی این رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لیے کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک پی ٹی اے کے ساتھ

جے آئی نے ہمیشہ مظلوم کی حمایت و ظالم کیخلاف آواز بلند کی ہے، عائشہ سید

پشاور (این این آئی) حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان صوبہ خیبر پختونخوا کی ناظمہ عائشہ سید نے جماعت اسلامی پاکستان کے یوم تاسیس کے موقع پر خصوصی بیان میں کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی جہد مسلسل کا تسلسل کئی دہائیوں سے جاری ہے

تاجر دوست سکیم کے نام پر ٹیکس نفاذ کیخلاف تاجر تنظیموں کا ایکا

پشاور (این این آئی) تاجر دوست سکیم کے نام پر نئے ٹیکس کے نفاذ کے خلاف تاجر تنظیموں کے بعد سیاسی جماعتوں نے بھی حکومت کو ٹف دینے کیلئے تاجروں کی حمایت کا اعلان کر دیا

سعودی عرب میں ہائیڈروجن سے چلنے والی پہلی عوامی بس کا افتتاح

ہائیڈروجن بس کی وجہ سے کاربن کے اخراج پر کافی حد تک قابو پایا جا سکے گا، سعود بن طلال

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے کمشنر الاحساء شہزادہ سعود بن طلال بن بدر نے مملکت کی سطح پر پہلی ہائیڈروجن سے چلنے والی عوامی بس کا تجرباتی افتتاح کر دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ہائیڈروجن سے چلنے والی بس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر الاحساء نے بتایا کہ بس کو چارج کرنے کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہائیڈروجن بس کی وجہ سے کاربن کے اخراج پر کافی حد تک قابو پایا جا سکے گا جس سے ماحولیاتی تحفظ کو بھی یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بس ایک بار چارج ہونے کے بعد 635 کلومیٹر تک سفر کر سکتی ہے۔

4 سالہ بچی زیادتی کے بعد قتل، ملزم گرفتار

ملزم نے قتل کر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر لاش کھیتوں میں پھینک دی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 4 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے باٹا پور میں ملزم عبدالرزاق نے 4 سالہ بچی کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور اس کے بعد قتل کر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر لاش کھیتوں میں پھینک دی۔ پولیس حکام نے بتایا ہے کہ ملزم عبدالرزاق کو گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزم کی نشاندہی کے بعد بچی کی لاش کو بھی تلاش کر لیا گیا، کینٹ ڈویژن جینڈر سیل نے ملزم کا جسمانی ریمانڈ حاصل کر لیا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل بھی باٹا پور کے علاقے میں ہی ایک بچی کو اغوا کے بعد قتل کر دیا

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سیکرٹری صوبائی محتسب بلوچستان محمد تسلیم خان کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔ Email:dailybolanhub@gmail.com

میرا ملک میری عزت

اس آدھے گھنٹے کی بارش نے تو دل ہی دہلا کر رکھ دیا تھا۔ خوف آ رہا تھا، حالاں کہ یہ تو اوپر والے کی رحمت ہے، لیکن کیا کریں کہ ہمارے شہر میں زیادہ دیر بارش ہم افورڈ ہی نہیں کر سکتے۔

یہاں کسی کو کیا پڑی ہے، سب کراچی کو لوٹ کر کھا رہے ہیں۔

بلکہ پورے ملک کو کھایا جا رہا ہے۔ ارے، ہم کو ہی چن لیتے، کم از کم ہم پورے شہر کے حالات سے تو واقف ہیں) قہقہہ (میں تو سڑکیں پہلے بنواتی، ارے بہت فنڈز ہیں۔ پیسے کم نہیں ہیں۔

پہلے ہی بجلی، گیس سے پریشان ہیں ہم۔ مہنگائی نے کمر توڑ رکھی ہے۔

دو نوکری سے لوٹنے والی خواتین کی عام سی گفتگو، لیکن بڑی گہری اور شاید کسی حد تک سچی بھی، ہم ایک طویل عرصے سے سنتے آئے ہیں کہ پاکستان کی مالی حالت کمزور ہے لیکن اس کمزوری کے راستوں سے ہم گزرتے ہی رہے ہیں اور ہر بار ایک نیا راستہ دکھ، اذیت اور آنسوؤں کے پتھروں سے اٹا نظر آتا ہے۔

آج سے کچھ دن پہلے سوات میں بچوں، بڑوں اور جوانوں کی ایک ساتھ موت دیکھ کر پاکستان میں خوف وغم کی لہر اٹھی تھی۔ سب ہی چیخ اٹھے تھے، کنارے کے اس پار کھڑے ویڈیوز بناتے لوگوں پر بھی خوب تنقید ہوئی، ایک کے بعد ایک بیان تکلیف دہ اور قہر کا ساتھ۔ سوال اٹھتا ہے کہ کیا کبھی یہ اذیت کم ہو سکے گی؟

ہم بڑے بڑے عہد کرنے والوں کو دیکھ چکے ہیں، ایک کے بعد ایک ناموں کی تختیاں بدلتی جاتی ہیں لیکن سب کچھ ویسا ہی رہتا ہے۔ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرے کندھے تک ذمے داریوں اور الجھنوں کے پوٹ کو دھکیلتے دھکیلتے ہم اس پوٹ کو چٹکی سے پکڑ کر دریا برد ہی تو کر دیتے ہیں کہ ہم اسی قابل ہیں۔ برف جیسے جذبات رکھنے والے۔

ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، جوش بھی ہے، عقل بھی ہے لیکن عہدہ ملتے ہی سب دھندلا پڑ جاتا ہے۔ ابھی چند برسوں پہلے کی بات ہے، بارش نے جو شور بپا کیا تھا، نالوں میں طغیانی اور سڑکیں دریا بن گئی تھیں۔ تب بھی محلوں سے گزرنے والے نالوں نے بھی کئی جانوں کو نگلا تھا۔ ایک عرصے تک سفید اور پیلی حفاظتی پٹیوں نے ایک حفاظتی جنگلوں کے ساتھ کچھ سڑکوں کا محاصرہ کر رکھا تھا اور پھر سب کچھ بیٹھتا گیا۔ گرد بیٹھ گئی اور وقت گزر گیا۔ نالوں میں کچرا بھرتا گیا، ان کو بھرنے کا کام اگر عوام اور سرکاری اداروں کے عہدیداران کرتے ہیں تو ان کی طرف سے غفلت برتنے کا کام بھی عوام اور سرکاری ادارے ہی کرتے ہیں یہاں تک کہ نشئی اور مخصوص مافیا والے ناموں اور اس کے ارد گرد کی حفاظتی منڈیروں سے لوہا، سریا تک کھینچ لیتے ہیں اور کون ہے ان نشے میں ڈوبے لوگوں کو روکنے والا۔ اگر انڈیا ہمارا دشمن ہے تو یہ نشئی اور خاص مافیا کیا ہمارے دوست ہیں؟

بات پھر کسی اور جانب چل نکلی ہے۔ غفلت برتنے میں ہم سب آگے آگے رہتے ہیں کہ یہ میرا شہر ہی نہیں ہے، میں تو یہاں کھانے کمانے آیا ہوں، مجھے اس سے کیا، میرا شہر تو دور کہیں ہے۔ وہ دور سندھ، پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخوا ہوتا ہے، بس کہانی چلتی رہتی ہے۔

پچھلے چند برسوں میں بھی سنا تھا کہ خزانہ بھر کر فنڈز ملے تھے پھر سب کہاں گئے؟ اب اس سال بھی سنا تو ہے کہ پیسہ بہت ہے، ملک بھر کا حال یہی ہے۔ ایک سیاح خاندان سیر وتفریح کے لیے نکلتا ہے، اپنا پیسہ خرچ کرتا ہے لیکن جب دریا کے بیچ پھنس جاتا ہے تو بس دہائیاں دیتا ہی رہ جاتا ہے۔ ریسکیو والا آیا بھی تو غریب کے پاس ایک رسی بھی نہ تھی بچانے کے واسطے۔ خود ملاحظہ کر لیں، پچھلے دنوں کی ویڈیو۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پندرہ منٹ نہیں تو ایک آدھ گھنٹے میں ہی ریسکیو کے لیے ہیلی کاپٹر آنا تھا، ایک دو نہیں اٹھارہ انیس انسانوں کی جان کا معاملہ تھا۔ پر جناب! کہاں، ہم ایک دوسرے کو اپنی غربت کی کہانیاں سنا رہے ہیں۔ کیا متعلقہ ڈسٹرکٹ میں واقعی فوری طور پر ایسا کچھ بھی نہ تھا، یا صوبے میں؟ کیا واقعی عوام کی جان فوری طور پر بچانے کے لیے ہمارے خالی خزانے منہ چڑا رہے ہیں؟

ابھی چند دنوں پہلے ہی کی خبر ہے، جب خیبر پختونخوا میں گزشتہ اور حالیہ سال کے دوران اربوں روپے کی بے ضابطگیوں اور کرپشن کا سنگین انکشاف سامنے آیا ہے۔ 147 ارب اٹھارہ کروڑ روپوں کی بے ضابطگی۔ خدا کا خوف۔۔۔ صرف یہی نہیں، دوسرے چھوٹے صوبے کے متعلق بھی ایسی ہی کرپشن کی رپورٹ نظر سے گزری۔ ٹن بلین ٹری سونامی پروگرام بلوچستان کے حوالے سے 16 ارب 80 کروڑ روپوں کی بے قاعدگیاں۔ ہمارے چھوٹے صوبے کرپشن کے حوالوں سے کچھ پیچھے نہیں، اب بڑوں کو کیا کہیں۔ کسی نے کہا جناب! چھوٹوں کی بات نہ کریں، یہاں فنڈز تو بہت ہوتے ہیں پر کام زیرو فی صد بھی نہیں ہوتے۔ یہ ساری خبریں، سارے دعوے بے بنیاد، سب رپورٹیں جھوٹی ہیں اور حقیقت جو چیخ چیخ کر بتا رہی ہے

تیسری عالمی جنگ کی تیاری

تحریر: جاوید چوہدری

سرونٹ آف دی پیپل کا پہلا سیزن 2015 میں یوکرائن میں لانچ ہوا تھا یہ ڈرامہ سیریز کیوارٹل 95 (Kuartal) کمپنی نے بنائی اور دیکھتے ہی دیکھتے اس نے مقبولیت کے تمام ریکارڈ توڑ دیے سیریز اپنے مرکزی کردار پروفیسر ویسلی پیٹرووچ کے گرد گھومتی تھی پروفیسر ویسلی ہائی اسکول میں تاریخ کا استاد تھا اس کی عمر 30 سال تھی اور وہ اپنے طالب علموں میں بہت مقبول تھا اس کا ایک شاگرد کرپشن کے خلاف ایک وڈیو بناتا ہے اور یہ وائرل ہو جاتی ہے۔

اس وائرل وڈیو سے پروفیسر ویسلی حادثاتی طور پر سیاست میں آ جاتا ہے طالب علم اور نوجوان اس کی کمپیئن کرتے ہیں سوشل میڈیا اس کی تقریریں کرپشن کے خلاف جہاد کے اعلانات اور اس کی سچائی اور سادگی پروموٹ کرتا ہے اور پروفیسر ویسلی صدر منتخب ہو جاتا ہے صدر بننے کے بعد سسٹم اس معصوم اور سچے انسان کے ساتھ کیا کرتا ہے یہ داستان سیزن کو دل چسپ سے دل چسپ بناتی چلی جاتی ہے پروفیسر ویسلی کی آنکھ روزانہ کسی بحران سے کھلتی ہے اور کسی نئے بحران پر پہنچ کر بند ہوتی ہے حتیٰ کہ یہ واش روم میں کموڈ پر بیٹھا ہوتا ہے اور اس کی سیکرٹری دستک دے کر اسے کوئی نہ کوئی بری خبر دیتی ہے اور اس کے بعد ویسلی کے ساتھ جو کچھ ہوتا ہے وہ ناظر کو ہنسنے اور بعض اوقات رونے پر مجبور کر دیتا ہے بہرحال سیریز میں یوکرائن سمیت دوسری اور تیسری دنیا کے تمام مسائل پیاز کی چھلیوں کی طرح تہہ در تہہ کھولے جاتے ہیں اور ہر چھلی ناظرین کی توجہ اور دل کھینچ لیتی ہے۔

پہلے سیزن کے بعد دوسرا سیزن اور دوسرے کے بعد تیسرا آتا ہے اور یہ پچھلی مقبولیت کا ریکارڈ توڑ دیتا ہے یہ سلسلہ 2019 تک چلتا رہا اس دوران پروفیسر ویسلی کا کردار نبھانے والا ایکٹر یوکرائن کے ساتھ ساتھ پورے مشرقی یورپ اور روس میں مقبول ہو گیا یہ خریداری کے لیے کسی اسٹور میں جاتا تھا تو لوگ اسے مسٹر پریذیڈنٹ کہہ کر اس کے ساتھ تصویریں بنواتے تھے چناں چہ یہ یوکرائن میں اتنا ہی مشہور ہو گیا جتنا ترکش اداکار اینجن التان ارطغرل غازی کے کردار کے بعد ترکی اور پاکستان میں تھا لوگ اسے بیچ میں عثمانی خلافت کا معمار سمجھنے لگے تھے پروفیسر ویسلی کا اداکار چالاک تھا اس نے اس مقبولیت کو کیش کرانے کا فیصلہ کیا اس نے سیریز کے نام پر سرونٹ آف دی پیپل کے ٹائٹل سے سیاسی جماعت بنائی اور سیاست میں آنے کا اعلان کر دیا یہ ملک میں پہلے ہی مقبول تھا لہٰذا لوگوں کو محسوس ہوا جس طرح اس نے ڈرامہ سیریز میں ملک کے تمام مسائل حل کر دیے تھے۔

اس نے جس طرح کرپٹ سیاست دانوں کو پارلیمنٹ کے اندر گولی مار دی تھی سرکاری اداروں میں کرپشن ختم کر دی تھی عام آدمی کو آواز دی تھی ملک کو بزنس ہب بنا دیا تھا عالمی طاقتوں کو ان کے منہ پر صاف انکار کر دیا تھا امریکی اور روسی صدر کے سامنے بیٹھ کر ان کی بے عزتی کی تھی پولیس فوج اور ججوں کو تیر کی طرح سیدھا کر دیا تھا اور ملک میں مساوات میرٹ اور انصاف قائم کر دیا تھا یہ بالکل اسی طرح اقتدار میں آ کر ملک کا مقدر بھی بدل دے گا لہٰذا لوگ دھڑا دھڑ اس کے گرد جمع ہونے لگے یوکرائن میں بھی دنیا کے دوسرے ملکوں کی طرح ڈیپ اسٹیٹ موجود ہے اس ڈیپ اسٹیٹ کے جنرل ظہیر الاسلام کو پروفیسر ویسلی میں بہت روشنی نظر آئی۔

اسے محسوس ہوا یہ شخص اگر اقتدار میں آ گیا تو یہ واقعی ملک کو بدل کر رکھ دے گا چناں چہ اس نے اسے سپورٹ کرنا شروع کر دیا یوکرائنی جنرل ظہیر الاسلام نے بزنس مینوں کو اکٹھا کیا رقم جمع کی ورجن آئی لینڈ میں اکاؤنٹس کھولے اور اسے سرمائے کی سپلائی شروع کر دی پروفیسر ویسلی کو سوشل میڈیا بالخصوص انسٹاگرام کی بھرپور حمایت حاصل تھی

یوکرائن کے اس زمانے میں دو بڑے مسئلے تھے اسٹیبلشمنٹ اور کرپشن لوگ کرپشن اور اسٹیبلشمنٹ دونوں سے بے انتہا تنگ تھے پروفیسر ویسلی نے اپنی سیاست کی بنیاد اینٹی اسٹیبلشمنٹ اور اینٹی کرپشن کے سلوگنز پر رکھ لی اس نے عوام سے ایک گورنمنٹ کا وعدہ بھی کر لیا آپ اللہ کی کرنی دیکھیے سرونٹ آف دی پیپل کا پروفیسر ویسلی 2019 کے الیکشنز میں عوام کے 73 اعشاریہ 23 فیصد ووٹ لے کر واقعی کامیاب ہو گیا یہ حقیقتاً صدر بن گیا۔

یہ ویسلی کون تھا یہ یوکرائن کا موجودہ صدر ولادی میر زیلنسکی ہے یہ ایک درمیانے درجے کا مزاحیہ اداکار تھا اور اسے صرف ایک کامیاب سیریز نے یوکرائن کا صدر بنا دیا اور اس نے دو سال میں یوکرائن کو وہاں پہنچا دیا جہاں سے اب اس کی واپسی ممکن نہیں صدر ولادی میر زیلنسکی نے کیا کیا؟ آپ کو یہ سمجھنے کے لیے زیلنسکی کے بیک گراؤنڈ میں جانا پڑے گا زیلنسکی 1978 میں یوکرائن کے یہودی خاندان میں پیدا ہوا تھا اس کا دادا ریڈ آرمی میں کرنل تھا والد کمپیوٹر کا پروفیسر تھا جب کہ والدہ ریٹائرڈ انجینئر تھیں اس نے بچپن میں روسی اور انگریزی دونوں زبانیں سیکھیں 17 سال کی عمر میں شوبز میں آ گیا ڈراموں میں بھی کام کیا اور فلموں میں بھی سرمایہ جمع کر کے کیوٹل 95 کے نام سے انٹرٹینمنٹ کمپنی بنائی اور دھڑا دھڑ پروڈکشن کرنے لگا۔

یہ مزاحیہ اداکاری کرتا تھا اس نے اس پیشے میں رقم کمائی لیکن عوام میں کوئی مقام حاصل نہ کر سکا یہاں تک کہ اس نے سرونٹ آف دی پیپل بنایا اور اس سے اس کی مقبولیت کا آغاز ہو گیا اور 2019 میں یہ یوکرائن جیسے ملک کا صدر بن گیا۔ میں آگے بڑھنے سے پہلے آپ کو روس اور یوکرائن کی بیک گراؤنڈ بھی بتاتا چلوں بلیک سی پر کریمیا نام کی ایک مسلمان ریاست تھی 1783 میں روس نے اس پر قبضہ کر لیا اور مسلمان آبادی کو یہاں سے بے دخل کر دیا جس کے بعد کریمیا میں عیسائی آبادی بڑھ گئی 1917 کے روسی انقلاب کے بعد کریمیا اور یوکرائن سوویت یونین کا حصہ بن گئے یہ دونوں الگ الگ ریاستیں تھیں لیکن پھر جوزف اسٹالن نے 1954 میں کریمیا کو یوکرائن میں شامل کر دیا سوویت یونین کے خاتمے کے بعد یوکرائن آزاد ہو گیا اور کریمیا بھی اس کے ساتھ چلا گیا یوکرائن نے بعد ازاں خود کو یورپ کے ساتھ شامل کرنا شروع کر دیا یہ شینجن میں شامل ہونا چاہتا تھا روس اس حرکت کو پسند نہیں کرتا تھا اس کا خیال تھا یورپ یا امریکا اگر ایک بار بلیک سی کی طرف سے روس کی سرحد پر آ گیا تو پھر انھیں یہاں سے واپس بھجوانا مشکل ہو جائے گا چناں چہ صدر پیوٹن نے یوکرائن یورپ اور امریکا کو وارننگ دینے کے لیے 2014 میں 1954 کا اسٹالن معاہدہ منسوخ کیا اور کریمیا پر قبضہ کر لیا۔

یوکرائن کا خیال تھا یورپ اور امریکا اس قبضے کے خلاف اس کا مسلح ساتھ دے گا لیکن توقع کے برعکس امریکی اور یورپی امداد صرف زبانی کلامی اور سفارت کاری تک محدود رہی اقوام متحدہ نے روس پر اقتصادی پابندیاں لگا دیں مگر اس سے روس کو کوئی فرق نہ پڑا یورپ بھی بدستور روس سے گیس اور تیل خریدتا رہا زیلنسکی کے برسر اقتدار آنے تک یوکرائن کے روس سے تعلقات خراب رہے یوکرائنی قوم کا خیال تھا زیلنسکی روس کے ساتھ تنازع ختم کر دے گا جس کے بعد سرحدوں کی ٹینشن ختم ہو جائے گی زیلنسکی نے الیکشن کے دوران یہ وعدہ بھی کیا تھا اور اس نے کامیاب ہونے کے بعد روس کے ساتھ اپنے تعلقات ٹھیک بھی کیے لیکن یہ انتہائی ناتجربہ کار نالائق اور منہ پھٹ ہے اور دوسرا یہ صدر بننے کے بعد پروفیسر ویسلی کے کردار سے بھی باہر نہیں آ سکا تھا چناں چہ اس نے ایک طرف روس سے تعلقات ٹھیک کرنا شروع کر دیے اور دوسری طرف نیٹو فورسز کو یوکرائن میں اڈے بنانے کی اجازت دے دی اور یہ روس کے لیے ناقابل قبول تھا کیوں؟ کیوں کہ اگر ایک بار نیٹو کے پردے میں یوکرائن میں امریکی میزائل نصب ہو جاتے تو روس غیر محفوظ ہو جاتا روس زیلنسکی کو وارننگ دیتا رہا لیکن یہ باز نہ آیا چناں چہ پیوٹن نے فروری 2022 میں یوکرائن پر حملہ کر دیا۔

زیلنسکی اگر سمجھ دار ہوتا تو یہ روس کو اس لیول تک نہ آنے دیتا لیکن یہ فل ٹائم پروفیسر ویسلی کے کردار میں آ گیا تھا اور اس نے سڑکوں پر ہم عظیم قوم ہیں اور ہم تمہیں ناک سے چنے چبوا دیں گے کے نعرے لگانا شروع کر دیے سوشل میڈیا اور میڈیا ان نعروں پر قومی نغمے بنانے لگا اور اس کا یہ نتیجہ نکلا 24 فروری کو روس نے یوکرائن پر حملہ کر دیا اور پورے ملک کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا آج اس جنگ کو تین سال ہو چکے ہیں اس دوران میں یوکرائن ملبے کا ڈھیر بن چکا ہے اگر امریکا ساتھ نہ دیتا اور یہ اسے ساڑھے تین سو ارب ڈالر جی ہاں 350 بلین ڈالرز کا اسلحہ اور امداد نہ دیتا تو روس اب تک یوکرائن کو ہڑپ کر چکا ہوتا اس صورت حال کا صرف ایک شخص ذمے دار ہے اور وہ ہے ولادی میر زیلنسکی اس شخص نے ایک طرف یہ جنگ چھیڑ دی اپنا ملک تباہ کر دیا اور دوسری طرف ملک میں مارشل لا لگا دیا اور جنگ کے خاتمے تک خود کو صدر بھی ڈکلیئر کر دیا۔

ولادی میر زیلنسکی نے یہ سب کچھ کیوں کیا؟ اس کے بارے میں دو تھیوریز ہیں پہلی تھیوری یہ یہودی پلان ہے زیلنسکی کا تعلق یہودی خاندان سے ہے اور اسرائیل اس وقت ایک بڑی جنگ چاہتا ہے اس نے ایک طرف غزہ کی شکل میں مشرق وسطیٰ میں آگ لگا دی ہے اور دوسری طرف یہ یورپ کو تنور میں دھکیل رہا ہے۔

یہ دونوں جنگیں کسی بھی وقت تیسری عالمی جنگ میں بدل سکتی ہیں اور یہ اسرائیلی منصوبہ ہے اور زیلنسکی اس منصوبے کا حصہ ہے چناں چہ اس نے جان بوجھ کر کیم مارچ کو اوول آفس میں امریکی صدر اور نائب صدر کے ساتھ کیمروں کے سامنے بدتمیزی کی تا کہ امریکا پیچھے ہٹ جائے اور یوکرائن روس جنگ پورے یورپ کو اپنی لپیٹ میں لے لے اور یہ اندیشہ غلط نہیں کیوں؟ کیوں کہ یہ جنگ اگر اب تک صرف یوکرائن تک محدود ہے تو اس کی واحد وجہ امریکا ہے امریکا نے اسے آگے نہیں بڑھنے دیا یہ اگر راستے سے ہٹ گیا تو اس آگ کو پھیلتے دیر نہیں لگے گی لہٰذا زیلنسکی جان بوجھ کر گندی سی شرٹ اور ٹراؤزر پہن کر امریکی صدر سے ملنے گیا اور اس نے کیمروں کے سامنے دنیا کی واحد سپر پاور کے صدر کی بے عزتی کر دی اور اس کا مقصد جنگ کو پھیلانا ہے

اجتماع کی آزادی

تحریر: شفیق تنولی

پاکستان کا المیہ یہ ہے کہ نظام سے وابستہ افراد خود اسے کمزور کرنے کے عمل میں شریک ہوتے ہیں۔ کسی بھی نظام میں جمہوریت کو جانچنے اور سمجھنے کے لیے بنیادی نقطہ ہی مقامی حکومتوں کا نظام ہوتا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ریاستی اور حکومتی نظام کی ترجیحات میں خود مختار مقامی حکومتوں کا نظام موجود نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس ملک کا نظام مقامی حکومتوں کے نظام کی عدم موجودگی یا کمزور طرز کے مقامی نظام کی مدد سے چلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایک کمزور اور مفلوج مقامی حکومتوں کا نظام بنا کر تمام اختیارات صوبائی سطح تک محدود رکھنا چاہتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں پنجاب اسمبلی نے لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 منظور کیا ہے۔ یہ بل منظوری کے بعد لوکل گورنمنٹ اسٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج دیا گیا ہے اور ان کی تجاویز کے بعد اسے حتمی طور پر اسمبلی سے منظور کیا جائے گا۔ آئین کا آرٹیکل 140 اے بنیادی طور پر صوبائی حکومتوں کو پابند کرتا ہے کہ وہ سیاسی انتظامی اور مالی اختیارات عوام کے منتخب نمائندوں کو منتقل کریں۔ لیکن اگر ہم نئے مجوزہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ پنجاب 2025 کو دیکھیں تو یہ مجوزہ نظام مقامی حکومت نہیں بلکہ میونسپلٹی کا نظام ہے۔ ضلعی حکومت کا تصور نہیں ہے۔

حکومت نے ضلع کونسل یا میٹروپولیٹن کو ختم کر کے میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، تحصیل کونسل اور ٹاؤن کارپوریشن تک نظام کو محدود کیا ہے۔ اس نظام کے تحت میونسپل کارپوریشن شہری علاقوں تک، ٹاؤن کارپوریشن بڑے شہروں تک اور میونسپل کمیٹی چھوٹے شہروں تک اور تحصیل کونسلیں دیہی علاقوں میں قائم کی جائیں گی۔ جب کہ مقامی سطح پر یونین کونسل کا نظام ہوگا۔ ایک یونین کونسل کل 13 ممبران پر مشتمل ہوگی جن میں نو جنرل ممبرز ہوں گے اور چار مخصوص نشستوں پر منتخب ہوں گے ان میں ایک خاتون، ایک کسان یا مزدور، ایک نوجوان، اور ایک غیر مسلم ہوگا۔ اس لیے اس مجوزہ نظام کو مقامی حکومت کا نظام کہنا درست نہیں ہوگا۔

ضلعی سطح پر موجود چیف ایگزیکٹو آفیسر سربراہ ہوں گے اور محکمہ کا سربراہ اس کا ممبر ہوگا یعنی ضلع کا مکمل کنٹرول منتخب نمائندوں کے مقابلے میں بیوروکریسی کے ماتحت کر دیا گیا ہے۔ یہ بحث نئی نہیں ہے اور پہلے بھی بیوروکریسی خود مختار مقامی حکومت کو اپنے لیے خطرہ سمجھتی تھی اور اس بار بھی اس نے اپنی بالادستی کی اہمیت کو تسلیم کروایا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اگرچہ ضلع کے تمام اختیارات ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہوں گے لیکن ساتھ ساتھ یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ ڈپٹی کمشنرز وزیراعلیٰ کے ماتحت ہوتے ہیں تو عملی طور پر موجودہ مقامی حکومتوں کا پنجاب کا نظام براہ راست وزیراعلیٰ کے کنٹرول میں رہے گا اور وہ ان معاملات کو ڈپٹی کمشنرز کی مدد سے چلائیں گی۔

اس نظام کی ایک خرابی یہ ہے اس میں یونین کونسل کی سطح سے لے کر اوپر کی تمام سطح تک چیئرمین یا وائس چیئرمین یا میئر و ڈپٹی میئر سمیت مخصوص نشستوں کا انتخاب براہ راست نہیں بلکہ ان ہاؤس ہوگا جو مقامی لوگوں کو محروم رکھنا ہے کہ اپنے ووٹ کی مدد سے ان لوگوں کو منتخب کر سکیں۔ ان ہاؤس انتخاب میں کونسلرز پر بیوروکریسی اور سیاسی قیادت دباؤ ڈال کر ان سے اپنی مرضی کے چیئرمین، وائس چیئرمین اور میئر و ڈپٹی میئر کو منتخب کر سکتے ہیں۔ براہ راست انتخاب سے ہی عوام اپنی مرضی اور منشا کے مطابق اپنی مقامی قیادت کا انتخاب شفافیت کی بنیاد پر کر سکتے ہیں۔

پاکستان میں مقامی حکومتوں سے متعلق ایک بڑے قانونی ماہر قاضی مبین ایڈوکیٹ کے بقول ہمارا آئین مقامی حکومتوں کی تشکیل کی بات کو یقینی بناتا ہے اور ان مقامی حکومتوں کو سیاسی انتظامی اور مالی اختیارات دینے کی بات کرتا ہے۔ ان کی بقول آئین میں یہ کہیں نہیں لکھا کہ ہم نے مقامی حکومتوں کے مقابلے میں میونسپل کمیٹیاں، میونسپل کارپوریشنز یا تحصیل کونسلیں بنانی ہیں۔ اس لیے اس نئے مجوزہ قانون میں مقامی حکومت کے اصول کو ہی نظر انداز کیا گیا ہے۔

اسی طرح قاضی مبین کے بقول جب سیاسی انتظامی اور مالی اختیارات کی تقسیم کا فارمولا عوام کے منتخب نمائندوں کے بجائے بیوروکریسی کی بنیاد پر چلایا جائے گا تو یہ خود مختار مقامی حکومتوں کی نفی کرتا ہے۔ جب ضلع میں لوکل گورنمنٹ کا سربراہ ڈپٹی کمشنر ہوگا تو پھر عوام کے منتخب نمائندے کو بااختیار بنانے کی بات پیچھے رہ جاتی ہے۔ اسی طرح ایک نقطہ یہ بھی ہے کہ اس نظام کے تحت کونسلیں فقط بجٹ کی سفارش کر سکتی ہیں حتمی منظوری میں صوبائی حکومت کے اختیار کو ہی حرف آخر مانا گیا ہے۔

اسی طرح ہر ضلع میں ضلعی اتھارٹیاں قائم ہوں گی جن کے سربراہ ڈپٹی کمشنرز ہوں گے اور جن محکموں کو نچلی سطح پر تقسیم کیا گیا ہے اس میں سی ای او ضلعی سطح پر متعلقہ محکمہ کا سربراہ بطور ممبر ہوں گے یعنی تمام سرکاری افسران شامل ہیں۔ پنجاب حکومت کا یہ طرز عمل بنیادی طور پر اٹھارویں ترمیم کی بھی نفی کرتا ہے اور یہ عمل صوبائی خود مختاری کے اصول کی بھی نفی کرتا ہے اور اس سے گورننس کا بحران حل نہیں بلکہ اور زیادہ بگاڑ کا شکار ہوگا۔

اصل میں ہماری صوبائی حکومتیں ابھی بھی عدم مرکزیت کے بجائے مرکزیت پر مبنی نظام چاہتی ہیں جہاں سیاسی انتظامی اور مالی کنٹرول صوبائی حکومتوں کے پاس ہو۔ یہی وہ سوچ ہے اور فکر ہے جو اس ملک میں مقامی حکومتوں کی مضبوطی اور خود مختاری کی نفی کرتا ہے۔ یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ پہلے ہی پنجاب سمیت مختلف صوبوں میں صوبوں کو مختلف کمپنیوں اور اتھارٹیز کی بنیاد پر چلایا جا رہا ہے اور یہ عمل متبادل مقامی حکومت کے نظام کی عکاسی کرتا ہے۔ اس مجوزہ نظام میں بڑے شہروں کے نظام کو کمزور کر دیا ہے اور میٹروپولیٹن سٹی حکومت کا تصور ہی ختم کر دیا ہے حالانکہ ہمیں بڑے شہروں کے نظام کو ایک مختلف طرز سے چلانا چاہیے۔ مگر پنجاب کی موجودہ حکومت نے میٹروپولیٹن مقامی حکومت کا تصور ختم کر کے چھوٹے اور بڑے شہروں میں میونسپل کارپوریشن یا میونسپل کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو بڑے شہروں کی گورننس کو درست نہیں کر سکتا۔ لاہور جیسے بڑے شہر کو بھی سٹی کارپوریشن کے ماتحت کیا گیا ہے اور ان کو مختلف زون میں تقسیم کیا جائے گا یعنی مختلف ٹاؤن کی صورت میں اور اس کا سربراہ بھی ڈپٹی کمشنر ہوگا۔ عورتوں کی نشستوں میں بھی جہاں براہ راست انتخاب کی نفی کی گئی ہے

مہنگا سبق

تحریر: ہمدان عبداللہ

وائٹ ہاؤس میں امریکی صدر سے ملاقات کے لیے آنے والے رہنماؤں کے ساتھ پریس بریفنگ ایک معمول کا عمل ہے۔ عموماً یہ عمل خوشگوار جملوں کے تبادلے اور باہمی معاملات پر محتاط رائے پر مبنی ہوتا ہے تاہم چند روز قبل یوکرائن کے صدر برزنسکی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان ملاقات غیر متوقع طور پر تلخی پر منتج ہوئی۔ اطراف سے تند وتیز جملوں کے تبادلے سے ریالٹی ٹی وی شو کا سماں بن گیا۔ تلخی اس حد تک بڑھی کہ سفارتی آداب دھرے کے دھرے رہ گئے۔ مہمان صدر کو پیغام دیا گیا کہ اب مزید پروگرام جاری رکھنا مشکل ہے۔ اسی لیے انھیں فوراً وائٹ ہاؤس چھوڑنا پڑا۔

ماڈرن تاریخ میں دو ملکوں کے سربراہان کے درمیان میڈیا کے سامنے اس قدر تلخی دیکھنے میں کبھی نہیں آئی لہٰذا یہ واقعہ پورے ورلڈ پریس پر کئی روز چھایا رہا۔ اس تلخ ملاقات کے آفٹر شاکس اسی دن سے روس یوکرین وار پر واضح دکھائی دینے لگے۔

یہ واقعہ حادثاتی تھا یا یوکرائنی صدر کو ڈیل کے لیے تیار کرنے کا سوچا سمجھا مذاکراتی انداز؟ زیادہ تر تجزیہ کاروں کو یہ سمجھنے میں وقت پیش آئی کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے جو موقف اختیار کیا وہ ان کے پیشرو صدر سے بالکل مختلف تھا۔ روس یوکرین جنگ میں امریکا نے یوکرین کا بھرپور ساتھ دیا۔

یورپ نے بھی اتحادی ہونے کے ناطے روس یوکرین جنگ میں بھرپور تعاون کیا تاہم صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ورلڈ ویو گزشتہ امریکی صدر جو بائیڈن سے بالکل مختلف ہے۔ ان کی شخصیت کا خاصہ ہے کہ وہ لگی لپٹی رکھے بغیر اپنی بات بے باک انداز میں کہہ جاتے ہیں۔ رئیل اسٹیٹ میں ان کے کامیاب کیریئر میں مذاکرات یعنی Negotiation کی خاص مہارت کا بہت عمل دخل ہے۔ انھوں نے اپنی اس مہارت کا مظاہرہ اپنے گزشتہ دور صدارت میں بھی کیا اور موجودہ دور صدارت میں ہر محاذ پر کر رہے ہیں۔ مختلف ممالک اور تجزیہ کاران کے خیالات کو امریکا کی جاری سفارتی وسیاسی پالیسیوں کے تسلسل میں دیکھنے پر مصر ہیں جب کہ امریکی صدر مصر ہیں کہ دنیا کے بہت سے ملکوں نے امریکا سے معاشی، تجارتی اور سیاسی فوائد سمیٹے ہیں لیکن امریکا کو مقابلتاً بہت کم فوائد حاصل ہوئے۔ ان کے خیال میں یہ نامناسب ہے۔ امریکا اب سب سے پہلے اپنے مفاد کو دیکھے گا۔ بہت ہو چکا، اب وہ امریکا کے لیے ایک نئے دور کا آغاز کر رہے ہیں۔ امریکا کے سب سے قریبی اتحادی یورپ اور پڑوسی میکسیکو اور کینیڈا سمیت بہت سے ممالک کو ان آوٹ آف باکس پالیسیوں کے ساتھ قدم ملانے میں وقت پیش آ رہی ہے بلکہ فی الوقت ایک تجارتی اور سیاسی محاذ آرائی سرگرم ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایک روایتی سیاستدان نہیں ہے لہٰذا ان کا ورلڈ ویو بھی امریکا کے روایتی سیاستدانوں سے مختلف ہے۔ ان کا کاروباری پس منظر انھیں پیچیدہ معاملات کو کاروباری انداز میں جلد سلجھانے پر اکساتا ہے اور وہ پیچیدہ مسائل کو بھی ایک ڈیل کی طرح انجام تک پہنچانے کے خواہش مند رہتے ہیں۔ عالمی سیاست میں دنیا کی سب سے بڑی سپر پاور کا یہ انداز ان کے اپنے پرایوں کے لیے غیر متوقع اور حیران کن ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اپنے خیالات میں بہت واضح ہیں لیکن دنیا کے زیادہ تر ممالک ان کے ان خیالات سے اتفاق نہیں کر پا رہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نزدیک امریکا کی کھلم کھلا، وافر اور آسان تجارتی رسائی کے سبب کینیڈا، میکسیکو، یورپ اور چین نے بے تحاشہ تجارتی اور معاشی فوائد سمیٹے ہیں، ان تمام ممالک کے ساتھ امریکا کا مسلسل بہت بڑا تجارتی خسارہ ہے۔ دوسری طرف امریکا میں مینوفیکچرنگ تیزی سے سکڑتی گئی ہے جس کے سبب روزگار کے مسائل شدید تر ہوتے گئے ہیں۔ ان کے نزدیک ورلڈ ٹریڈ آرڈر میں امریکا نے ماضی میں اپنی ترجیحات کا انتخاب درست نہیں کیا، ان کے نزدیک وقت آ گیا ہے کہ امریکا فرسٹ کا پیغام اور مرکزی نکتہ ہی امریکا کے لیے اپنے پڑوسیوں، اتحادی ممالک اور تجارتی پارٹنرز کے ساتھ ڈیل کرنے کا بنیادی عنصر ہونا چاہیے۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ حکومت سنبھالتے ہی کینیڈا اور میکسیکو پر ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا۔ چین پر بھی کڑی تنقید کرتے ہوئے مزید ٹیرف عائد کرنے کا فیصلہ کیا۔ جواباً ان ممالک نے بھی بہت سی امریکی مصنوعات پر ٹیرف عائد کر دیے۔ پس پردہ مذاکرات کے نتیجے میں کچھ صورتوں میں ٹیرف پر عملدرآمد میں کچھ التوا کیا گیا ہے تاہم دکھائی یہی دے رہا ہے کہ آئندہ چند ہفتوں میں ٹیرف عائد کر دیے جائیں گے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یورپ میں اسٹیل اور ایلومینیم پروڈکٹس سمیت دیگر کئی پروڈکٹس پر بھی ٹیرف عائد کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ ان تمام اقدامات کا مقصد امریکا میں مینوفیکچرنگ کو ایک نئی زندگی اور ایک نیا آغاز دینا ہے۔

دوسری جنگ عظیم کے بعد گلوبل ورلڈ آرڈر جس انداز میں تشکیل پایا، امریکا نے اس کی کمان سنبھالے رکھی۔ روس کی شکست وریخت کے بعد دنیا بہت حد تک یونی پولر ہو گئی۔ اس کے ساتھ ہی ایک نئے ورلڈ ٹریڈ آرڈر کا آغاز ہوا۔ امریکا دنیا کی سب سے بڑی تجارتی منڈی اور ٹیکنالوجی میں لیڈر شپ کے ناطے بالعموم ورلڈ ٹریڈ آرڈر کے خدوخال بنانے اور سنوارنے میں حرف آخر رہا تاہم گزشتہ تین دہائیوں میں ایشیا، یورپ اور بہت سے دیگر ممالک میں تیزی سے معاشی ترقی نے ورلڈ ٹریڈ آرڈر کا بیلنس تیزی سے تبدیل کیا ہے۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ اپنے دوسرے دور صدارت میں جو نیا ورلڈ آرڈر تشکیل دینے کے خواہاں ہیں اس میں پاکستان جیسے ممالک کے لیے بھی سبق پنہاں ہے۔ سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ ملکوں کو اپنے مفادات کے لیے خود ہی کھڑا ہونا ہے، کوئی بھی دوسرا ملک کسی ملک کی معاشی، تجارتی، دفاعی یا سیاسی ضروریات کا تادیر بوجھ اٹھا سکتا ہے اور نہ ہی ذمے دار بن سکتا ہے۔ ملکوں کا اپنی سلامتی اور اپنے مفادات کے لیے خود پر بھروسہ کرنا ان کی سلامتی کے لیے لازم ہے۔ گزشتہ 50 سال سے پاکستان نے اپنے سیاسی، علاقائی اور دفاعی فیصلوں میں دیگر ممالک پر ضرورت سے زیادہ انحصار کیا بلکہ کئی صورتوں میں ان کے ساتھ غیر فطری اتحاد بھی کیے۔

تم جیتو یا ہارو ہمیں تم سے پیار ہے

تحریر: عثمان دوہی

جب کھلاڑیوں کو یہ باور کرا دیا جائے کہ تم جیتو یا ہارو، ہمیں تم سے پیار ہے تو چیمپئنز ٹرافی میں کھلاڑیوں کی کارکردگی کو برا کہنے والے لاکھوں تماشائی اور کروڑوں پاکستانی کون ہوتے ہیں؟

یقیناً پاکستانی کھلاڑیوں نے اپنی سکت کے مطابق 241 رنز کا اسکور کھڑا کر دیا تھا، اب اگر بھارتی کھلاڑی اسے خاطر میں نہیں لائے اور انھوں نے جارحانہ کھیل پیش کرتے ہوئے تیزی سے رنز بنائے اور پھر ان کے ایک منجھے ہوئے کھلاڑی نے جو پچھلی چیمپئنز ٹرافی میں فلاپ ہو گیا تھا اب موقع غنیمت جان کر ایک سنچری بنا ڈالی تو اب بھارتی کھلاڑیوں سے کیا گلہ کیا جائے؟ جب انھیں اپنی مرضی کے مطابق نرم ٹیم ملی تو وہ کیوں فائدہ نہ اٹھاتے۔ انھوں نے بھرپور فائدہ اٹھایا اور وہ بھی ایسا کہ پاکستان کو چیمپئنز ٹرافی سے باہر نکلنے کی بنیاد رکھ دی۔

ہمارے وزیراعظم نے انھیں نصیحت کی تھی کہ دیکھو بھارتی ٹیم کو پچھاڑ کر ہی واپس آنا مگر کھلاڑیوں نے ان کے فرمان کے برعکس ہی کیا لیکن شاید اس کی وجہ یہ رہی کہ جب کرکٹ کے کرتا دھرتا یعنی منتظم اعلیٰ جن سے کھلاڑیوں کا براہ راست واسطہ تھا وزیراعظم کی نصیحت سے ہٹ کر یہ مشورہ دیں کہ تم جیتو یا ہارو ہمیں تم سے پیار ہے تو وہ کیونکر ان کا کہنا ٹالتے۔

پھر دوسری طرف بھارت کو ہرا کر کیوں بھارتیوں کا دل توڑتے اور اگر بھارتی ٹیم ہار جاتی تو اس کی تو شامت ہی آ جاتی کیوں کہ بھارتی کھیلوں کے وزیر سے لے کر کرکٹ بورڈ کے اعلیٰ عہدیدار نے بھی انھیں بتا دیا تھا کہ پاکستان سے ہارنا سخت منع ہے، چنانچہ انھوں نے اپنے منتظمین کے کہنے پر عمل کیا، ورنہ بھارت پہنچ کر ان کی وہ رسوائی اور کھنچائی ہوتی کہ اور کہا جاتا کہ تم سب سے ہارتے مگر پاکستان سے کیوں ہارے؟ جب کہ دوسری طرف پاکستانی کھلاڑیوں کے ساتھ ایسی کوئی پابندی نہیں تھی۔

اس میں شک نہیں کہ کرکٹ کا کھیل گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا رہتا ہے، کبھی کسی ٹیم کی طرف پلڑا جھک جاتا ہے تو کبھی دوسری کی طرف۔ ہمارے کھلاڑی اتنے سیدھے سادھے نکلے کہ وہ کرکٹ کے پیچ وخم سے ہی واقف نہ نکلے کہ کس وقت کیسی بیٹنگ کرنا ہے اور کیسی بالنگ کرنا ہے۔

تاہم یہ بات تمام کھلاڑیوں پر صادق نہیں آتی ہے، البتہ بالکل نو وارد اور سفارشیوں پر ضرور لاگو ہوتی ہے۔ وہ بھی تو کھلاڑی تھے جنھوں نے گزشتہ چیمپئنز ٹرافی میں بھارتی ٹیم کو ناکوں چنے چبوا دیے تھے اور شکست سے دوچار کر دیا تھا۔

افسوس کہ 2025 کی چیمپئنز ٹرافی میں ان میں سے صرف دو کھلاڑی یعنی بابر اعظم اور شاہین شاہ کے علاوہ تمام کھلاڑی نئے تھے حتیٰ کہ کپتان محمد رضوان بھی نو وارد ہیں۔ نئے کھلاڑیوں نے ابھی تک کرکٹ کے کسی اہم ایونٹ یعنی ورلڈ کپ، ٹی 20 چیمپئنز ٹرافی میں حصہ نہیں لیا ہے۔

جب چیمپئنز ٹرافی کے پہلے میچ میں پاکستانی ٹیم نیوزی لینڈ سے شکست کھا گئی تھی تو بی بی سی کے ایک مبصر نے کہا تھا اسٹیڈیمز بنانے کے جنون میں منتظمین اسٹیڈیمز تو جیسے تیسے بن گئے مگر اس تگ ودو میں منتظمین ٹیم کا بنانا بھول گئے۔ جس کا نتیجہ آج آ گیا۔

پاکستان اس بار چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہو گیا ہے مگر ہمیشہ ہی ایسی صورت حال نہیں رہے گی بشرطیکہ ٹیم پر بھرپور توجہ مرکوز کی جائے۔ بہرحال اس وقت تو مایوس کن صورت حال ہے اور پوری قوم مایوسی کے سمندر میں ڈوبی ہوئی ہے مگر اس سے آگے ضرور خوشیاں دیکھنا نصیب ہوں گی۔

ایک سوال یہ بھی ہے کہ کیا کھلاڑیوں کا سلیکشن درست نہیں ہوا؟ تو کہا جا رہا ہے کہ سلیکٹرز کی جانب سے سراسر غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔ حال ہی میں آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ میں بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو یکسر نظر انداز کیا گیا ان کی جگہ نئے کھلاڑیوں کو ٹیم کا حصہ بنایا گیا۔

خوش دلی کسی طرح بھی صائم ایوب کا متبادل نہیں تھا۔ اس نے ہی شبھمن گل کا کیچ ڈراپ کر کے ٹیم کے ہارنے کی بنیاد رکھ دی تھی، پھر سعود شکیل نے بھی شریاس آئیر کا کیچ چھوڑ کر ٹیم کو مزید مایوس کیا۔ اگر یہ دونوں کیچ پکڑ لیے جاتے تو شاید میچ کا رخ تبدیل ہو سکتا تھا اور اگر پاکستان نہ بھی فاتح ہوتا تو کم سے کم بھارت آسانی سے میچ نہ جیت پاتا مگر اسے کیا کہا جائے کہ نہ تو پاکستان کی بالنگ ہی چل سکی اور نہ ہی بیٹنگ کوئی کارنامہ انجام دے سکی۔

پاکستان کے سب سے قابل اعتماد بالر شاہین آفریدی نے بہت ہی مایوس کن بالنگ کی، انھوں نے 74 رن دے کر دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔ بلے بازوں کی کارکردگی کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ میچ کی کل 300 بالز میں سے انھوں نے صرف 147 کو کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔

بلے بازوں کے بارے میں کئی مبصر کہہ رہے ہیں کہ وہ ایسے ڈر ڈر کر کھیل رہے تھے جیسے پچ میں بارودی سرنگیں بچھی ہوئی تھیں، حتیٰ کہ بابر اعظم جیسا منجھا ہوا کھلاڑی اتنی احتیاط سے کھیل رہا تھا کہ رن بنیں نہ بنیں کہیں وہ آؤٹ نہ ہو جائے ورنہ وہ پہلے سے کہیں زیادہ تنقید کا نشانہ نہ بن جائے گا۔

اسے اوپنر بھیج کر بھی اچھا نہیں کیا گیا۔ ٹیم کی کارکردگی پر تو پہلے ہی سوال اٹھائے جا رہے تھے اور کہا جا رہا تھا کہ ٹیم کا جیتنا مشکل ہے۔ گزشتہ چیمپئنز ٹرافی کی فاتح ٹیم کے کپتان سرفراز جیسے کتنے ہی کھلاڑی ابھی کرکٹ کھیل سکتے ہیں مگر جلد ہی فارغ کر دیا گیا۔

ٹیم کے سلیکشن میں تو غلطی کی ہی گئی ادھر کوچنگ بھی اطمینان بخش نہیں رہی۔ کھلاڑیوں میں مستقل مزاجی اور پروفیشنل ازم کا فقدان تھا۔ امریکا کے ساتھ میچ ہارنے کے بعد ہی انتظامیہ کو ٹیم کی خراب کارکردگی پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت تھی۔

بھارتی عوام سے کہیں زیادہ بھارتی حکومت پاکستان کے ہارنے سے بہت خوش ہے۔ پہلے تو اس نے سر توڑ کوشش کی تھی کہ پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی منعقد ہی نہ ہونے پائے۔ اس میں تو اسے ضرور شکست ہوئی مگر اب پاکستانی ٹیم کے میچ سے ہی باہر ہونے پر انھیں بہت سکون ملا ہوگا تاہم وہ ابھی بھی چین سے نہیں بیٹھے ہیں وہ پاکستان میں ہونے والے باقی میچوں کو بھی دبئی منتقل کرانے کی سازش کر رہے ہیں۔

اس سلسلے میں بھارتی چینلز پر زور وشور سے پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کا خطرہ ہے اور کسی بھی وقت دہشت گرد کھلاڑیوں کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔ اب بتائیے کہ بھارت کی انتہا پسند حکومت پاکستان دشمنی میں

اردو ادب اور بغاوت

جب بھی جبر کی سیاہ رات گہری ہوتی ہے لفظ بغاوت پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ تاریخ کے صفحات پلٹ کر دیکھیے تو ہر آمریت ہر استبداد ہر جابرانہ قوت کے سامنے ادب نے مزاحمت کی چنگاری جلائی ہے۔ یہ چنگاری کبھی فیض کے اشعار میں دہکی کبھی منٹو کے افسانوں میں لپکی کبھی جالب کی نظموں میں گونجی تو کبھی قرۃ العین حیدر کے ناولوں میں سلگتی رہی۔ یہی وہ مزاحمتی ادب ہے جس نے ظلم کی کوکھ میں امید کا چراغ جلایا اور یہی وہ روایت ہے جو آج بھی سسکتی سانسوں میں زندہ ہے۔

ادب اور بغاوت کے رشتے کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ بغاوت کو پہچانا جائے۔ بغاوت صرف ہتھیار اٹھانے کا نام نہیں بلکہ یہ ہر اس کوشش کا نام ہے جو جبر اور استحصال کے خلاف کی جائے۔

بغاوت وہی لوگ کرتے ہیں جو حالات سے سمجھوتہ کرنے سے انکار کر دیتے ہیں، جو سچائی کو کسی بھی قیمت پر چھپانے پر راضی نہیں ہوتے۔

ادیب جب اپنے سماج کے جبر اور ظلم کو دیکھتا ہے تو وہ دو راستوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرتا ہے یا تو وہ خاموشی اختیار کر لے اور حالات سے سمجھوتہ کر لے یا پھر اپنے قلم کو ہتھیار بنا کر سچ بولے چاہے اس کی کتنی ہی قیمت چکانی پڑے۔ جو دوسرا راستہ اختیار کرتے ہیں وہی وہ ادیب ہوتے ہیں جو تاریخ میں زندہ رہتے ہیں۔

بغاوت صرف مرد ادیبوں تک محدود نہیں خواتین ادیبوں نے بھی اپنے قلم کو جبر کے خلاف استعمال کیا ہے۔ عصمت چغتائی نے لحاف میں عورتوں کی دبی ہوئی خواہشات کو بیان کیا جو اس وقت کے سماج کے لیے ناقابل قبول تھا۔ قرۃ العین حیدر نے تاریخ کو نسائی آنکھ سے دیکھا اور اپنی تحریروں میں وہ سچ بیان کیے جو اکثر چھپائے جاتے رہے۔

یہ کہانی صدیوں پرانی ہے۔ جب بھی طاقت کے نشے میں چور حکمراں حق کی آواز کو دبانے نکلے تو لفظوں نے انھیں للکارا۔ سقراط سے منصور حلاج تک برونو سے بھگت سنگھ تک ان گنت نام ہیں جو اس زمین پر آمرانہ قوتوں کے خلاف کھڑے ہوئے اور اپنے قلم کی طاقت سے ظلم کے ایوانوں میں زلزلہ برپا کر دیا، اگر آپ کو اس کی تازہ ترین مثال چاہیے تو دیکھیے کہ کس طرح آج بھی وہ قلم جو سچ لکھتے ہیں انھیں خاموش کرانے کی کوشش کی جاتی ہے، ان کے الفاظ پر قدغن لگائی جاتی ہے انھیں غدار اور ملک دشمن قرار دیا جاتا ہے۔ مگر تاریخ کا سبق یہی ہے کہ یہ زنجیریں ہمیشہ کمزور پڑتی ہیں اور سچ کا چراغ ہمیشہ جلتا رہتا ہے۔

جب فیض احمد فیض نے لکھا۔

متاعِ لوح وقلم چھن گئی تو کیا غم ہے
کہ خونِ دل میں ڈبو لی ہیں انگلیاں میں نے

تو یہ صرف ایک شاعر کی آہ نہیں تھی یہ ہر اس شخص کی فریاد تھی جو ظلم کے خلاف لکھنے بولنے اور سوچنے کی سزا بھگت رہا تھا۔ فیض ہوں یا جالب انھوں نے اپنے اشعار میں آمریت کو للکارا اور وہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈال دیے گئے۔ مگر کیا ان کے لفظ مر گئے؟ کیا ان کی شاعری کا اثر ختم ہو گیا؟ نہیں بلکہ ان کے لفظ آج بھی اتنی ہی شدت سے گونجتے ہیں جتنے تب گونجتے تھے۔

منٹو نے جب سماج کے ننگے سچ کو بے نقاب کیا تو ان پر مقدمے کیے گئے۔ ان کے افسانے فحش قرار دیے گئے مگر ان کا قلم نہ رکا۔ وہ لکھتے رہے اور یوں ان کے کردار آج بھی ہمارے بیچ زندہ ہیں وہی سعادت حسن منٹو آج بھی ہمارے سماج کے منافقانہ چہرے کو بے نقاب کر رہے ہیں۔

ادب اور مزاحمت کا تعلق ہمیشہ سے ہے یہ کہنا کہ ادب کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے خود ایک سیاسی بیان ہے کیونکہ جو بھی جبر کے خلاف لکھے گا وہ سیاست میں شمار ہوگا وہ اقتدار کے ایوانوں میں ارتعاش پیدا کرے گا۔ قرۃ العین حیدر کے ناول ہوں یا انتظار حسین کے افسانے سب نے تاریخ کے ان چھپے ہوئے صفحات کو پلٹ کر دیکھا جنھیں فراموش کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔

آج بھی دنیا بھر میں جابر قوتیں ادیبوں اور صحافیوں کو خاموش کرانے پر تلی ہوئی ہیں۔ کہیں اظہارِ رائے کی آزادی کا گلا گھونٹا جا رہا ہے، کہیں سچ بولنے والوں کو جیلوں میں ڈالا جا رہا ہے، کہیں انھیں جلا وطنی پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ یہ کھیل نیا نہیں پرانا ہے، بہت پرانا مگر ہر دور میں کوئی نہ کوئی قلمکار کوئی نہ کوئی شاعر کوئی نہ کوئی فنکار اٹھتا ہے جو سچ کہنے کی ہمت کرتا ہے اور تاریخ کے صفحات پر اپنا نام رقم کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ادب کو محض تفریح سمجھنے والے غلطی پر ہیں۔ ادب وہ آئینہ ہے جس میں ہر دور کے حکمراں اپنا اصل چہرہ دیکھتے ہیں اور گھبرا جاتے ہیں۔ یہی گھبراہٹ انھیں کتابوں پر پابندی لگانے ادیبوں کو جیلوں میں ڈالنے ان کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے پر مجبور کرتی ہے، مگر کیا تاریخ میں کوئی ایسا دور آیا جب یہ ہتھکنڈے کامیاب ہوئے ہوں نہیں ہمیشہ سچ جیتا ہے ہمیشہ لفظوں نے بندوقوں کو شکست دی ہے۔

تعلیم اور سماجی تعلقات

تحریر: سلمان عابد

عمومی طور پر تعلیم معاشروں کی تشکیل کرتی ہے۔ اس تشکیل میں ایک بنیادی نقطہ سماجی تعلقات کا بھی ہے۔ سماجی تعلقات سے مراد کہ تعلیم کا نظام یا تربیت ہم پر اس طرح سے اثر انداز ہو کہ ہم اس تعلیم کو بنیاد بنا کر معاشرے میں رہنے والے مختلف فریقین کے ساتھ اپنے سماجی سطح کے تعلقات کو بھی مضبوط بنا سکیں۔

ان سماجی تعلقات میں خاندان اور خاندان سے باہر کے افراد سب شامل ہوتے ہیں۔ یعنی ہم اپنے نجی حوالے سے جہاں جہاں حرکت میں آتے ہیں وہیں ہمارے سماجی تعلقات کی نوعیت کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔

ہم تعلیم کو بنیاد بنا کر سماجی سطح پر انصاف، رواداری اور برابری کی بات کرتے ہیں۔ اس بات پر زور دیا جاتا ہے کہ ہمارے سماجی تعلقات کی نوعیت سماجی انصاف ہی کے ساتھ جڑی ہونی چاہیے۔ یعنی ہم سماجی رشتوں میں انصاف کے تقاضوں کو پورا کر سکیں اور ان کو برابری کے اصول پر پرکھا جائے تا کہ تفریق وتعصب کو پہلو نمایاں نہ ہو۔

لیکن ہماری تعلیم سماجی تعلقات میں سب کو یکجا کرنے کے بجائے تقسیم کرنے کا سبب بن رہی ہے۔ مذہبی بنیادوں پر، فرقہ وارانہ بنیادوں پر، لسانی بنیادوں پر، علاقائی بنیادوں پر زبان کی بنیاد پر، اور سیاسی بنیادوں پر لوگ تقسیم ہو رہے ہیں۔ تقسیم کا یہ عمل برا نہیں یقینی طور پر لوگ اپنی اپنی سوچ اور فکر رکھتے ہیں۔

لیکن اگر تقسیم کا یہ عمل لوگوں میں ایک دوسرے کے بارے میں تعصب اور نفرت کو پیدا کر رہا ہے یا ان میں دوری یا ان کے سماجی تعلقات کو متاثر کر رہا ہے تو یہ عمل معاشرے میں ایک ہیجانی کیفیت کو پیدا کرتا ہے۔

گھر یا خاندان کے نظام کو ہی لے لیں تو یہ بھی بہت زیادہ سماجی تعلقات میں بگاڑ کا سبب پیدا کر رہا ہے۔ گھر اور خاندان کا نظام نہ صرف اکٹھے مل کر چلنے کے لیے تیار نہیں بلکہ وہ مل کر ساتھ رہنے کے لیے بھی تیار نہیں۔ یعنی ہمارا تعلیمی نظام یا تعلیمی نصاب نئی نسل کو یہ سمجھانے کے لیے ہی تیار نہیں ہے کہ انھیں مختلف رشتوں کی سطح پر اپنے سماجی تعلقات کو کیسے استوار کرنا ہے اور کیسے ان کو آگے بڑھانا ہے۔

ان رشتوں میں سماجی رابطے کیسے مضبوط بنانے ہیں اور کیسے ایک دوسرے کی مدد کرنی ہے۔ یہ جو سماج میں ایک دوسرے کے بارے میں لاتعلقی کا احساس پیدا ہو رہا ہے یا ہم ایک دوسرے سے فاصلے بڑھاتے جا رہے ہیں۔ اسی طرح اس کی کیا وجوہات ہیں اور کیوں ہم اس کا علاج موجودہ تعلیمی نظام میں اصلاح کے حوالے سے تلاش نہیں کر سکے۔ یہ جو سماج میں میاں بیوی کے رشتوں میں ابتدا ہی سے بگاڑ پیدا ہو رہا ہے یا ان میں طلاق کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے اس کی تعلیم وتربیت کا عمل کہاں کھو گیا ہے اور یا بچوں اور بچیوں کی شادی کے بارے میں آگاہی کے فقدان کا ذمے دار کون ہے۔

ہمارا تعلیمی نظام آج بھی بہت زیادہ پرانے خیالات کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ دنیا بھر میں جو نئی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اور سماج میں جس انداز سے نئی تشکیل ہو رہی ہے اس کا ادراک ہمارے تعلیمی نظام اور تعلیمی نصاب میں نظر نہیں آتا۔

یہ ہی وجہ ہے کہ تعلیم اور نصاب کا نظام اور سماج ایک دوسرے سے جڑے ہوئے نہیں بلکہ مختلف نظر آتے ہیں۔ سماجی تعلقات کا عمل اسی صورت میں ہی مضبوط ہوتا ہے جب ہم ایک دوسرے کی قبولیت کو یقینی بناتے ہیں۔ یہ جو معاشرے میں ایک طبقاتی سوچ اور فکر کا غلبہ ہے یعنی ایک بڑا طبقہ خود کو بڑا اور دوسروں کو کمتر یا چھوٹا طبقہ سمجھتا ہے اس نے معاشرے کے اندر برابری کے پہلو کو نقصان پہنچایا ہے۔

جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم سب برابر ہیں لیکن عملی طور پر جب ہم خود اس کی نفی کرتے ہیں تو اس عمل سے معاشرے میں تقسیم کا پہلو پیدا ہوتا ہے۔ یہ عمل محض معاشرے میں چند افراد تک محدود نہیں ہے بلکہ ریاست اور حکمرانی کے نظام میں بھی اس کی بدترین شکلیں دیکھنے کو ملتی ہیں۔

پاکستان کے تناظر میں دیکھیں تو یہاں لسانی سیاست اور فرقہ وارانہ سیاست سمیت مذہبی انتہا پسندی اور شدت پسندی کے پہلو نمایاں طور پر مضبوط ہیں۔ اسی طرح سے مذہبی اقلیتوں سمیت عورتوں کے ساتھ سلوک بھی اچھا نہیں ہے۔

ریاست اور حکمرانی کے نظام کو جس طرح سے معاشرے کے کمزور طبقات پر سرمایہ کاری کرنی چاہیے تھی اس پر بہت زیادہ توجہ نہیں دی گئی۔ بلکہ کئی مواقعوں پر یہ احساس غالب ہوتا ہے کہ یہ مسائل ریاست کی ترجیحات کا حصہ ہی نہیں ہے۔ آپ کسی بھی نجی محفل میں چلے جائیں چاہے وہ خیر رسمی ہو یا رسمی علمی ہو یا فکری ہمارے ہاں لوگ ایک دوسرے کے بارے میں بہت زیادہ متعصب یا منفی رویے رکھتے ہیں۔ ایک بات سمجھنی ہوگی اگر لوگوں کو معاشرے میں سیاسی سماجی اور معاشرتی انصاف نہیں ملے گا تو اس سے ان میں رد عمل کی سیاست پیدا ہوگی۔ رد عمل کی یہ سیاست ان میں انتہا پسندانہ رجحانات کو جنم دیتی ہے۔

ہمارے ہاں عمومی طور پر بہت سی مسائل کا ذمے دار نئی نسل کو قرار دیا جاتا ہے۔ لیکن یہ سب بھول جاتے ہیں کہ جب تک آپ نئی نسل کے لوگوں کو معاشرے کے قومی دھارے میں شریک نہیں کریں گے تو ان نوجوانوں کو ریاست کے نظام کے ساتھ جوڑنا ممکن نہیں ہوگا۔

جب ڈھائی سے تین کروڑ بچہ اسکول جانے سے محروم ہو تو وہاں سماجی انصاف کی باتیں مذاق لگتی ہیں۔ بنیادی طور پر تعلیم اور سماجی تعلقات کا گہرا تعلق ہے اور اس تعلق کو مضبوط بنا کر ہم ایک ذمے دارانہ اور مہذب معاشرے کی تشکیل نو کر سکتے ہیں۔ لیکن یہ کام اسی صورت میں ممکن ہوگا جب ہم اجتماعی طور پر اپنے تعلیمی اور معاشرتی نظام کی اصلاح کریں۔ یہ کام سیاسی تنہائی میں ممکن نہیں ہوگا بلکہ جو بھی ذمہ دار ہیں ان کام میں بھی کرنا ہوگا اور جوابدہ بھی ہونا پڑے گا۔

رمضان اور مہنگائی

تحریر: ایم جے گوہر

رمضان المبارک نیکیاں کمانے کا مہینہ ہے۔ اس ماہ مقدس میں ہر نیکی کا اجر وثواب بڑھا دیا جاتا ہے۔ رمضان میں عبادت، ریاضت، ایثار وقربانی اور اللہ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہر مسلمان زیادہ سے زیادہ نیک اعمال کرتا ہے تا کہ روز قیامت اس کی بخشش کی راہ ہموار ہو سکے۔

تاریخ کے اوراق میں حضرت سلمان فارسی سے روایت ہے کہ شعبان المعظم کی آخری تاریخ کو رسول کریم ﷺ نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا جس میں آپؐ نے رمضان المبارک کی اہمیت وعظمت کو اجاگر کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگو! تم پر ایک عظمت اور برکت والا مہینہ سایہ فگن ہو رہا ہے، جو شخص اس مہینے میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کا قرب حاصل کرنے کے لیے کوئی غیر فرض عبادت (یعنی سنت یا نفل) ادا کرے گا تو اسے دوسرے زمانے کے فرائض کے برابر اس کا اجر ملے گا اور اس مہینے میں فرض ادا کرنے کا ثواب دوسرے زمانے کے ستر فرائض کے برابر ملے گا۔ یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے، یہ ہمدردی اور غم خواری کا مہینہ ہے، یہی وہ مہینہ ہے جس میں مومن بندوں کے رزق میں فراخی اور اضافہ ہوتا ہے جس نے اس مہینے میں کسی روزے دار کو افطار کروایا تو یہ اس کے لیے گناہوں کی مغفرت اور آتش دوزخ سے آزادی کا ذریعہ ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطبے کی روشنی میں دیکھیں تو حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں چیزیں رمضان المبارک کی پہچان ہیں۔

اس جہان ایک طرف اہل ثروت اور صاحب خیر افراد انفاق فی سبیل اللہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ روزہ داروں کو افطار کروانا، غریبوں، ناداروں، بے کسوں، بے سہاروں اور مساکین میں صدقہ وزکوٰۃ خیرات اور راشن کی تقسیم کر کے اپنی نیکیوں میں اضافہ کرتے ہیں تو دوسری طرف بدنیت، بداعمال، ضمیر فروش، ذخیرہ اندوز، منافع خور اور چور بازاروں کے غیر اخلاقی، غیر انسانی اور منافقانہ طرز عمل کی وجہ سے غریب آدمی کا اس ماہ مقدس میں جی بھر کے استحصال کیا جاتا ہے۔

نیکیاں کمانے اور اللہ کی رضا حاصل کرنے کے بجائے لوگ بداعمال لوگ اپنے گناہوں کے بوجھ میں اضافہ کرتے ہیں، دانستہ اللہ کی ناراضگی مول لیتے ہیں۔ آج ہمارے معاشرے میں غربت، افلاس، تنگدستی، بھوک، بے روزگاری، معاشی بدحالی اور دیگر بہت سے عوامل نے مل کر ایسی صورت حال پیدا کر دی ہے کہ ایک عزت دار اور خود دار آدمی کے لیے اپنی سفید پوشی کا بھرم قائم رکھنا ناممکن ہو گیا ہے۔

ایسے افراد نہ کسی کے آگے دست سوال بڑھاتے ہیں اور نہ کسی سے امید لگاتے ہیں۔ ان کا واحد سہارا اللہ کی ذات ہوتی ہے اور زمین پر وقت کے حاکم ہی ان کی دادرسی کر سکتے ہیں۔ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں گرانی اور مہنگائی میں غیر معمولی اضافہ ہو جاتا ہے۔ ذخیرہ اندوزوں، چور بازاروں اور منافع خوروں کی عید سے پہلے عیدی اور چاندی ہو جاتی ہے۔ پھل فروٹ جو افطاری کا لازمی جز ہوتے ہیں

قومی کاز

تحریر: رئیس خان

قوم کا وہ کردار جس کی ملک کو ضرورت ہے اس کا نمایاں ہونا مرکزی حیثیت کا حامل ہے۔ پاکستان میں قوم کو اس سوچ اور رویوں سے نجات دلانے ضروری ہے جس سے ان کی توقعات میرٹ سے زیادہ سفارشات کے ساتھ جڑ جاتی ہیں۔ سفارشی اور کرپٹ نظام کی حوصلہ افزائی نے پاکستانی معاشرت اور قومی کاز کو بے حد نقصان پہنچایا ہے۔ منفی اپروچ سے شعبہ ہائے زندگی پہ کافی گہرے نقصان دہ اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ مادہ پرستی اور مفاد پرستی کا عنصر قومی کاز پہ بھاری نظر آ رہا ہے۔ بحیثیت قوم ہماری ترجیحات قومی کاز سے مطابقت کے عین مطابق نہیں ہے۔ پروپیگنڈے اور جھوٹے بیانیے بہکا دینے میں کارگر ثابت ہو رہے ہیں۔ بدقسمتی سے ہم ایک قوم بننے کے سفر سے کافی دور نظر آتے ہیں۔ ملک میں افراتفری انتشار عدم برداشت فساد دہشت گردی تعصبات مذہبی فرقہ واریت لسانیت کے رویے جڑ پکڑتے جا رہے ہیں اور ایک قوم کی حیثیت سے ہم کمزور ہوتے جا رہے ہیں۔ قوم کی معاشرتی زندگی پہ عارضی اور جھوٹے بیانیے اثر انداز ہو رہے ہیں۔ سوشل میڈیا کی بہتات اور بغیر تصدیق کے خبروں کی تشہیر سے معاشرتی زندگی میں بے چینی کا عنصر نمایاں ہوتا جا رہا ہے۔ دہشت گردی ناسور کی شکل میں قوم کے سامنے کھڑی ہے۔ قوم اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہادتیں اور قربانیاں اس ملک اور قوم کے لیے ہیں۔ ملک وقوم کے تحفظ کی خاطر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں بہت معنی رکھتی ہیں۔ یہ قومی ہیروز اپنے وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے ہر محاذ پہ ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں۔ قومی کاز اور قومی شعور سے ملک میں گروہ اور ہجوم کی یلغار کو روکا جا سکتا ہے۔ ایک قوم بنیں اور قومی کاز کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ ملکی تحفظ اور سلامتی کی جنگ لڑنے والے قومی ہیروز کو قوم کے ساتھ اور تعاون کی ضرورت ہے۔ اگر قوم اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی رہے گی تو کوئی بھی ملک کے خلاف سازش کامیاب نہیں ہو سکے گی۔ پاکستان ایک خوبصورت اور بے پناہ وسائل کا ملک ہے اور پاکستان کی آبادی کی اکثریت یوتھ پہ مشتمل ہے۔ پاکستان کو یہ قوم اپنی صلاحیتوں سے بہت آگے لے جا سکتی ہے بشرطیکہ ملک سے محبت اور اخلاص ہو اور اپنی صلاحیتوں کو ملکی مفادات کے تحفظ کے لیے صرف کریں۔ دشمن قوتوں کے بہکاوے میں نہ آئیں اور دشمن قوتوں کی وہ سازشیں جن کے زیر اثر قوم کی ذہن سازی کر کے انھیں ملک کے اداروں سے بدگمان اور آپس میں لڑانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں سے اجتناب کیا جائے۔ اس ملک اور اس قوم نے ملکی تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دیں ہیں جنھیں جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں کے زیر اثر رائیگاں ہونے سے بچانے کی ضرورت ہے۔ ملک میں ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور قومی کاز کی مضبوطی کے لیے کام کریں۔ قوم کی معاشرتی زندگی میں اعتدال اور برداشت کا ہونا ضروری ہے۔ ہماری قومی شناخت اور پہچان اسی وقت مضبوط ہوگی جب ہم ملک کے لیے قربانیاں دینے والوں اور شہادتیں پیش کرنے والوں کے عظیم مقصد کو سمجھیں گے اور اپنے شہدا کی تکریم کے ساتھ ساتھ ہمارے قومی ہیروز ہمارے آئیڈیل ہوں گے۔ رہنما اصولوں کو مدنظر رکھ کر پاکستان کی خوشحالی اور ترقی کے لیے پوری قوم متحد ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

انسان اسمارٹ بھی ہے مگر

تحریر: کامران پنواڑی

سینئر وکیل اختر حسین نے جوڈیشل کمیشن کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ ان کے استعفیٰ سے 26 ویں ترمیم کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تضادات مزید گہرے ہو گئے۔ ادھر لاہور میں ایک بے روزگار شخص کی خودسوزی کا واقعہ رونما ہوا ہے۔ وہ ایک مقامی کمپنی میں ملازم تھا۔ اسے اور چند ساتھیوں کو مزدور یونین کو متحرک کرنے پر کمپنی نے برطرف کر دیا تھا مگر این آئی آر سی نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو ملازمت پر بحال کیا تھا مگر کمپنی نے 5 سال سے ہائی کورٹ سے اسٹے آرڈر لیا ہوا تھا۔ خودسوزی کرنے والا شخص اسپتال میں کئی دن تک زندگی کی لڑائی لڑتا رہا لیکن جانبر نہ ہو سکا اور دنیا سے رخصت ہو گیا۔

سینئر وکیل اختر حسین ایک مارکسی وادی ہیں، وہ نوجوانی میں بائیں بازو کی طلبہ تنظیم اسٹوڈنٹس فیڈریشن میں شامل ہوئے، وہ کراچی کے اسلامیہ لا کالج کی طلبہ یونین کے عہدیدار رہے۔ انھوں نے بائیں بازو کی سیاسی جماعتوں کو منظم کرنے کی کوششوں میں حصہ لیا۔ اختر حسین آج کل عوامی ورکرز پارٹی کے صدر ہیں۔ انھوں نے پیپلز پارٹی کی پہلی حکومت میں اسیر سیاسی کارکنوں کی دادرسی کے لیے عدالتوں میں مقدمات لڑنے شروع کیے۔

جب ذوالفقار علی بھٹو حکومت نے نیشنل عوامی پارٹی پر پابندی عائد کی اور نیپ کے رہنماؤں کے علاوہ پیپلز پارٹی کے منحرفین معراج محمد خان، علی بخش تالپور وغیرہ کو سازش کیس میں ملوث کیا جو حیدرآباد سازش کیس کے نام سے معروف ہوا تو اختر حسین صفائی کے وکلا کے پینل میں نوجوان وکیل کے طور پر شامل تھے۔ صفائی کے وکلا کے پینل میں محمود علی قصوری اور بیرسٹر ایس اے وجود جیسے نامور وکلا شامل تھے۔ جب جنرل ضیا الحق کے دور میں کمیونسٹ پارٹی کے پولٹ بیورو کے رکن طالب علم رہنما پر نذیر عباسی کو ٹارچر کیمپ میں شہید کیا گیا تو اختر حسین نے ان کی بیوہ حمیدہ گھانگھرو کے وکیل کی حیثیت سے نذیر عباسی کے قتل کی ایف آئی آر درج کرانے کی مسلسل کوشش کی۔

کراچی کی خصوصی فوجی عدالت میں کمیونسٹ پارٹی کے رہنما جام ساقی، پروفیسر جمال نقوی اور سہیل سانگی وغیرہ کے خلاف مقدمہ چلایا گیا تو اختر حسین نے پھر ان سیاسی اسیروں کی پیروی کا فریضہ انجام دیا۔ اختر حسین نے وکلا کی تمام تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ وہ جنرل ضیاء الحق کے دور میں 1973 کے آئین کی بحالی کی تحریک میں کئی ماہ کراچی سینٹرل جیل میں مقید رہے۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کی تحریک میں صفِ اول کے رہنماؤں میں شامل رہے مگر جب افتخار چوہدری نے عدالتی آمریت قائم کی تو انسانی حقوق کی تحریک کی عظیم قائد عاصمہ جہانگیر کے ساتھ مل کر وکلا کا انڈیپنڈنٹ گروپ منظم کیا۔

اختر حسین پاکستان بار کونسل کی جانب سے جوڈیشل کمیشن کے رکن تھے اور ایک عرصے سے نمایندگی کا فریضہ انجام دے رہے تھے۔ تحریک انصاف کی حکومت نے جب جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس دائر کیا تو اس وقت اختر حسین ان وکلا میں شامل تھے جنھوں نے اس ریفرنس کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی۔ جب سینیارٹی کے اصول کو نظر انداز کر کے جونیئر ججز سپریم کورٹ میں لانے کے لیے قانون تیار کیا تو اختر حسین اس کے حق میں نہیں تھے۔ جب گزشتہ سال پارلیمنٹ نے آئین میں 26 ویں ترمیم منظور کی اور ججز کی تقرری کے لیے جوڈیشل کمیشن کا قیام عمل میں آیا۔ اس کمیشن میں سپریم کورٹ کے تین ججوں کے علاوہ بار کونسل اور سیاسی جماعتوں کی نمایندگی بڑھا دی گئی۔

جوڈیشل کمیشن کے پہلے اجلاس میں سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے تقرر کے لیے سینیارٹی کے بجائے Stability کا اصول اپنایا گیا اور اعلیٰ عدلیہ میں آئینی بنچ کی تشکیل کے لیے یہی اصول اختیار کیا گیا۔ وزارت قانون نے آئینی ترمیم کے بعد نئے قانون کے مطابق تین ہائی کورٹس سے سینئر ججز کا تبادلہ اسلام آباد ہائی کورٹ

بشارت اٹھوال حقوق سے محروم مسیحیوں کی آواز ہیں، بشپ فریڈرک جون

بشپ فریڈرک جون کی کے ایم سی ملازمین کے مسائل حل کروانے پر ایڈووکیٹ سلیم مائیکل اور بشارت اٹھوال کو مبارکباد

کراچی (این این آئی) چرچ آف پاکستان کے رہنما بشپ فریڈرک جون نے کے ایم سی کے ریٹائرڈ مسیحی ملازمین کے پنشن اور واجبات کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرنے پر ممتاز مسیحی قانون دان ایڈووکیٹ سلیم مائیکل اور سماجی رہنما بشارت اٹھوال کو مبارکباد پیش کی۔ بشپ فریڈرک جون نے اپنے بیان میں کہا کہ سلیم مائیکل اور بشارت اٹھوال نے مسیحی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے نہایت اہم اور قابلِ ستائش کام کیا ہے۔ چرچ آف پاکستان کے رہنما بشپ فریڈرک جون نے کے ایم سی ملازمین کے مسائل حل کروانے پر ایڈووکیٹ سلیم مائیکل اور سماجی رہنما بشارت اٹھوال سے ملاقات کی۔ اس موقع پر پرویز گل، انور سردار و دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے موقع پر بشپ فریڈرک جون نے مزید کہا کہ یہ دونوں شخصیات مسیحی کمیونٹی کے لیے ایک امید کی کرن ہیں، جنہوں نے قانونی اور سماجی میدان میں اپنی بے لوث خدمات انجام دی ہیں۔ میئر کراچی نے سال 2023 کو واجبات کی ادائیگی بند کردی تھی بشارت اٹھوال اور سلیم مائیکل کی کاوشوں سے مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ بشپ فریڈرک جون نے کے ایم سی میں خدمات انجام دینے والے مسیحی ملازمین کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان ملازمین نے ہمیشہ محنت، دیانت داری اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری پاکستان کی ترقی میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے اور مختلف شعبہ جات میں ان کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

اسلام آباد، کچہری میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، 2 افراد زخمی

نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار 3 لوگوں نے پیشی پر آئے لوگوں پر اچانک فائرنگ کردی، ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہوگئے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، 2 افراد زخمی ہوگئے، نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار 3 لوگوں نے پیشی پر آئے لوگوں پر اچانک فائرنگ کردی، نامعلوم ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق فائرنگ کا افسوسناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب ضلع کچہری میں نامعلوم ملزمان نے پیشی پر آنے والے تین افراد کو اپنی گولیوں کا نشانہ بنایا جس سے فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایک شخص موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری موقع پر پہنچ گئی۔ فائرنگ سے زخمیوں کو ایمبولینس نہ ہونے کی وجہ سے لوڈر گاڑی میں ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی گئی۔ نامعلوم ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہو گئے جب کہ فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایک شخص جاں بحق ہو گیا جب کہ دوسرے زخمی کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ذاتی رنجش کی وجہ سے پیش آیا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ وقوعہ کے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف جگہوں پر چھاپے مارے ہیں جلد ہی انہیں گرفتار کرلیا جائیگا۔ دوسری جانب پشاور خیبر روڈ کے ریڈ زون میں کچہری گیٹ کے سامنے فائرنگ سے زیر حراست ملزم اور پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔

لاہور، صوبائی وزیر شافع حسین سے دارو غہ والا اور سگیاں ایریا کے صنعت کاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان میں سالانہ ہر ایک لاکھ میں سے 277 افراد ٹی بی کا شکار ہوتے ہیں، ماہرین

کراچی، سالانہ 6 لاکھ 86 ہزار افراد ٹی بی سے متاثر ہوتے ہیں، ڈاکٹر افتخار، سید علی حسن کا خطاب

کراچی (این این آئی) ڈاؤ- اوجھا انسٹی ٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز (او آئی سی ڈی) کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا ہے کہ پاکستان کا شمار تپ دق سے سب سے زیادہ متاثرہ 5 ممالک میں ہوتا ہے، 2001 میں پاکستان میں ٹی بی کو قومی ایمرجنسی قرار دیا گیا تھا کیونکہ ملک میں سالانہ ہر ایک لاکھ میں سے 277 افراد یعنی مجموعی طور پر 6 لاکھ 86 ہزار افراد ٹی بی کا شکار ہوتے ہیں، جن میں سے 4 لاکھ 94 ہزار 603 کیسز رپورٹ ہوتے ہیں جبکہ 30 فیصد یعنی ایک لاکھ 91 ہزار 397 مریض ایسے ہیں جن میں ٹی بی کی تشخیص نہیں ہو پاتی، انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں ٹی بی سے سالانہ 48 ہزار 500 اموات ہوتی ہیں، یہ باتیں انہوں نے ٹی بی (تپ دق) کے عالمی دن کے سلسلے میں اوجھا انسٹی ٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز میں سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول (سی ڈی سی) سندھ کے اشتراک سے منعقدہ آگہی واک سے خطاب میں کہیں، جس میں ڈائریکٹر او آئی سی ڈی پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر او آئی سی ڈی ڈاکٹر غلام مرتضیٰ سوہو، سینئر صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام آفیسر سید علی حسن کاظمی، ڈاکٹر محمد ندیم، کنسلٹنٹ ڈاکٹر صائمہ، ڈائریکٹر نائیڈ پروفیسر ڈاکٹر مسرت ریاض، ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے پروفیسرز، ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اور نرسنگ اسٹاف کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تقریب کا آغاز واک سے کیا گیا جس میں شامل ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے ہاتھوں میں ٹی بی سے بچا کے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، بعد ازاں آگہی سیمینار میں ڈائریکٹر اوجھا انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز اینڈ ڈین فیکلٹی آف میڈیسن پروفیسر افتخار احمد نے ٹی بی کی وجوہات، تشخیص اور علاج کی دستیاب سہولتوں کے بارے میں آگاہ کیا، انہوں نے بتایا کہ سندھ میں ٹی بی کے سالانہ ایک لاکھ 54 ہزار 278 افراد ٹی بی کا شکار ہوتے ہیں،

لاہور، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ ٹاسک فورس ہیومن رائٹس اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ

مزاحمت کرنے والے 7 ناجائز قابضین کو موقع سے گرفتار کیا گیا، ترجمان ڈی آئی جی آپریشن

لاہور (این این آئی) لاہور کے تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ ہوئی ہے جس میں ممبر پنجاب بار کونسل ضمیر جھیڈو، ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر اور انچارج چوکی انڈسٹریل ایریا زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر وقاص کاہلوں کو تحویل میں رکھ لیا، وکلاء برادری کی بڑی تعداد تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا کے باہر جمع ہوگئی۔ پولیس نے کہا کہ پولیس ناجائز قابضین کے خلاف کاروائی کرنے پر وکیل نیدیگر ساتھیوں کے ہمراہ چوکی پر حملہ کیا، پی ٹی آئی رہنما ضمیر جھیڈو نے ساتھیوں کے ہمراہ پولیس چوکی پر دھاوا بول دیا. ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق مزاحمت کرنے والے 7 ناجائز قابضین کو موقع سے گرفتار کیا گیا، پولیس نے ضمیر جھیڈو، وقاص کاہلوں سمیت مزاحمت کرنے والے 7 افراد کو گرفتار کیا، ان کا کہنا تھا کہ ضمیر جھیڈو اور ساتھیوں نے اسلحہ کا بھی آزادانہ استعمال کیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ چوکی انچارج سب انسپکٹر ندیم کو زخمی کرنے پر ضمیر جھیڈو کو گرفتار کیا گیا، چوکی انچارج کو طبی امداد کے لیے لاہور جنرل اسپتال منتقل کیا گیا، ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی ماڈل ٹاؤن خود تمام صورت حال مانیٹر کر رہے ہیں۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کا مزید کہنا تھا کہ ملزمان کے ساتھی روڈ بلاک کر کے دباؤ ڈال رہے ہیں، کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

عوام کی فلاح و بہبو کے لئے کام کرنا ہمارا عزم ہے۔ گورنر سندھ

22 ویں اتحاد رمضان افطار ڈنر میں مختلف ممالک کے قونصل جنرل سمیت سول ایوارڈز حاصل کرنے والی شخصیات بھی شریک تھیں

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھنا اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرنا ہمارا عزم ہے، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے سب کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں اتحاد رمضان کے 22 ویں افطار ڈنر کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سعودی عرب، روس، اٹلی، کوریا، ترکیہ، عمان، ملائشیا، ویتنام، ایران، بنگلہ دیش، یو اے ای اور قطر کے قونصل جنرلز سمیت سول ایواڈز حاصل کرنے والی شخصیات سمیت دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک تھے۔ افطار ڈنر کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ فلپائن سے آئے کاشف لقمان البانی نے قرآن پاک کی تلاوت کی۔ حافظ ابوبکر بیروی نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ حافظ ولید حسن نے کلام یوم پاکستان پیش کیا۔ گورنر سندھ کا دوست ممالک سے یکجہتی کا اظہار، ترکیہ، سعودی عرب، ایران، روس، عمان، اٹلی، ملائیشیا، بنگلہ دیش، قطر اور کوریا کے ساتھ دوستی کے نعرے بھی لگائے۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ مختلف ممالک کے قونصل جنرلز کی تقریب میں شرکت ہمارے لئے باعثِ افتخار، ان کی محبت اور بھائی چارے کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم پاکستان تاریخی عزم اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، یہ دن تجدیدِ عہد کا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج قائداعظم محمد علی جناحؒ کے مزار پر حاضری دی، پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لئے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا وطن بے پناہ قربانیوں سے حاصل ہوا، ہمیں اپنے شہداء کی قربانیوں کو یاد رکھنا ہوگا۔ سب مل کر ملک کی خوشحالی، استحکام اور امن کے لیے دعا کریں، اللہ تعالیٰ سب کی نیک تمنائیں پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ پورے رمضان اور عید کے تین دن بچوں کے لئے خصوصی تفریحی انتظامات، جھولے، گھوڑے، اونٹ اور روایتی کھیل بالکل مفت ہوں گے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ یہاں موجود تمام بہنوں کو کسی خوف کی ضرورت نہیں، کیونکہ آپ کا بھائی گورنر ہے۔ یہاں موجود تمام بھائیوں کے لئے بھی یہی پیغام ہے، کیونکہ آپ کا بھائی گورنر ہے۔ بعد ازاں افطار ڈنر کے شرکاء کے لئے قرعہ اندازی کی گئی۔ کیش عیدی کی قرعہ اندازی میں مختلف ممالک کے معزز مہمانوں نے حصہ لیا۔ بنگلہ دیش کے قونصل جنرل نے عمرہ کے ٹکٹ کی قرعہ اندازی میں مقصود احمد کا نام نکالا۔ بنگلہ دیش کے قونصل جنرل نے عوام کو عید کی ایڈوانس مبارکباد دی

آئی جی خیبر پختونخوا کا وزیر اعلیٰ کو مراسلہ، تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ

کے پی کو ہارڈ ایریا قرار دے کر تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کی جائیں، مراسلہ

پشاور (یو این اے) آئی جی پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کو خط ارسال کر دیا۔ صوبے کو ہارڈ ایریا قرار دے کر پولیس کی تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ خط کے متن کے مطابق خیبر پختونخوا اور بلوچستان اندرونی اور سرحدی دہشت گردی کے خطرات کا سامنا کر رہے ہیں، خیبر پختونخوا میں پولیسنگ اتنی ہی مشکل اور چیلنجنگ ہے جتنی بلوچستان میں ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا کے خط میں مزید کہا گیا کہ بلوچستان میں پولیس افسران اور اہلکاروں کو زیادہ مالی مراعات دی جاتی ہیں۔ پولیس کی تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کی جائیں۔ تنخواہوں میں واضح فرق پولیس میں عدم اطمینان پیدا کر رہا ہے۔ خط کے متن کے مطابق کے پی پولیس زیادہ قربانیاں دے رہی ہے، دیگر صوبوں کے مقابلے میں تنخواہیں کم ہیں، فیصلے سے سالانہ مالی بوجھ 21 کروڑ، 19 لاکھ روپے ہوگا۔

حکومت کی سوائے ہوائی اعلانات کوئی پراگرس نہیں، عوام سخت ہے، چوہدری جاوید قادر

میر پور (اے ایف بی) صدر مسلم لیگ ن ضلع میر پور چوہدری جاوید قادر نے کہا کہ موجودہ آزاد کشمیر حکومت سوائے ہوائی اعلانات کے کوئی پراگرس نہیں ہے عوام میں اس حوالے سے سخت مایوسی پائی جاتی ہے۔ مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے الیکشن کے لیے تیار ہے۔ موجودہ سیاسی بحران و عوامی مسائل کا حل سرف اور صرف نئے الیکشن ہیں۔

بابا کوٹ، پولیس کی کارروائی، مفرور ملزم گرفتار، مسروقہ مال برآمد

بابا کوٹ (یو این اے) ایس ایچ او چھتر روشن خان کاسی کی قیادت میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مفرور ملزم کو گرفتار کرلیا اور 67 ہزار روپے مالیت کی مسروقہ بھیڑیں برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی چھتر غلام حیدر منجھو کی نگرانی میں ایس ایچ او روشن خان کاسی، اے ایس آئی امام بخش کھوسہ، ہیڈ کانسٹیبل عبدالغفار کھوسہ اور ان کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 10/025 بجرم (ii)147،504،506، 149 اور مقدمہ نمبر 25/025 بجرم 392 ت پ میں روپوش ملزم عبدالغنی ولد جلال عرف امیر بخش قوم چاکرانی بگٹی سکنہ بیلوٹھ چھتر کو گرفتار کرلیا۔ ملزم PS فلیجی کے درج ذیل مقدمات میں بھی مطلوب تھا: مقدمہ نمبر 5/025 بجرم 457،380 مقدمہ نمبر 10/025 بجرم 382،337H2، 458 ت پ پولیس نے ایک اور روپوش ملزم علینو از ولد مسلم قوم چاکرانی بگٹی سکنہ بیلوٹھ چھتر کو بھی گرفتار کرلیا، جو مقدمہ نمبر 25/025 بجرم 392 ت پ میں مطلوب تھا۔ ملزمان کا زیر استعمال موٹر سائیکل (CD 70) ماڈلِ ایان، رجسٹریشن نمبر نہ ہونے کے باعث نامعلوم (انجن نمبر 2 999715، چیسز نمبر: CB780334) دو مسروقہ بھیڑیں جن کی مالیت 67 ہزار روپے ہے

مفتی منیر شاکر پر حملے میں صرف 600 گرام دھماکہ خیز مواد استعمال ہوا

مفتی منیر شاکر کے ہجرے کے مرکزی دوروازے کے قریب دیسی ساختہ بارودی مواد کا دھماکا ہوا، پولیس

پشاور (اے ایف بی) پشاور میں مفتی منیر شاکر پر ہونے والے دھماکے کی تحقیقات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکے میں 600 گرام بارودی مواد استعمال کیا گیا تھا، جو مسجد کے چھوٹے گیٹ کے ساتھ نصب تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جیسے ہی مفتی منیر شاکر مسجد میں داخل ہوئے، بارودی مواد پھٹ گیا، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہو گئے جبکہ تین افراد زخمی ہوئے۔ حکام کے مطابق جائے وقوعہ کی سی سی ٹی وی فوٹیجز اور دیگر اہم شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں، جبکہ تحقیقات مزید جاری ہیں تاکہ واقعے کے ذمہ داروں کا سراغ لگایا جا سکے۔ گزشتہ روز پشاور کے علاقے ارمڑ میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں مفتی منیر شاکر انتقال کر گئے تھے۔ مفتی منیر شاکر کے ساتھ تین مزید افراد زخمی ہوئے تھے، زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا،

مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیاء کے امن کیلئے از حد ضروری ہے، صدر آزاد کشمیر

اُمہ مسئلہ کشمیر کے حل، مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالی بند کرانے کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالے

دھیرکوٹ (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ میں نے حال ہی میں برطانیہ اور امریکہ کا دورہ کیا ہے اور انٹرنیشنل کمیونٹی کو باور کرایا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیاء کے امن کے لئے از حد ضروری ہے اور میں نے کچھ دن قبل اسلامی ممالک کے سفیروں کو افطار ڈنر بھی دیا ہے جس میں، میں نے اُمہ پر زور دیا ہے کہ اُمہ مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالی بند کرانے کے لئے بھارت پر دباؤ ڈالے کیونکہ جب مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کو نماز نہیں پڑھنے دی جاتی وہاں پر درگاہ حضرت بل پر مسلمانوں کو عبادت سے بھی روک دیا جاتا ہے اور کشمیریوں کو شہید کیا جاتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں اس وقت بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف مزاحمت کرنے والے شہریوں کو قتل، زخمی اور معذور کیا جا رہا ہے، نوجوانوں کو آنکھوں کی بصارت سے محروم اور خواتین کی عزت کو پامال کیا جا رہا ہے جبکہ مقبوضہ ریاست کی پوری سیاسی قیادت کو گرفتار کر کے جیلوں میں بند کیا جا رہا ہے۔ کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کر کے بھارت کی مختلف جیلوں میں بند کر دیا گیا ہے۔ ان تمام مظالم کے باوجود بھارت کے حکمران دعویٰ کر رہے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر میں صورتحال معمول کے مطابق ہے لیکن حقائق اس کے برعکس ہیں کیونکہ بھارت کشمیریوں کو اُن کی مستقل سکونت، تعلیم، ملازمت اور جائیداد کے حصول جیسے حقوق سے بھی محروم کر رہا ہے۔ بھارت کے یہ تمام تر اوچھے ہتھکنڈے بین الاقوامی قانون کی صریحاً خلاف ورزی ہیں جس کا عالمی برادری کو نوٹس لینا چاہیے اور بھارت کو اُس کے ان مذموم عزائم سے باز رکھنے کے لئے کٹہرے میں کھڑا کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے آج یہاں دھیرکوٹ میں اپنے اعزاز میں دیئے گے افطار ڈنر کے موقع پر ایک بڑے اجتماع سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر افطار ڈنر میں جسٹس ریٹائرڈ راجہ سجاد خان، راجہ شمشاد خان، راجہ مشتاق، صباء شمشاد ایڈووکیٹ، صدارتی مشیر سردار امتیاز خان اور دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے اپنے خطاب میں مزید کہا

کوئٹہ، زرغون روڈ پر ایک شخص ریڑی پر پپیتا فروخت کر رہا ہے

کینیڈا کے وزیر اعظم کا پارلیمنٹ تحلیل کر کے نئے الیکشن کرانے کا اعلان

کینڈا (یو این اے) کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے پارلیمنٹ تحلیل کر کے نئے الیکشن کرانے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے پارلیمنٹ کو تحلیل کرنے کیلئے گورنر جنرل سے باضابطہ ملاقات بھی کی ہے، وزیر اعظم مارک کارنی نے کہا کہ 28 اپریل کو کینیڈا میں نئے انتخابات کرائے جائیں گے۔

ہمارا خطہ اور بلخصوص پشتون بلوچ صوبہ بدامنی اور جنگ کی لپیٹ میں ہیں، زمان خان کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط کوتوال علاقائی یونٹ کے علاقائی کمیٹی میٹنگ علاقائی سیکریٹری راز محمد وطنیار کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں علاقایی ایگزیکٹوز اور ابتدائی یونٹوں کی کارکردگی اور تنظیمی رپورٹ پیش کی گئی جس پر اطمینان کا اظہار کیا گیا میٹنگ میں پارٹی کے صوبائی سیکریٹری اطلاعات زمان خان کاکڑ اور ضلع ڈپٹی سیکریٹری محمد صدیق مشوانی صاحب شریک تھے میٹنگ سے زمان خان کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ وقت میں پشتون بلوچ صوبہ جس بدامنی کا شکار ہیں اس صورت حال کا مقابلہ صرف اور صرف منظم سیاسی قوت سے ہی ممکن ہیں ہمارا خطہ اور بلخصوص پشتون بلوچ صوبہ بدامنی اور جنگ کی لپیٹ میں ہیں اپنے وطن کو دشمنوں کی غلط عزائم اور جنگ سے پاک رکھنا ایک منظم سیاسی تنظیم سے ہی ممکن ہیں ہم نے تمام وطندوست سیاسی پارٹیوں کے ساتھ ملکر موجودہ وقت میں جہاں بدامنی عروج پر ہیں اپنے وطن اور اپنے عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا اپنے کارکنوں اور عوام کی سیاسی تربیت کرنی ہوگی

روم، پاکستانی سفارت خانے میں یوم پاکستان کی پرچم کشائی کی تقریب

روم (یو این اے) اٹلی کے شہر روم میں یوم پاکستان کی تقریب کے موقع پر سفارتخانے کے میں پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم لہرایا گیا، صدر مملکت اور وزیر اعظم کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے، پاکستان کے سفیر علی جاوید نے مقبوضہ جموں و کشمیر اور فلسطین کے مظلوم عوام کی منصفانہ اور قانونی جدوجہد پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ پاکستانی سفیر علی جاوید نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا

اسلام کا اقتصادی نظام ایک علیحدہ شان رکھتا ہے، مولانا عبد الماجد

ملکی بقا کیلئے نظریہ پاکستان پر من وعن عملدرآمد کیا جائے، صوبائی صدر امن کونسل

کراچی (این این آئی) صوبائی صدر پاکستان امن کونسل سندھ، مہتمم مدرسہ تعلیم القرآن، امام و خطیب جامع مسجد الخلیل بھٹائی آباد گلستان جوہر مولانا عبد الماجد فاروقی نے کہا ہے کہ اسلام کا اقتصادی نظام، سرمایا دارانہ نظام اور اشتراکی نظام سے ایک علیحدہ شان رکھتا ہے، کیوں کہ مذکورہ دونوں اقتصادی نظام سیکولر ہیں۔ جن کا روحانی اقدار اور وحی و رسالت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ان کا مقصد محض انسان کی فلاح بہبود ہے، خواہ وہ کسی طریقہ سے حاصل ہو۔ وہ حرام و حلال اور جائز و ناجائز کے کسی فلسفہ اور دینی ضابطہ کے قائل اور پابند نہیں ہیں۔ جب کہ اسلام کا اقتصادی نظام ایک خاص دینی فلسفہ اور احکام پر مبنی ہے۔ اس کے اصول و ضوابط اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تجویز کردہ اور ان کی مرضی کے تابع ہیں اور اس حوالے سے وہ ایک مسلمان کے لیے واجب العمل ہیں۔ ایک مسلمان حلال و حرام سے متعلق احکام پر عمل کرتا ہے تو یہ سمجھ کر کرتا ہے کہ ایسا کرنا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کے طور پر ضروری ہے ان خیالات کا اظہار مولانا عبد الماجد فاروقی نے مدرسہ تعلیم القرآن کے لائبریری ہال میں مختلف شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے کیا گفتگو میں مولانا محمد عکاشہ، قاری محمد اسحاق چشتی، قاری محمد ندیم و دیگر موجود تھے مولانا عبد الماجد فاروقی نے کہا کہ قرآن کریم اللہ تعالی کی آخری کتاب اور اللہ تعالی کا معجزہ ہے اس کی تعلیم تمام مسائل کا حل ہے

عید کے بعد پورے پاسبانِ وطن ایک منظم اور مربوط رابطہ مہم کا آغاز کرے گی، طاہر کھوکھر

لوگ برادری ازم، خاندانی موروثی سیاست، اور سرمایہ داروں کے تسلط سے بیزار ہو چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاسبانِ وطن پاکستان کے مرکزی صدر محمد طاہر کھوکھر نے ایک اہم بیان میں اعلان کیا ہے کہ عید کے بعد پورے ملک اور آزاد کشمیر میں [illegible] جائے گا اور عوامی رابطوں کو مضبوط بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہماری جماعت کو عوام کی زبردست پذیرائی حاصل ہو رہی ہے، کیونکہ لوگ برادری ازم، خاندانی موروثی سیاست، اور سرمایہ داروں کے تسلط سے بیزار ہو چکے ہیں۔ طاہر کھوکھر نے اپنے بیان میں کہا کہ اس وقت ملک پر چند مخصوص خاندانوں کی اجارہ داری قائم ہے، جو نسل در نسل اقتدار کو اپنے خاندان میں منتقل کرتے چلے آ رہے ہیں یہ طبقہ عوام کی حالتِ زار سے بے خبر ہے اور ان کی سیاست محض ذاتی مفادات کے گرد گھومتی ہے ان حکمرانوں کی جائیدادیں بیرون ملک ہیں، کاروبار بیرون ملک ہیں، اور جب بھی ملک پر مشکل وقت آتا ہے، یہ لوگ بیرون ملک فرار ہو جاتے ہیں عوام کے مسائل سے انہیں کوئی غرض نہیں دادا، باپ، بیٹا اور نواسے پر مشتمل سیاست نے ملک کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے یہ خاندانی سیاست ایک دیمک کی طرح ملک کو چاٹ رہی ہے۔ ہم نے اس زہر کو ختم کرنا ہے اور عوام کو حقیقی قیادت فراہم کرنی ہے۔

رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین سیلابی نالے پر جاری کام کا معائنہ کر رہے ہیں

مقبوضہ جموں و کشمیر میں حریت پسندوں کے گھروں پر بھارتی فورسز کے چھاپوں کا سلسلہ جاری

لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز نے حریت پسندوں کے گھروں پر چھاپوں اور تلاشی کارروائیوں کا سلسلہ پیر کو بھی جاری رکھا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فورسز نے بانڈی پورہ کے علاقے نائد کھائی، شوپیاں، ہندواڑہ، بڈگام کے علاقوں دہرمونہ، وارپورہ، بدرن، کاؤسہ خالصہ اور بزگو میں جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی، تحریک حریت جموں و کشمیر، مسلم لیگ اور پیپلز فریڈم لیگ کے کارکنوں کے گھروں پر چھاپے مارے۔ چھاپوں کے دوران بھارتی فورسز نے مکینوں کو ہراساں کیا اور مکانوں کے کاغذات، بنک دستاویزات اور موبائل فون ضبط کر لئے۔ نئی دہلی کی طرف سے مسلط کردہ فرقہ پرست لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی سربراہی میں قابض انتظامیہ کا کہنا ہے کہ یہ افراد حق خود ارادیت کی جدوجہد اور بھارتی تسلط سے آزادی کے مطالبے کی حمایت کر رہے ہیں۔ گھروں پر چھاپوں اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران کارکنوں کے اہل خانہ کو ہراساں اور خوفزدہ کیا گیا اور تحریک آزادی کی حمایت نہ کرنے کی تنبیہ کی گئی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں بھارتی فورسز کے چھاپوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قابض حکام کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو ختم کرنے کے لئے اس طرح کے ظالمانہ ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے

کوئٹہ، سول سیکریٹریٹ کے سامنے لگائے گئے اسٹال سے لوگ ڈرائی فروٹ خرید رہے ہیں

بہترین کارکردگی کے حامل 63 افسران و اہلکاران کو تعریفی اسناد، کیش انعامات سے نوازا گیا

امید ہے کہ بہتر کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاران آئندہ بھی بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کریں گے، عاصم افتخار کمبوہ

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں کو خدمات کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کرنے والے افسران و اہلکاران کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات سے نوازا گیا۔ [illegible]

لاہور، اشیا کی قیمتیں چیک کرنے والے 3 نوسرباز جعلی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گرفتار

تینوں نوسرباز خود کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بتا کر قیمتیں چیک کر رہے تھے، ضلعی انتظامیہ نے تحصیل نشتر ٹاؤن سے گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

لاہور (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 3 نوسرباز جعلی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو گرفتار کر لیا گیا، تینوں نوسرباز خود کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بتا کر اشیا کی قیمتیں چیک کر رہے تھے، [illegible]

لاہور سمیت پنجاب میں موسم خشک رہے گا، درجہ حرارت بڑھنے لگا

کراچی میں شمال مغرب سے گرم اور خشک ہوائیں ہلکی رفتار سے چل رہی ہیں، محکمہ موسمیات

لاہور، کراچی (اے ایف بی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں خشک موسم کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث گرمی کی شدت میں اضافہ ہونے لگا ہے۔ [illegible]

NOTICE INVITING TENDER

TSE-2627081178223, TSE-2627081178243, TSE-2627081178263, TSE-2627081178273, TSE-2627081178293, TSE-2627081178333, TSE-2627081178343, TSE-2627081178203

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Roads CW, PP&H Department District Naseerabad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates.

S. No	Name of Work/s	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM RASHEED SHAH TO VILLAGE MEHRULLAH MUHAMMAD BAKHSH JHAKRANI AT DISTRICT NASEERABAD PSDP NO. 1235 Z2026.06660	109,458,873	1,000 PKR	2%
2	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM N-65 TO VILLAGE ALLAH RAKHIA MUGHERI AT DISTRICT NASEERABAD PSDP NO. 1359 Z2026.1488	39,807,701	1,000 PKR	2%
3	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM DHANO LARO TO M ZAMAN AND M AZAM, SWALI KHAN , SAEED AHMED MEHRULLAH, QAMBAR KHAN JAKHRANI SHORI DRABI AT DISTRICT NASEERABAD. PSDP NO. 1234 (2026.0659)	39,801,000	1,000 PKR	2%
4	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD N-65 TO VILLAGE MUREED KHAN UMRANI NEAR MANGOLI AT DISTRICT NASEERABAD LENGTH 3.10 KM PSDP NO-1416 Z2026.3173	49,759,585	1,000 PKR	2%
5	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM MENGAL ROAD TO VILLAGE RAEES CHUTTA KHAN BHUTTO AT DISTRICT NASEERABAD, PSDP NO-1364 Z2026.1497	33,835,797	1,000 PKR	2%
6	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM JHUDAIR SHAKH TO QAMBAR KHAN JAKHRANI SONA KHAN JAKHRANI I/C LINKS AT DISTRICT NASEERABAD PSDP NO-1350 Z2026.1464	39,801,117	1,000 PKR	2%
7	CONSTRUCTION OF REMAINING PORTION B/T ROAD RABI CANAL TO VILLAGE TAJPUR DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 4 KM) PSDP NO-1373 Z2026.1533	64,679,525	1,000 PKR	2%
8	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM RASOOL BAKHSH BUGTI TO NABI BAKHSH BUGTI I/C LINK AT DISTRICT NASEERABAD PSDP NO. 1232 Z2026.0657	25,901,619	1,000 PKR	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 76,621,211 PKR, 27,865,390 PKR, 27,860,700 PKR, 34,831,709 PKR, 23,685,057 PKR, 27,860,781 PKR, 45,275,667, 18,131,133 PKR Amount in 3 subsequent previous years for each showing financial capacityof the firm Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest, not blacklisted, no major litigation, no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract. Soundness of the proposed work plan. Methodology, and timeline to complete work. Include Assessment of resources allocation, logistic and risk mitigation strategies **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **11 September, 2026** till **11:30 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:30 PM on EPPS System Address:** office XEN Provincial B&R District Naseerabad at Dera Murad Jamali **Phone no:** 03473755573 **Fax no:** 0838710615 **Email:** bostankhan71@gmail.com

Executive Engineer Roads
CW, PP&H Department District Naseerabad

DPRQ/PRQ No.1068/27-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. TSE-2627081179693, TSE-2627081179663, TSE-2627081179643, TSE-2627081178893, TSE-2627081178873, TSE-2627081178843, TSE-2627081178843, TSE-2627081178803, TSE-2627081178713, TSE-2627081178643, TSE-2627081178593, TSE-2627081178523, TSE-2627081178443, TSE-2627081178423, TSE-2627081178403

The Executive Engineer Roads CW, PP&H Department Naseerabad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

S.No	Name of Work/s	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
1	CONST: OF BLACK TOP ROAD FROM N-65 TO VILLAGE ABDUL AZIZ BAHRAIN AT DISTRICT NASEERABAD, PSDP NO-1479 Z2026.3623	29,855,160	1,000 PKR	2%
2	CONSTRUCTION OF B/T ROAD GOTH SHABAN KHAN UMRANI TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 0.70 KM) PSDP NO 1438 Z2026.3489	9,947,913	1,000 PKR	2%
3	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE NAWAB ZAFAR KHAN MAGSI VILLAGE NOOR M & MIR FAZAL MENGAL AT BARRACK TEHSIL GHAFOORABAD AT DISTRICT NASEERABAD LENGTH 3.10 KM PSDP NO 1427 Z2026.3240	17,931,377	1,000 PKR	2%
4	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE WADERA ABDUL NABI MUHAMMAD SHAHI TEHSIL TAMBOO DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1.0 KM) LENGTH 3.10 KM PSDP NO-1426 Z2026.3236	17,931,377	1,000 PKR	2%
5	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR STREETS OF MNAJHOO SHORI CITY TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1.7 KM) PSDP NO-1415 Z2026.317	26,875,590	1,000 PKR	2%
6	CONST: OF B/ T ROAD FOR VILLAGE MIR NIZAM DIN BHUTTO RD- 40 IMAM DIN UMRANI & TAKRI KHUDA BAKHSH JALBANI AT MAGSI SHAKH DISTRICT NASEERABAD PSDP NO-1375 Z2026.1558	24,879,232	1,000 PKR	2%
7	CONSTRUCTION / REHABILITATION OF BT ROAD FOR VILLAGE MUHAMMAD SHAREEF HEJWAN DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1.7 KM) PSDP NO-1374 Z2026.1535	22,886,673	1,000 PKR	2%
8	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM KHAN WAH ROAD TO CAMP SARDAR JAVEED AZIZ LEHRI TEHSIL LANDHI DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1 KM) PSDP NO-1372 Z2026.1512	15,908,399	1,000 PKR	2%
9	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE RIAZ AHMED JAKHRANI. NAZAR DOMKI AND MURAD JATAOI AT TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1.25 KM) PSDP NO-1371 Z2026.1509	18,909,132	1,000 PKR	2%
10	CONSTRUCTION OF B/T ROAD AND SPAN CULVERTS FOR VILLAGE SIAPAD, MANJHOO SHORI AT GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 0.50 KM) PSDP NO-1370 Z2026.1508	11,950,355	1,000 PKR	2%
11	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE HOTE KHAN AND LEADER MARRI TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1.1 KM) PSDP NO-1369 Z2026.1506	16,917,525	1,000 PKR	2%
12	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE BASHIR SUMALANI AND NOOR MUHAMMAD BHUTTA TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1.25 KM) PSDP NO-1368 Z2026.1504	18,917,151	1,000 PKR	2%
13	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR BABAE LEHRI TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD LENGTH (1 KM) PSDP NO-1367 Z2026.1500	16,917,525	1,000 PKR	2%
14	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE SYED GULAB SHAH AT HALEEM SHAH DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 1 KM) PSDP NO-1366 Z2026.1499	15,960,579	1,000 PKR	2%
15	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE PATHAN PITAFI AND MURAD RAKHSHANI TEHSILGHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD (LENGTH 0.8 KM), PSDP NO-1365 Z2026.1497	11,955,681	1,000 PKR	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 20,898,612 PKR, 6,963,539 PKR, 17,931,377 PKR, 12,551,963 PKR, 18,812,913 PKR, 17,415,462 PKR, 17,415,462 PKR, 16,020,671 PKR, 11,135,879 PKR, 13,236,392 PKR, 8,365,248 PKR, 11,842,267 PKR, 13,242,005 PKR, 11,842,267 PKR, 11,172,405 PKR, 8,368,976 PKR Amount in 3 subsequent previous years for each showing financial capacity of the firm Affidavit (Rs. 100/- Stamp Paper): A duly notarized affidavit confirming that the information submitted with the bid is true and correct. False information shall render the bidder liable to legal action by the Procuring Agency. Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest, not blacklisted, no major litigation, no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **11 September, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **11 September, 2026** till **11:30 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:30 PM Address:** office XEN Provincial B&R District Naseerabad at Dera Murad Jamali

Phone no: 3473755573 **Fax no:** 0838710615 **Email:** bostankhan71@gmail.com

Executive Engineer Roads
CW, PP&H Department District Naseerabad

DPRQ/PRQ No.1064/27-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون وفیکس 0853-310203 — Mobile: 0336-6113760 — قیمت 20 روپے

SPORTS — سپورٹس

قومی ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ کا اعلان ہو گیا

نیوزی لینڈ کے سابق کرکٹر اور معروف کوچ، مائیک ہیسن 26 مئی سے پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے وائٹ بال ہیڈ کوچ کے طور پر خدمات سرانجام دینگے، محسن نقوی

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی کرکٹ ٹیم کیلیے نئے ہیڈکوچ کے نام کا اعلان کردیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے لکھا کہ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ نیوزی لینڈ کے سابق کرکٹر اور معروف کوچ، مائیک ہیسن 26 مئی سے پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے وائٹ بال ہیڈ کوچ کے طور پر خدمات سرانجام دیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ اسامی کے خلاف موصول ہونے والی متعدد درخواستوں کے جائزے کے بعد سابق کرکٹر مائیک ہیسن کا نام فائنل کیا ہے۔ قبل ازیں خبریں سامنے آئیں تھی کہ اسلام آباد یونائیٹڈ کے موجودہ کوچ مائیک ہیسن پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن کے اختتام پر قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ کے عہدے پر فائز ہوجائیں گے۔ گیری کرسٹن کے مستعفی ہونے کے بعد عارضی کوچ کے طور پر خدمات سرانجام دینے والے عاقب جاوید کا معاہدہ بھی فروری 2025 میں ختم ہوچکا ہے، وہ معاہدہ تجدید میں دلچسپی نہیں رکھتے۔

لیام ڈاسن تقریباً تین سال بعد اپنا پہلا ٹیسٹ کھیلنے کیلئے تیار

لیونگسٹون کو چیمپئنز ٹرافی کے بعد دونوں اسکواڈ سے ڈراپ کردیا گیا ہے

اسلام آباد (راشد محمود) لیام ڈاسن تقریباً تین سال بعد اپنا پہلا T20I کھیلنے کے لیے تیار ہیں، جب کہ ٹام ہارٹلی کو 50 اوور کے فارمیٹ میں بائیں ہاتھ کے فرنٹ لائن اسپنر کے طور پر منتخب کیا گیا ہے، جیسا کہ انگلینڈ نے ویسٹ انڈیز کے خلاف آنے والی وائٹ بال سیریز کے لیے اپنے اسکواڈز کا اعلان کیا ہے، جو جوس بٹلر کے بعد ہیری بروک کا پہلا کپتان ہوگا۔ بروک کا دور 29 مئی کو ایجبسٹن میں تین ون ڈے میچوں میں سے پہلے کے ساتھ شروع ہوگا، انگلینڈ اس سال کے شروع میں پاکستان میں اپنی تباہ کن چیمپئنز ٹرافی کی کارکردگی کے بعد دوبارہ منظم ہونے کی کوشش کر رہا ہے، جس میں وہ گروپ مرحلے میں تین میں سے تین شکستوں کے ساتھ باہر ہوگئے تھے۔ ان کے ساتھ دونوں فارمیٹس میں بٹلر ہوں گے، سابق کپتان گجرات ٹائٹنز کے لیے آئی پی ایل کی ایک نتیجہ خیز مہم کے دوران بلے کے ساتھ دوبارہ فارم میں ہوں گے۔ واضح رہے کہ لیام لیونگسٹون۔ جو پچھلے سال انگلینڈ کے کپتان کے طور پر بھی کھڑے تھے جب بٹلر پنڈلی کی چوٹ سے ٹھیک ہورہے تھے کو چیمپئنز ٹرافی میں تین اننگز میں صرف 33 رنز بنانے کے بعد دونوں اسکواڈ سے ڈراپ کردیا گیا ہے۔

ڈیوڈ وارنر کی پی ایس ایل کے بقیہ میچز میں شرکت کی تصدیق

بین میکڈرموٹ بھی دوبارہ پاکستان جانے کا پلان کررہے ہیں، آسٹریلوی میڈیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے ڈیوڈ وارنر نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) پر اعتماد کا اظہار کردیا۔ اس حوالے سے آسٹریلوی میڈیا کا کہنا ہے کہ کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر پی ایس ایل کے بقیہ میچز میں شرکت کیلیے پاکستان واپس جائیں گے، وہ پی ایس ایل مکمل کرنے کیلیے بقیہ میچز میں شریک ہوں گے۔ آسٹریلوی میڈیا نے کہا کہ ڈیوڈ وارنر نے پی ایس ایل میں شرکت کی میڈیا کو تصدیق کی ہے۔ پی ایس ایل ملتوی ہونے کے بعد غیر ملکی کھلاڑی پاکستان سے چلے گئے تھے۔ آسٹریلوی میڈیا کا کہنا ہے کہ بین میکڈرموٹ بھی پی ایس ایل کیلیے دوبارہ پاکستان جانے کا پلان کررہے ہیں۔

ارجنٹینا، ٹورنیو فٹ بال لیگ میں ریور پلیٹ اور باراکاس سینٹرل کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

بی پی ایل بدعنوانی کا گڑھ بن گئی
اسپاٹ فکسنگ کے 140 مبینہ واقعات رپورٹ ہوچکے

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) اسپاٹ فکسنگ کی لپیٹ میں آگئی، 5 سیزنز میں 140 مشتبہ واقعات ہوئے جس میں 60 سے زائد مقامی وغیرملکی کھلاڑی زیر تفتیش ہیں۔ بی پی ایل بنگلا دیش کی واحد اور سب سے بڑی ٹی 20 فرنچائز کرکٹ لیگ اس وقت شدید بدعنوانی کے الزامات کی زد میں ہے، گزشتہ 5 سیزنز میں تقریباً 140 ایسے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں جس میں اسپاٹ فکسنگ کا شبہ ظاہر کیا گیا ہے۔ تازہ ترین سیزن میں ہی 36 مشتبہ واقعات ریکارڈ کیے گئے ہیں جس میں 3 فرنچائزز کے عہدیدار اور کھلاڑی براہِ راست ملوث پائے گئے، اگرچہ بنگلا دیش میں سٹے بازی غیر قانونی ہے، مگر دنیا کے دیگر کئی ممالک میں یہ قانوناً جائز ہے۔ ذرائع کے مطابق بین الاقوامی قانونی بیٹنگ مارکیٹس میں ہر بی پی ایل میچ پر تقریباً 50 سے 60 لاکھ امریکی ڈالرز کا داؤ لگایا جاتا ہے جبکہ غیر قانونی بیٹنگ مارکیٹس میں یہ رقم 9 سے 10 گنا زیادہ یعنی 5 سے 6 کروڑ ڈالر تک پہنچ جاتی ہے، یہ صورتحال لیگ میں بدعنوانی کی شدت کو ظاہر کرتی ہے۔ بین الاقوامی کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی اینٹی کرپشن یونٹ (اے سی یو) ہر سال بی پی ایل کے دوران بدعنوانی کے مشتبہ واقعات اور افراد کی فہرست بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کو فراہم کرتی ہے، تاہم 2013 کے علاوہ کسی سیزن میں مؤثر کارروائی دیکھنے کو نہیں ملی۔ اس ناقص ردعمل کے باعث عالمی کرکٹ حلقوں میں بی پی ایل کو دنیا کی سب سے کرپٹ لیگ کا لقب دیا جاچکا ہے۔ موجودہ بورڈ نے اس بار سنجیدہ قدم اٹھاتے ہوئے ایک 3 رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی، جس کی سربراہی سابق جسٹس مرزا حسین حیدر کر رہے ہیں، دیگر ارکان میں بین الاقوامی شہرت یافتہ قانونی ماہر ڈاکٹر خالد ایچ چوہدری اور سابق کرکٹر شکیل قاسم شامل ہیں۔ اس کمیٹی نے گزشتہ 3 ماہ میں 50 سے زائد افراد سے بیانات قلمبند کیے جس میں کھلاڑی، کوچ اور فرنچائز آفیشلز شامل ہیں۔

اٹالیہ سائیکل ریس، میڈس پیڈرسن نے تیسرا مرحلہ جیت لیا

160 کلومیٹر کا فاصلہ 3 گھنٹے 49 منٹ اور 47 سیکنڈز میں طے یا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) ڈنمارک کے سائیکلسٹ میڈس پیڈرسن نے گیرو ڈی اٹالیہ سائیکل ریس کا تیسرا مرحلہ جیت لیا۔ البانیہ سے گیرو ڈی اٹالیہ کا 108 واں ایڈیشن شروع ہوچکا ہے جس میں سائیکلنگ کی دنیا کے نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ گیرو ڈی اٹالیہ سائیکل ریس کے تیسرے مرحلے میں سائیکل سواروں نے ولور سے ولور تک کا فاصلہ طے کرنا تھا جو پہاڑی راستے پر 160 کلومیٹر پر محیط تھا۔ 29 سالہ ڈنمارک کے سائیکلسٹ میڈس پیڈرسن نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 160 کلومیٹر کا فاصلہ 3 گھنٹے 49 منٹ اور 47 سیکنڈز میں طے کرکے تیسرے مرحلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ نیوزی لینڈ کے سائیکل سوار کوربن سٹرانگ نے دوسری جبکہ وینزویلا کے سائیکل سوار اور لوئس البرٹو آلرسنا بریا نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

اوڈینس، چیکیا اور ڈنمارک کی ٹیمیں آئس ہاکی میچ میں مدمقابل ہیں

بارسلونا نے ریال میڈرڈ کو 3-4 گول سے ہرا دیا

بارسلونا کے رافنھا نے دو جبکہ ایرک گارسیا اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کیا

میڈرڈ (این این آئی) بارسلونا نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے ایک میچ میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد دفاعی چیمپئن ریال میڈرڈ کی ٹیم کو 3-4 گول سے ہرا دیا۔ بارسلونا کے رافنھا عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو جبکہ ایرک گارسیا اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کرکے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ بارسلونا کی لیگ میں 26 ویں فتح ہے۔ ریال میڈرڈ کی طرف سے تینوں گول کیلین ایمباپے نے سکور کیے تاہم وہ اپنی ٹیم کو فتح نہ دلا سکے۔ اس کامیابی کے بعد بارسلونا کی ٹیم کی ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے پوائنٹس ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی ہے۔ اسٹاڈی اولمپک لوئس کمپنیز، بارسلونا، سپین میں کھیلے گئے میچ میں میزبان بارسلونا کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے دفاعی چیمپئن ریال میڈرڈ کی ٹیم کو تین کے مقابلے میں 4 گول سے ہرا دیا۔ بارسلونا کی جانب سے رافنھا نےعمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو جبکہ ایرک گارسیا اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کرکے اپنی ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔

نوجوان کوہ پیما ساجد سدپارہ نے بغیر آکسیجن 7 ویں بلند ترین چوٹی دھولاگیری سر کرلی

گلگت (این این آئی) پاکستان کے نوجوان اور باہمت کوہ پیما ساجد علی سدپارہ نے بغیر آکسیجن کے 7 ویں بلند ترین چوٹی دھولاگیری Dhaulagiri سر کرکے ایک اور تاریخی کارنامہ سر انجام دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی کوہ پیما ساجد علی سدپارہ نے دنیا کی ساتویں بلند ترین چوٹی دھولاگیری (8167 میٹر) کو بغیر اضافی آکسیجن اور کسی مدد کے کامیابی سے سر کرکے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق پاکستانی کوہ پیما نے جس چوٹی کو سر کیا ہے وہ نیپال میں واقع ہے اور کوہ پیمائی کی دنیا میں اسے ایک خطرناک اور چیلنجنگ پہاڑ سمجھا جاتا ہے۔ سدپارہ کا سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اپنے پیغام میں کہنا تھا کہ الحمدللہ دھولاگیری سر کرلی ہے، بغیر آکسیجن اور بغیر کسی مدد کے، اس مہم کو 10 مئی کو کامیابی سے مکمل کیا۔ اس اہم کامیابی کو الپائن کلب آف پاکستان کے سیکریٹری کرار حیدری نے پاکستان اور عالمی کوہ پیمائی برادری کیلیے فخر کا لمحہ قرار دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ساجد کی اس مہم میں سیون سمٹ ٹریکس نیپال اور سبروسو پاکستان نے تعاون کیا جبکہ ٹیکنیکل گیئر کیلاس کمپنی نے فراہم کیا۔

آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈ کپ لیگ ٹو میں ہالینڈ نے متحدہ عرب امارات کو 5 وکٹوں سے ہرادیا

ایمسٹرڈیم (این این آئی) آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈ کپ لیگ ٹو میں ہالینڈ نے متحدہ عرب امارات کو 5 وکٹوں سے ہرادیا۔ یو اے ای نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 204 رنز بنائے۔ آصف خان نے 75 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ کائل کلین نے چار کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ہالینڈ نے مطلوبہ ہدف 36 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ میکس اوڈوڈ 52 اور سکاٹ ایڈورڈز 42 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ کائل کلین کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل کیلئے آسٹریلوی اسکواڈ کا اعلان

آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے مابین فائنل 11 سے 15 جون تک لارڈز میں کھیلا جائیگا

سڈنی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کے لیے کرکٹ آسٹریلیا نے اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل 11 سے 15 جون تک لارڈز میں کھیلا جائے گا جبکہ فائنل میں آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔ آسٹریلوی ٹیم کی قیادت پیٹ کمنز کریں گے، اسٹیو اسمتھ اور جوش ہیزل ووڈ بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ الیکس کیری، کیمرون گرین، ٹریوس ہیڈ، جوش انگلس، عثمان خواجہ، سیم کونسٹاس، میٹ کوہنمین اور مارنوس لبوشین بھی اسکواڈ میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اسکاٹ بولینڈ، نیتھن لیون، مچل اسٹارک اور بیو ویبسٹر بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ دورہ ویسٹ انڈیز کیلیے بھی یہی 15 رکنی اسکواڈ برقرار رہے گا، دونوں ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 25 جون سے برج ٹاؤن میں شروع ہوگا۔

اٹالین اوپن ٹینس ٹوونامنٹ، ایما راڈوکانو کا سفر تمام

کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا

روم (این این آئی) انگلینڈ کی نامور ٹینس سٹار ایما راڈوکانو اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہوگئیں۔ 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 2021 کی یو ایس اوپن چیمپئن 22 سالہ برطانوی حریف کھلاڑی ایما راڈوکانو کو ہرا کر کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ اٹلی میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میچ میں 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 22 سالہ برطانوی نامور ٹینس سٹار ایما راڈوکانو کو سٹریٹ سیٹس میں 1-6 اور 2-6 سے شکست دے کر نہ صرف ٹورنامنٹ سے باہر کردیا بلکہ کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا، جہاں ان کا مقابلہ 18 سالہ روسی ٹینس کھلاڑی میرا الیگزینڈرو ونا اینڈریوا سے ہوگا۔

واشنگٹن، نیویارک یانکیز اور سیئٹل میرینرز کے مابین بیس بال میچ کا منظر

روم، اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں اسپین کے کارلوس الکاراز میچ کے دوران کیرن خاچانوف کیخلاف سروس کروا رہے ہیں

ہیلتھ ڈیسک

جنک فوڈ بچوں کی شریانوں کو سخت کرسکتا ہے، تحقیق

برسٹل: (ہیلتھ ڈیسک) ایک تحقیق میں خبردار کیا گیا ہے کہ کثرت سے جنک فوڈ کھانے والے بچوں کی شریانیں 17 سال کی عمر تک سخت ہوسکتی ہیں۔ شریانوں کا سخت ہونا فالج اور دل کے دورے کے خطرات میں اضافہ کرسکتا ہے۔ 1990 کی دہائی میں برسٹل میں پیدا ہونے والے تقریبا 5000 بچوں پر کی جانے والی ایک تحقیق میں معلوم ہوا کہ وہ بچے جن کی غذا بحیرہ روم پر مبنی غذاں (سبزیوں، پھلوں، لوبیا اور دالوں سے بھرپور غذائیں) پر مشتمل تھی ان کی شریانیں کم سخت تھیں۔ ماہرین کے مطابق تحقیق کے نتائج متوازن غذا کی عادات کی اہمیت واضح کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ بچوں کے ابتدائی مرحلے میں معائنے مستقبل کے قلبی مسائل سے بچاسکتے ہیں۔ شریانیں خون کی وہ اہم رگیں ہوتی ہیں جو آکسیجن سے بھرپور خون کو دل سے جسم کے دیگر حصوں تک منتقل کرتی ہیں۔ شریانوں میں سختی مسئلے کا اہم ابتدائی اشارہ ہوتی ہے جو شریانوں سے الاسٹک فائبر) لچک والے فائبر (اور موٹے کولجن فائبر کے ختم ہونے کے سبب واقع ہوتی ہے اور یہ کیفیت بلند فشار خون، فالج اور دل کے دوروں کے خطرات میں اضافہ کرتی ہے۔ تحقیق میں یونیورسٹی آف ایکسیٹر، یونیورسٹی آف برسٹل اور یونیورسٹی آف ایسٹرن فن لینڈ کے ماہرین نے تحقیق میں سات سال کی عمر سے 4700 بچوں میں غذاں کا معائنہ کرنا شروع کیا۔ بعدازاں انہوں نے ان بچوں کے 17 سال کے ہونے پر نبض کی رفتار اور سینے سے سر میں جانے والی شریانوں کی موٹائی کی پیمائش کی۔ تحقیق کے نتائج میں معلوم ہوا کہ وہ بچے جن کی غذائیں سات اور 10 سال کی عمر میں زیادہ حراروں (کیلوریز)، چکنائی اور چینی اور کم فائبر پر مبنی تھی، 17 برس کی عمر تک ان کی شریانیں بچپن میں کم حراروں، چکنائی اور میٹھی غذائیں کھانے والوں کی نسبت زیادہ سخت تھیں۔

انسان کا یقین منشیات میں موجود نشے کی شدت بڑھا دیتا ہے، حیرت انگیز تحقیق

نیویارک (ہیلتھ ڈیسک) حال ہی میں ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق منشیات کی شدت سے متعلق جس کا جتنا زیادہ یقین ہوگا، وہ منشیات اس کے دماغ پر اتنا ہی اثر کرے گی۔ نیو یارک کے ماؤنٹ سینائی میں آئکاہن اسکول آف میڈیسن میں سینیئر محقق اور سائیکاٹری اینڈ نیوروسائنس کے ایسوسی ایٹ پروفیسر Xiaosi Gu کا کہنا تھا کہ تحقیق کا مقصد منشیات کی شدت سے متعلق لوگوں کی سوچ اور دماغی سرگرمیوں پر اس کے اثرات کے بارے میں شواہد تلاش کرنا تھا۔ نتائج میں دونوں کے درمیان اعلی سطح کا ارتباط ملا۔ مطالعے کے لیے محققین کی ٹیم نے لوگوں کے ایک گروپ کو بھرتی کیا اور انہیں ای۔ سگریٹ فراہم کی گئیں اور ہر ایک کو اس میں موجود نیکوٹین کی مقدار مختلف بتائی گئیں جبکہ مقدار سب میں یکساں تھی۔ تمام شرکا میں دماغی ردعمل کو تمباکو نوشی کے ساتھ ٹریک کیا گیا۔ دماغی اسکین سے پتہ چلا کہ تھیلامس جو کہ دماغ میں نیکوٹین کی اہم بائنڈنگ سائٹ ہے، نے ہر شخص میں تماکو نوشی کی شدت کو مختلف لیا اور اسی حساب سے مختلف ردعمل دیا۔ مذکورہ بالا تحقیق حال ہی میں جریدے نیچر مینٹل ہیلتھ میں شائع ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

چہرے پر موجود بیکٹیریا جھریوں کو مزید بدتر کرسکتے ہیں، تحقیق

سان ڈیاگو (ہیلتھ ڈیسک) ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ خواتین کے چہرے پر موجود بیکٹیریا کے سبب جھریوں کی کیفیت بدتر شکل اختیار کرسکتی ہے۔ الٹرا وائلٹ روشنی اور عمر (آنکھوں کے اطراف پڑنے والی جھریاں)، جھریاں یا نمی میں کمی شامل تھیں۔ لیکن اس نئی تحقیق میں تمام مطالعوں کو یہ جاننے کے لیے دیکھا گیا کہ آیا ہمارے چہروں پر موجود مختلف



بڑھنے کا عمل اب تک جلد میں لچک کے خاتمے کے اہم عوامل سمجھے جاتے تھے لیکن اب ایک تحقیق میں محققین کا خیال ہے اس صورت میں بیکٹیریا کا بھی ایک اہم کردار ہوسکتا ہے۔ یونیورسٹی آف کیلیفورنیا سان ڈیاگو نے کاسمیٹکس کی ایک نجی کمپنی کے ساتھ تحقیق میں 13 مطالعوں کا جائزہ لیا۔ مطالعوں میں 18 سے 70 سال کے درمیان 650 خواتین کی جلد کی کیفیت کا معائنہ کیا گیا۔ ہر تحقیق میں ایک مخصوص چیز کا جائزہ لیا گیا جس میں کروز فیٹ اقسام کے بیکٹیریا کا اس سے کوئی تعلق ہے یا نہیں۔ محققین کا کہنا تھا کہ تحقیق کے مطابق وہ افراد جن کے چہرے پر مختلف اقسام کے بیکٹیریا تھے ان کی جلد پر زیادہ کروز فیٹ (جس کو عموما جلد کے بوڑھا ہونے کے اہم اشارے کے طور پر دیکھا جاتا ہے) تھے۔ تاہم، مختلف اقسام کے بیکٹیریا کے ہونے کا ایک مثبت اثر بھی تھا اور وہ یہ کہ اس طرح بیکٹیریا کے نیچے موجود جلد سے نمی نہیں جاتی اور نمی کا ختم ہوجانا جلد کو ناتواں ظاہر کرتا ہے۔

نوجوانوں کا خوبصورتی کیلئے کثرت سے نقصان دہ اشیاء کے استعمال کا انکشاف

میلبرن: ایک نئی تحقیق میں معلوم ہوا ہے کہ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارمز پر خود کو بہتر دکھانے کے لیے نوجوان صارفین مشتبہ اشیا کا کثرت سے استعمال کررہے ہیں۔ دنیا بھر میں چھ لاکھ افراد پر کی جانے والی 90 تحقیقوں پر آسٹریلیا میں کیے جانے والے ایک مطالعے میں عالمی سطح پر نوجوانوں میں وزن کم کرنے کی اشیا کے استعمال کی شرح 5.5 فیصد پائی گئی۔ اس شرح میں دو فیصد وہ بچے شامل ہیں جنہوں نے یہ اشیا گزشتہ ہفتے استعمال کرنے کے متعلق بتایا جبکہ چار فیصد وہ ہیں جنہوں نے یہ اشیا گزشتہ ماہ استعمال کیں۔ چھ فیصد نوجوانوں نے گزشتہ سال اور نو فیصد نوجوانوں نے وزن کم کرنے کی اشیا زندگی میں کسی موقع پر استعمال کرنے کے متعلق بتایا۔ محققین نے ان اشیا میں وزن کم کرنے والی ان ادویات اور غذائی سپلیمنٹس کو شامل کیا جن کو ان نوجوانوں نے ڈاکٹر کی ہدایات کے بغیر استعمال کیا تھا۔ تحقیق میں معلوم ہوا کہ یہ شرح لڑکوں کی نسبت لڑکیوں میں زیادہ ہے۔ تاہم، دیگر ممالک میں یہ شرح مختلف ہے۔ نتائج کے متعلق بات کرتے ہوئے محققین نے اشیا کے بے دریغ استعمال کو روکنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اشیا کا طویل مدت تک استعمال صحت کے لیے مسائل کا سبب ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

90 فی صد غذاؤں میں پلاسٹک کے زہریلے ذرات کی موجودگی کا انکشاف



واشنگٹن (ہیلتھ) ایک نئی تحقیق میں گوشت اور پودوں پر مبنی اس کی متبادل غذاں کے ایسے باریک پلاسٹک ذرات سے آلودہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے جن کا تعلق کینسر سے ہوتا ہے۔ تحقیق میں سائنس دانوں نے 16 اقسام کے پروٹین کا مطالعہ کیا جس میں معلوم ہوا کہ انسان چاہے پروٹین کسی بھی ذریعے سے حاصل کریں پلاسٹک ان کے جسم کا حصہ بن رہا ہے۔ ان غذاں چکن نگٹس، بیف اسٹیک، فش فلیٹ اور پودوں سے بنے برگر شامل تھے۔ مطالعہ کی گئی اشیا کے 90 فی صد حصے میں نینو پلاسٹک کے ذرات پائے گئے، جن کے متعلق سائنس دانوں کو تشویش ہے کہ یہ انسانی جسم میں ذخیرہ ہوکر صحت کے نامعلوم مسائل کا سبب بن سکتے ہیں۔ مطالعہ کیے گئے سرلوئن اسٹیک میں سب سے زیادہ ربر کے 90 ذرات پائے گئے جبکہ دو پودوں پر مبنی بیف نمونوں میں ربر کے 40 اور 25 ذرات پائے گئے۔ ماہرین کے مطابق یہ باریک ذرات کینسر، قلبی مرض، ڈیمینشیا اور بانجھ پن کے مسائل سے تعلق رکھتے ہیں۔ محققین کا خیال ہے کہ یہ غذائیں ممکنہ طور پر پیداوار، تقسیم اور پیکنگ کے دوران استعمال ہونے والے آلات اور شامل کیے جانے والے اجزا یا فضائی ذرات کے سبب آلودہ ہوتی ہیں۔ ایک غیر منافع بخش ادارے اوشین کنزروینسی کی ایسوسی ایٹ ڈائریکٹر اور تحقیق کی شریک مصنفہ ڈاکٹر بریٹا بیچلر کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے لیے ایک تشویش ناک انتباہ ہے کہ کس حد تک پلاسٹک کی آلودگی کس طرح پھیل گئی ہے۔ اور ایسا لگتا ہے کہ آپ کچھ بھی کھالیں آپ اس سے فرار اختیار نہیں کرسکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ پلاسٹک کی آلودگی کا بحران ہم سب کو متاثر کررہا ہے اور ہمیں اس کی متعدد اقسام سے نمٹنے کے لیے اقدام لینے کی ضرورت ہے۔ ہمارے لیے ایک تشویش ناک انتباہ ہے کہ کس حد تک پلاسٹک کی آلودگی کس طرح پھیل گئی ہے۔ اور ایسا لگتا ہے کہ آپ کچھ بھی کھالیں آپ اس سے فرار اختیار نہیں کرسکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ پلاسٹک کی آلودگی کا بحران ہم سب کو متاثر کررہا ہے اور ہمیں اس کی متعدد اقسام سے نمٹنے کے لیے اقدام لینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 1

کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی و وفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید مؤثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد میں مزید اقدامات پر غور کیا گیا اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ شرکاء نے اس منصوبے کو شہریوں کے تحفظ، نگرانی کے نظام میں بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا۔ 28ویں دفاعی و جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں امن و استحکام کے حوالے سے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہر تین ہفتوں بعد منعقد ہونے والے دفاعی و جائزہ اجلاس کا بنیادی مقصد سابقہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا اور ان کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدگی سے ہونے والے اجلاسوں سے اداروں کے درمیان رابطہ بہتر ہوا ہے اور امن و استحکام کے لیے کیے جانے والے اقدامات میں تسلسل پیدا ہوا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی خوشحالی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ حکومت صوبے میں امن و استحکام کے ساتھ ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے روشن اور درخشاں مستقبل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرنا ہوگا اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، مختلف محکموں اور سیکیورٹی فورسز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکاء نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال، جاری اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اجلاس کے دوران رواں ماہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شرکاء نے دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے عزم اور مؤثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے امن کے قیام کے لیے جاری کوششوں کو مزید مربوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کا سلسلہ مزید مضبوط بنایا جائے گا اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و استحکام کے فروغ، ترقیاتی عمل میں تیزی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 2

خیال میں ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای شدید زخمی ہیں، لیکن وہ ہلاک نہیں ہوئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ انہیں نہیں لگتا کہ نئے ایرانی سپریم لیڈر ہلاک ہو چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تاہم اگر ایسا ہے بھی تو ایرانی حکام بہت اچھا ڈرامہ کر رہے ہیں۔ کیونکہ ایرانی ہر معاملے پر حتمی منظوری لینے کیلیے سپریم لیڈر سے دوبارہ بات کرنے کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر جسم کے بائیں جانب بہت شدید زخمی ہوئے ہیں۔ واضح رہے کہ 28 فروری کو ایران پر امریکی حملوں کے پہلے دن مجتبیٰ خامنہ ای کے والد علی خامنہ ای شہید ہوئے تھے۔ اس واقعے کے بعد سے مجتبیٰ خامنہ ای کو عوامی سطح پر نہیں دیکھا گیا۔

بقیہ نمبر 3

میں سیلابی ریلے نے تباہی مچادی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق نیپال کے ضلع راسووا میں سیلابی ریلا کئی دیہات بہالے گیا۔ ادھر نیپال ٹورازم بورڈ کے مطابق آنے والے سیلاب کے بعد 291 غیر ملکیوں سمیت 384 افراد لاپتہ ہوگئے۔ نیپال ٹورازم بورڈ کے مطابق لاپتہ غیر ملکیوں میں 105 بھارتی شہری بھی شامل ہیں۔ خبر ایجنسی کے مطابق سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد کم از کم 9 ہوگئی ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق ہائیڈرو پاور منصوبے پر کام کرنے والے 8 جنوبی کوریائی شہری بھی لاپتہ ہیں۔ جنوبی کوریا کی خبر ایجنسی کے مطابق مزید 10 جنوبی کوریائی شہری علاقے میں پھنس گئے۔

بقیہ نمبر 4

والے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کمیشن آف انکوائری جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت میں ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان عبدالطیف کاکڑ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خلیل الرحمان، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل سلطان بڑیچ، ایڈیشنل اٹارنی جنرل محمد فرید ڈوگر، ڈپٹی اٹارنی جنرل انور نسیم کاسی، پراسیکیوٹر جنرل بلوچستان بہرام خان ترین، ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرلز عبدالطیف کاکڑ اور حبیب اللہ گل، ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل عبدالمتین سمیت دیگر متعلقہ حکام، وکلاء موجود تھے۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، اے آئی جی لیگل شفیق الرحمان، شہداء کے لواحقین اور قانونی ورثاء، متعدد وکلاء اور کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری بھی کارروائی میں شریک ہوئے۔ کمیشن کے 24 اگست 2026 کے حکم کی تعمیل میں آئی جی پولیس بلوچستان اور اے آئی جی لیگل کمیشن کے روبرو ذاتی طور پر پیش ہوئے اور حملے سے متعلق ایک تفصیلی رپورٹ بمعہ متعلقہ دستاویزات جمع کرائی، جسے ریکارڈ کا حصہ بنا لیا گیا۔ آئی جی پولیس نے کمیشن کو واقعے کے محرکات، حملے سے متعلق دستیاب معلومات اور پولیس کی جانب سے مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ سماعت کے دوران آئی جی پولیس نے شہداء کے لواحقین اور قانونی ورثاء کے لیے منظور شدہ شہداء پیکج کے تحت کیے گئے اقدامات کی تفصیلات بھی پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام شہداء میرے اپنے بچے اور ان کے ورثا ہماری فیملی ہے۔ کمیشن کو بتایا گیا کہ پالیسی کے مطابق حقدار قانونی ورثاء کو شہید اہلکار کی مدتِ ملازمت مکمل ہونے تک تنخواہ کی ادائیگی، وراثتی سرٹیفکیٹ بننے تک محکمہ پولیس کی جانب سے شہداء کے ورثا کو تین مہینے تنخواہ کی ادائیگی جو ناقابل واپسی ہوگی، یکمشت مالی معاوضہ، متعلقہ گریڈ کے مطابق پلاٹ کے عوض رقم، اہل خانہ میں سے کسی ایک حقدار فرد کو سرکاری ملازمت، بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے یتیم زیر کفالت بچوں کی تعلیم اور دیگر مالی واجبات کی فراہمی پیکج کا حصہ ہے۔ آئی جی پولیس نے یقین دہانی کرائی کہ محکمہ پولیس شہداء کے خاندانوں کی ہر ممکن معاونت جاری رکھے گا۔ کمیشن نے سماعت کے دوران پولیس افسران کی دستیابی اور صوبے میں پولیس کی انتظامی استعداد سے متعلق اہم سوالات بھی اٹھائے۔ کمیشن نے استفسار کیا کہ ملک کے دیگر حصوں سے تعلق رکھنے والے پی ایس پی کیڈر کے افسران بلوچستان میں خدمات انجام کیوں نہیں دے رہے۔ آئی جی پولیس اس سوال پر کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکے، تاہم انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کے لیے مختص تقریباً 49 پی ایس پی کیڈر کی آسامیاں خالی ہیں اور اس معاملے سے وفاقی حکومت کو آگاہ کیا جا چکا ہے۔ اس پر کمیشن نے قرار دیا کہ پولیس ایک نہایت اہم ریاستی ادارہ ہے جس کی بنیادی ذمہ داری بلاخوف و خطر، بہادری اور جانفشانی کے ساتھ عوام کے جان و مال کا تحفظ کرنا ہے۔ کمیشن نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر زور دیا کہ بلوچستان پولیس کو جدید اسلحہ، ضروری آلات، وسائل اور دیگر مطلوبہ سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ فورس اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کر سکے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے کمیشن کی کارروائی میں آئندہ بھی مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے ایک باخبر، تجربہ کار اور اچھی شہرت کے حامل افسران پر مشتمل رابطہ ٹیم (Liaison Team) نامزد کرنے کا عندیہ دیا۔ کمیشن نے ہدایت کی کہ ایسی ٹیم تشکیل دی جائے جو ہر تاریخ سماعت پر باقاعدگی سے کمیشن کے روبرو پیش ہو اور کارروائی کے سلسلے میں مطلوبہ معاونت فراہم کرے۔ دوسری جانب وکلاء شمس الرحمان کاکڑ، عبدالمصور خان، صادق خان، برخوردار خان اچکزئی، عطا محمد کاکڑ اور حبیب اللہ خان ناصر سمیت دیگر وکلاء نے آئی جی پولیس کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ اور متعلقہ دستاویزات کی نقول طلب کیں، جو دورانِ سماعت ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کی جانب سے فراہم کر دی گئیں۔ وکلاء نے یقین دہانی کرائی کہ وہ رپورٹ کا جواب آئندہ سماعت یا اس سے قبل جمع کرا دیں گے۔ انہوں نے کمیشن کو معاونت فراہم کرنے کے لیے وکلاء کے ایک پینل کے نام بھی پیش کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ سماعت کے دوران شہید اہلکاروں کے بھائی نسیم اللہ سمیت زیارت، لورالائی اور سنجاوی سے تعلق رکھنے والے متعدد گواہان اور شہداء کے لواحقین و قانونی ورثاء بھی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات قلمبند کرانے کے لیے رجسٹریشن کرانے کی خواہش ظاہر کی۔ کمیشن نے تمام متعلقہ لواحقین، قانونی ورثاء اور دیگر شہداء کے رشتہ داروں کو ہدایت کی کہ وہ 3 ستمبر 2026 تک کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری کے پاس اپنی رجسٹریشن مکمل کرائیں، تاکہ آئندہ کارروائی کے لیے ضروری مراحل مکمل کیے جا سکیں۔ کمیشن نے کیس کی مزید کارروائی 7 ستمبر 2026 بروز پیر، دوپہر 1 بجے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 5

میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں جانب سے ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق کویتی وفد نے علاقائی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل صلاحیتوں اور خدمات کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور کویت کے درمیان تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو دفاعی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے عزم کی تجدید کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات علاقائی سلامتی اور استحکام کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔ دریں اثناء وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السلیم الصباح کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے وزارتِ دفاع کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں کویتی مسلح افواج کے چیف آف جنرل سٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد درج سعد الشریان بھی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جس میں دوطرفہ دفاعی تعلقات، سکیورٹی تعاون اور پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی روابط کو مزید مستحکم کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ جمعرات کو وزارت دفاع سے جاری بیان کے مطابق پاکستان اور کویت کے درمیان پروٹوکول معاہدہ 2026 پر دستخط کئے گئے جس سے دفاعی تعاون کے معاہدے 2023 کے تحت قائم موجودہ عسکری تعاون کے ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئے گی۔ نئے معاہدے کے تحت پاکستان کی مسلح افواج کویت کی مسلح افواج کو تربیت، استعداد کار میں اضافے، سرحدی انتظام اور دفاعی تعاون کے دیگر باہمی طے شدہ شعبوں سمیت مختلف امور میں معاونت فراہم کریں گی۔ یہ معاہدہ دونوں برادر ممالک کے درمیان دیرینہ دفاعی تعلقات کی بنیاد بننے والے گہرے اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ سٹریٹجک مفادات کی عکاسی کرتا ہے۔ دونوں فریقین نے باہمی سلامتی اور علاقائی امن و استحکام کے لئے اس شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 6

ربیع الاول کی مناسبت سے اس عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیرتِ طیبہ ﷺ اخلاق و کردار کا کامل ترین نمونہ ہے، ہمیں اپنی زندگیوں میں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات اور اسوہ حسنہ کو اپنانا چاہیے۔ نئی نسل پاکستان کی امید اور مستقبل ہے، اس کی تعلیم و تربیت ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم جیسی نسل تیار کریں گے، پاکستان کا مستقبل بھی ویسا ہی ہوگا، اس لیے نوجوانوں کی کردار سازی، تعلیم اور تربیت پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ سیرت النبی ﷺ ہمارے لئے عقل، حکمت، صبر، برداشت اور دوراندیشی کا عملی نمونہ ہے، نئی نسل کے اخلاق و کردار کی تعمیر سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں کرنا ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ صلح حدیبیہ ہمیں عقل، حکمت اور دوراندیشی کا درس دیتی ہے، جبکہ طائف کا واقعہ صبر و برداشت کی عظیم مثال ہے، نبی کریم ﷺ نے مہاجرین اور انصار لئے عام معافی کا اعلان کر کے عفو و درگزر کی عظیم مثال قائم کی، خطبہ حجۃ الوداع انسانوں کی برابری، مساوات اور بنیادی انسانی حقوق کا عظیم منشور ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا اہل مکہ نبی کریم ﷺ کو صادق اور امین مانتے تھے، جبکہ آپ ﷺ کا عظیم کردار آپ ﷺ کا ایک عظیم معجزہ ہے، ہمیں سیرت النبی ﷺ سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنے معاشرے میں اخلاق، برداشت، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے، اس لیے اس کے اخلاق و کردار کی تعمیر سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کانفرنس میں انعامات حاصل کرنے والے علما، سکالرز اور نعت خواں حضرات کو مبارکباد بھی پیش کی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اتحاد اور یکجہتی سے بڑے سے بڑے چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، امت مسلمہ کو ذاتِ اقدس حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو مرکز بنا کر متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے مسلمانوں کے اتحاد اور جنگ بندی کیلئے مخلصانہ کوششیں کیں جب کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں جنگ بندی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ امن کے لئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ امن دشمن عناصر مسلم ممالک میں نفرت پیدا کرنے میں ناکام رہے ہیں، سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے برادرانہ تعلقات کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ترکیے اور سعودی عرب وہ ساتھی ہیں جنہوں نے اچھے برے ہر وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان پاکستان کے ساتھ آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا سیرت کانفرنس کی پاکیزہ روایت زندہ رکھنے پر علمائے کرام کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ہم ایک ملت ہیں، نئی نسل پوری قوم کی امیدوں کا مرکز ہے، جیسی نسل تیار کریں گے، ویسا ہی ہمارا مستقبل

بقیہ نمبر 7

پوری قوم کے لیے صدمے کا باعث ہے۔ اس کربناک سانحے پر متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے جاں بحق نومولود بچوں کے والدین اور اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کے دکھ اور کرب کو محسوس کرتے ہیں، مشکل کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگوار والدین و اہل خانہ کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ معصوم بچوں کی جدائی کا غم انتہائی کربناک ہے، اللہ تعالیٰ متاثرہ خاندانوں کو اس مشکل وقت میں حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 8

میں 2 دہشت گرد جہنم واصل کیے گئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بارودی مواد سے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کر دیا۔ جنوبی وزیرستان کے علاقے لدھا میں سکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر آپریشن کیا جس میں 5 خوارج جہنم واصل ہوئے، سکیورٹی فورسز نے پہلے فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں کی نقل و حرکت کا بروقت سراغ لگایا اور گھیرے میں لے کر مؤثر کارروائی کی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع خضدار ساسول میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی میں 4 دہشت گرد جہنم واصل ہوئے، دہشت گردوں کو کواڈ کاپٹر کی مدد سے مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ کارروائیوں میں اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ رہے اور مقامی آبادی کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

بقیہ نمبر 9

5 بجے تھے، آگ لگنے سے 14 بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک کو بچا لیا گیا۔ والدین نے کہا کہ جس وقت آگ لگی عملہ انکیوبیشن سنٹر میں نہیں تھا، نرسری میں نہ کوئی ڈاکٹر موجود تھی اور نہ ہی کوئی دوسرا عملہ موجود تھا، این آئی سی یو کا دروازہ بھی لاک تھا، واقعے کے 2 گھنٹے بعد ریسکیو اور 4 گھنٹے بعد پولیس پہنچی۔ غم سے نڈھال والدین نے بچوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کرنے اور ہسپتال انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ بعدازاں پمز ہسپتال کے ایم سی ایچ وارڈ کو سیل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ پر قابو پانے کے بعد کولنگ کا عمل مکمل کیا گیا ضلعی انتظامیہ کے مطابق اطلاع ملتے ہی ریسکیو کی ٹیمیں موقع پر پہنچیں، امدادی کارروائیوں میں فائر بریگیڈ کی 6 گاڑیوں اور 4 ایمبولینسز نے حصہ لیا، آگ پمز اسپتال کی ایم سی ایچ وارڈ کے تیسرے فلور پر لگی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق حادثے میں 14 بچے مکمل جھلس گئے، واقعے کی انکوائری کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو آگ لگنے کی وجوہات کا تعین کرے گی۔ دوسری جانب اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آگ لگنے سے نومولود بچوں کی اموات کے واقعے سے متعلق ریسکیو ذرائع نے کہا کہ ہسپتال میں فائر سیفٹی انتظامات انتہائی ناقص تھے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ فائر ہوز میں کپلنگز نہیں تھے، فائر پوائنٹ پر پانی بھی نہیں تھا، ہنگامی انخلا کے راستوں پر تالے لگے ہوئے تھے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے وقت انکیوبیشن سینٹر میں ڈاکٹرز، وارڈ بوائے اور کوئی عملہ موجود ہی نہیں تھا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے، ڈی جی ہیلتھ اور سیکرٹری ہسپتال میں ہیں، متعلقہ حکام والدین کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 6 بج کر 45 منٹ پر ایئر کنڈیشن میں دھماکے کے بعد آگ لگی جو بہت تیزی سے پھیلی، دھماکے کے ساتھ ہی ہسپتال کی بجلی بھی چلی گئی تھی

بقیہ نمبر 10

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتا ہوں، دردناک واقعے میں 14 نومولود جاں بحق ہوئے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اس مشکل گھڑی میں سوگوار خاندانوں کو صبر، حوصلہ اور استقامت عطا فرمائے، ہمارے بچوں کی حفاظت ہر صورت اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ خیال رہے کہ پمز ہسپتال کے گائنی وارڈ میں جھلس کر جاں بحق 14 نومولود کے والدین غم سے نڈھال ہیں، والدین نے بچوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کرنے اور ہسپتال انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ پمز ہسپتال میں آگ لگنے سے 14 نوزائیدہ بچوں کے جاں بحق ہونے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی سیکرٹری صحت اسلم غوری کو معطل کر دیا جبکہ سیکرٹری ہاؤسنگ محمد محمود کو سیکریٹری صحت کا اضافی چارج دے دیا۔

بقیہ نمبر 11

سنبھالے نہیں جا رہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ سیاسی بنیاد پر نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی کو شفاء ہسپتال ہی لایا جا رہا تھا، ایجنسیز نے کہا شفاء ہسپتال لائے تو امن و امان کی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے، کہا گیا کہ ڈاکٹرز بانی پی ٹی آئی کا چیک اپ پمز میں کر لیں۔ حکومت نے فیصلے پر جو موقف اختیار کیا وہ بھی درست ہے، قانون میں ہے کسی بھی قیدی کا سرکاری ہسپتال سے باہر علاج نہیں ہو سکتا، وزیراعظم توہین عدالت کے معاملے میں پارٹی نہیں، درخواست میں محسن نقوی کا نام نہیں، سیکرٹری

... داخلہ کا نام ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے 9 مئی سے متعلق کہا تھا یہ ادارے پر حملہ تھا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا تھا 9 مئی حملے کو معاف اور بھلایا نہیں جائے گا، کسی کو اب تک معاف کیا گیا ہے نہ معاف کیا جائے گا، 9 مئی کو فوج میں بغاوت کی کوشش کی گئی، یہ بہت بڑا جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پمز ہسپتال واقعہ افسوسناک اور والدین کیلئے صدمہ ہے، پمز واقعے کی انکوائری ہونی چاہیے، ملوث افراد کو سزا ملنی چاہیے، وزیراعظم نے واقعے پر اعلیٰ سطحی اجلاس بلایا، تمام چیزوں کا جائزہ لیا، پمز واقعے میں جو بھی ذمہ دار ہے اس کو مثال بنانا چاہیے، وزیراعظم کا کام تو نہیں ہے کہ وہ ہسپتال میں جا کر چیک کریں کس چیز کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 12

ہوئے کہا کہ عسکری قیادت کا دورہ تہران پاک ایران تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی تعاون کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے، جبکہ ایران اور امریکا کے درمیان مفاہمت پاکستان کی مثبت سفارتی کوشش ہے، جو اس کے فعال علاقائی کردار کو ظاہر کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عسکری قیادت نے کشیدگی کے ماحول میں مذاکرات اور سفارت کاری کو ترجیح دے کر ایک ذمہ دارانہ کردار ادا کیا، جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، موجودہ علاقائی کشیدگی میں پاکستان کا امن اور مذاکرات کا پیغام قابل تحسین ہے۔ شہری آزاد جموں و کشمیر نے کہا کہ عالمی تجارت اور توانائی کے تحفظ کیلئے آبنائے ہرمز میں امن و استحکام ضروری ہے، ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں کمی پورے خطے کے مفاد میں ہے، پاکستان نے ثابت کر دیا کہ وہ خطے میں محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات، مفاہمت اور پائیدار امن کا حقیقی ضامن ہے۔

بقیہ نمبر 13

ش اور افسوسناک قرار دیتے ہوئے جاں بحق بچوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں جاں بحق بچوں کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے نومولود بچوں کی اموات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی۔ انہوں نے کہا کہ آتشزدگی کے اندوہناک واقعے پر دل افسردہ ہے اور بچوں کے والدین کے دکھ اور غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ایاز صادق نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بچوں کے والدین کو ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبر عطا فرمائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی سے نومولود بچوں کی اموات پر گہرے دکھ اور افسوس اور غمزدہ والدین سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی اموات انتہائی تکلیف دہ اور دردناک واقعہ ہے۔ مریم نواز نے ہدایت کی کہ تمام ہسپتالوں میں آگ بجھانے والے آلات کی موجودگی اور ان کی فعالیت یقینی بنائی جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے پمز سانحے پر افسوس اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کا جاں بحق ہونا انتہائی دلخراش اور صدمے کا باعث ہے، اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کے غم کو محسوس کرتے ہیں۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کا جاں بحق ہونا انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے بھی پمز اسپتال کی نرسری میں آگ لگنے سے 14 بچوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے واقعے کو دلخراش قرار دیتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ان کی ہمدردیاں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ پمز ہسپتال میں بچوں کے جاں بحق ہونے کی خبر انتہائی افسوسناک ہے، جاں بحق بچوں کے والدین اور اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے بھی پمز ہسپتال میں معصوم بچوں کی اموات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، ایسی صورتحال سے بچاؤ کے لیے ہر جگہ پیشگی حفاظتی انتظامات ہونے چاہئیں۔ سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پمز ہسپتال کا واقعہ شدید صدمے کا باعث ہے، قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی تکلیف دہ اور افسوسناک ہے، دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیر صحت سندھ عذرا فضل پیچوہو نے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کا جاں بحق ہونا انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ ہے۔ مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا کہ پمز ہسپتال واقعہ دل دہلا دینے والا ہے، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، وزیراعظم کا نوٹس لینا کافی نہیں یہ مجرمانہ غفلت ہے، 14 نومولود کا جان سے جانا کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہائی کمیشن کے مطابق المناک حادثے میں کم از کم 14 بچے جاں بحق ہوئے، بچوں کی اموات کی خبر دل دہلا دینے والی ہے، مشکل وقت میں ہماری ہمدردیاں بچوں کے والدین کے ساتھ ہیں۔ قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ پمز ہسپتال واقعہ دل دہلا دینے والا سانحہ قوم کے لیے دکھ کا باعث ہے، واقعے کو محض حادثہ قرار دے کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، سانحہ اسپتالوں میں حفاظتی انتظامات، انتظامی نگرانی پر سوالیہ نشان ہے، سانحے کی فوری، شفاف، غیر جانبدار تحقیقات کی جائیں۔ ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان نے پمز ہسپتال میں بچوں کی اموات پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ حکومت کی نااہلی، بے حسی اور بدترین انتظامی ناکامی ہے، واقعے کی اعلیٰ عدلیہ کے جج کی سربراہی میں فوری جوڈیشل انکوائری کرائی جائے، وفاقی وزیر صحت فوری طور پر مستعفی ہوں۔

بقیہ نمبر 14

نے ابتدائی رپورٹ تیار کر لی جس کے مطابق این آئی سی یو میں انکوبیٹر کے ساتھ آکسیجن کی مقدار بتانے والا نیبولائزر پھٹا۔ نیبولائزر پھٹنے سے آکسیجن نے آگ پکڑ لی۔ رپورٹ کے مطابق آگ سے دھواں پیدا ہوا اور وہ پائپ کے ذریعہ بچوں کے سانس میں گیا، بچوں کی موت آکسیجن بند ہونے سے اور جھلسنے سے ہوئی، آگ پہلے کم تھی پھر تیزی سے پھیلی۔ خیال رہے کہ پمز ہسپتال کے گائنی وارڈ میں آگ لگنے سے 14 نومولود بچوں کی جان چلی گئی، ریسکیو اور اسپتال انتظامیہ کے مطابق آگ ایئر کنڈیشنر کمپریسر پھٹنے کے باعث لگی، آکسیجن سلینڈرز کی موجودگی کے باعث آگ تیزی سے پھیلی، ایک نومولود کو بچا لیا گیا۔ والدین اور عینی شاہدین نے نرسری میں عملے کی غیر موجودگی اور دروازے بند ہونے کا الزام عائد کرتے ہوئے ریسکیو اداروں کے دیر سے پہنچنے کی شکایت کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز نے عملے کی غیر موجودگی کے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ آئی سی یو میں 2 ڈاکٹرز، 4 نرسز اور دیگر عملہ موجود تھا، اسپتال میں تسلی بخش فائر سسٹم موجود تھا۔ سی ڈی اے نے آگ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں کے فوری پہنچنے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ آگ پر قابو پاتے ہوئے بچوں کو فوری آئی سی یو منتقل کیا گیا۔

بقیہ نمبر 15

امریکی اقتصادی پابندیوں کو سراہتے ہوئے نیتن یاہو نے کہا کہ بلاشبہ پہلا امکان یہ ہے کہ کوئی معاہدہ کیا جائے۔ اگر یہ ایک اچھا معاہدہ ہو تو اسرائیل کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا لیکن انہیں شک ہے کہ آیا کوئی معاہدہ ہو سکتا ہے یا نہیں۔ نیتن یاہو نے مزید کہا کہ فوجی مداخلت کے ساتھ ساتھ گھیرا مزید سخت کرنا بھی ایک ممکنہ راستہ ہے۔

بقیہ نمبر 16

، جسے وارننگ دینے کے بعد روک لیا گیا۔ پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز کے جنوبی راستے سے کوئی جہاز نہیں گزرا ہے۔

بقیہ نمبر 17

نمایاں خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان اور ولی عہد محمد بن سلمان کیلئے نیک تمناؤں اظہار بھی کیا۔ وزیر اعظم نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے سعودی عرب کے اہم کردار کی بھی تعریف کی۔ سعودی سفیر نواف بن سعید نے کہا کہ سفارتی ذمے داریوں کے دوران ملنے والی گرمجوشی اور تعاون پر وزیر اعظم اور حکومت پاکستان کا شکر گزار ہوں، پاکستان میں قیام ایک یادگار اور خوشگوار تجربہ رہا۔ نواف بن سعید نے پاک سعودی عرب تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لئے اپنے ذاتی عزم کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ نمبر 18

ہے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کو یقینی بنانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 19

مضبوط بنانے اور خوراک کی قیمتوں پر بڑھتے ہوئے دباؤ کو کم کرنے کے لیے چین سے زیادہ پیداوار دینے والے فصلوں کے بیجوں تک رسائی بڑھانے کی جانب پیشرفت کر رہا ہے۔ پاکستان کے وفاقی سیڈ اینالسٹ وقاص امجد نے چین کے شہر چونگ چنگ کی ایک بیج کمپنی کے ساتھ معاہدے پر دستخط کیے ہیں جس کا مقصد چاول، مکئی، سویابین اور سبزیوں سمیت مزید چینی اقسام کی فصلوں کو پاکستان میں متعارف کرانے میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ وقاص امجد نے بتایا کہ پاکستان چینی بیج کمپنیوں کے لیے پاکستانی مارکیٹ میں داخلے کو آسان بنانے اور نئی اقسام کی تجارتی سطح پر کاشت کو تیز کرنے کے لیے متعدد اقدامات پر بھی غور کر رہا ہے۔ مجوزہ اقدامات کے تحت درآمد شدہ بیجوں کی اقسام کے لیے موافقت کے آزمائشی دورانیے کو دو سال سے کم کر کے ایک سال کیا جا سکتا ہے، جس سے نئی اقسام زیادہ تیزی سے کسانوں تک پہنچ سکیں گی۔ درآمدی اجازتوں کا دائرہ بھی وسیع کیے جانے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں زیادہ تعداد میں رجسٹرڈ چینی بیج کمپنیاں پاکستان میں براہ راست کاروباری سرگرمیاں انجام دے سکیں گی بجائے اس کے کہ بیجوں کے نمونے درآمد کرنے کی اجازت صرف مخصوص کمپنیوں تک محدود رہے۔ پاکستان چینی کمپنیوں کو مقامی اداروں کے ساتھ مشترکہ منصوبوں کے ذریعے شراکت

حب میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم مذہبی جوش و جذبے سے منایا گیا

تنظیمات اہلسنت کی جانب سے منعقدہ مرکزی جلوس میں ہر سال کی طرح اس سال بھی ہزاروں عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ نے بھرپور شرکت کی

اہل سنت پرامن ہیں اور جشن میلاد کے ذریعے محبت، بھائی چارے، رواداری اور امن کا پیغام عام کرتے ہیں

حب (نمائندہ بولان) ملک بھر کی طرح حب، گڈانی، ساکران اور دریجی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے، عقیدت و احترام سے منایا گیا جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں 12 ربیع الاول کو مرکزی جامع مسجد نورانی ساکران روڈ سے مرکزی جلوس خلیفہ علامہ محمد موسیٰ منگیانی طاہری مفتی غلام محمد قلندرانی طاہری، خلیفہ حافظ بلال احمد حبوی طاہری، محمد اویس انور شیخ، مولانا محمد ایوب حسینی، سید منور شاہ اور دیگر علمائے اہلسنت کی قیادت میں برآمد ہوا جو بابائے بلوچستان، سیرت چوک، موندرہ چوک اور دیگر مقامات سے ہوتا ہوا نورانی مسجد پہنچ کر اختتام پذیر ہوا تنظیمات اہلسنت کی جانب سے منعقدہ (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

حب۔ جشن عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے علماء کرام خطاب کر رہے ہیں

کاشتکار علاقے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

تمام برادریوں کو ساتھ لے کر چلنے سے اوستہ محمد ترقی کرے گا، سردار محمد ہارون خان جمالی

علاقے کی تمام برادریوں نے ہمیشہ سردار گھرانے پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد جمالی قبائل کے چیف سردار محمد ہارون خان جمالی نے کہا ہے کہ تمام برادریوں کو ساتھ لے کر چلنے اور باہمی اتحاد و اتفاق کو فروغ دینے سے اوستہ محمد ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ علاقے کی تمام برادریوں نے ہمیشہ سردار گھرانے پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ایم پی اے اوستہ محمد سردارزادہ فیصل خان جمالی علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ بالخصوص زرعی پانی (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

ملتان، ریلوے لائن کراس کرتے نامعلوم شخص ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق

ملتان (اے ایف بی) ریلوے ٹریک کراس کرتے ہوئے نامعلوم شخص پاکستان ایکسپریس کی زد میں آ کر جاں بحق ہوگیا۔ حادثہ ممتاز آباد میں پرویز الٰہی پارک کے قریب ریلوے ٹریک پر پیش آیا، ٹرین راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی کہ ٹریک کراس کرتے ہوئے شخص اس کی زد میں آ گیا

کراچی، گاڑی کی ٹکر سے بچے سمیت 2 افراد جاں بحق

کراچی (اے ایف بی) کراچی میں گڈاپ بجی سوسائٹی کے قریب ٹریفک حادثے میں بچے سمیت دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق افراد کی شناخت 52 سالہ عبدالرؤف اور (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

دعوت اسلامی کے تحت جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گراونڈ میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا، جبکہ 12 ربیع الاول کو بعد نمازِ ظہر جلوسِ میلاد نکالا گیا

حب (نمائندہ بولان) ملک بھر کی طرح حب میں بھی دعوت اسلامی کے تحت جشنِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا اس سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گراونڈ میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا، جبکہ 12 ربیع الاول کو (بقیہ 41 صفحہ 7 پر)

سیاسی استحکام عوامی مسائل کے حل کیلئے ناگزیر ہے — سیدال ناصر

پارلیمنٹ عوام کی امنگوں کی ترجمان، قومی مسائل کے حل کا اہم فورم ہے

تمام سیاسی قوتوں کے درمیان مکالمہ جمہوری نظام کے استحکام کے لیے ضروری ہے، قائمقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ عوام کی امنگوں کی ترجمان اور قومی مسائل کے حل کا اہم فورم ہے جبکہ تمام سیاسی قوتوں کے درمیان مکالمہ جمہوری نظام کے استحکام کے لیے ضروری ہے۔ یہ بات انہوں نے سابق وفاقی وزیر (بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

امریکی پابندیوں کے باعث ایرانی کرنسی کی قدر میں ریکارڈ کمی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی پابندیوں کے باعث ایرانی کرنسی کی قدر میں ریکارڈ کمی ہوئی ہے۔

پمز سانحہ: 15 معصوم بچوں کی ہلاکت پر آنکھ اشکبار، میر چنگیز جمالی

اسپتال انتظامیہ کی غفلت نے 15 ننھی جانیں نگل لیں، ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

معصوم نومولود بچوں کا المناک ضیاع پوری قوم کے لیے گہرے صدمے کا باعث ہے

کراچی (نعیم اختر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق صوبائی صدر بلوچستان اور سابق وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے پمز ہسپتال اسلام آباد میں آتشزدگی کے نتیجے میں 15 معصوم نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ صرف ایک حادثہ نہیں بلکہ انتہائی دلخراش اور ناقابلِ تلافی انسانی المیہ ہے جس (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

صدر عالمی فوجداری عدالت کا عہدہ چھوڑنے سے انکار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی پابندیوں کے بعد عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کی صدر ٹوموکو اکانے نے عہدہ چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹوموکو اکانے نے واضح کیا کہ آئی سی سی کو کبھی بند نہیں ہونا چاہیے!

حب سٹی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اسنیپ چیکنگ

داخلی و خارجی راستوں اور حساس پوائنٹس پر گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور مشکوک افراد کی چیکنگ لی گئی

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اسنیپ چیکنگ، داخلی و خارجی راستوں اور حساس پوائنٹس پر گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور مشکوک افراد کی چیکنگ لی گئی، تفصیلات کے مطابق ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

وزیر اعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مغیری برادری کے افراد کی بہرام پریس کلب میں دیدار عرف دلدار مغیری کے خلاف پریس کانفرنس

ساجد مغیری نے بتایا کہ سعودی عرب میں مقیم دیدار عرف دلدار مغیری نے رقم کے عوض ویزے لگوا کر دینے کا وعدہ کیا تھا

بہرام (رپورٹ: محمد صادق کھوسو) گاؤں پنہل مغیری سے تعلق رکھنے والے مغیری برادری کے افراد نے بہرام پریس کلب میں دیدار عرف دلدار مغیری کے خلاف پریس کانفرنس کی، جس پر الزام ہے کہ اس نے جعلی ویزوں کے نام پر رقم وصول کی تھی۔ ساجد مغیری، عامر حسین اور فہد حسین میڈیا سے گفتگو کرنے کے لیے بہرام پریس کلب پہنچے۔ ساجد مغیری نے بتایا کہ سعودی عرب میں مقیم دیدار عرف دلدار مغیری نے رقم کے عوض ویزے لگوا کر دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اس سلسلے میں انہوں نے 28 مئی 2024 کو اسے ایک لاکھ 20 ہزار روپے اور بعد ازاں مزید 65 ہزار روپے ادا کیے؛ یہ رقم انہوں نے سود پر قرض لے کر حاصل (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ کی کمیٹی نے بھارت میں نفرت ابھارنے والے جرائم اور تقاریر کا نوٹس لے لیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی نسلی امتیاز کے خاتمے سے متعلق کمیٹی نے بھارت میں نفرت ابھارنے والے جرائم (بقیہ 63 صفحہ 7 پر)

عاصم کاظم ایڈووکیٹ کے گھر پولیس کی چڑھائی قابل مذمت ہے، ارشد محمود ایڈووکیٹ

معزز عدالت نے بی اے ایف سکول کا فیصلہ مورخہ 15 مئی کو پرنسپل مس عابدہ اسماعیل کے حق میں دے دیا ہے

بیلا (نمائندہ بولان) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن لسبیلا سینئر ایڈووکیٹ اور بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق ممبر، ایگزیکٹیو عاصم کاظم کے گھر پر بیلا پولیس کی چڑھائی اہل خانہ کو ہراساں کرنا ناقابل برداشت اور قابل مذمت ہے پولیس کی غنڈہ گردی کسی صورت برداشت (بقیہ 53 صفحہ 7 پر)

ٹرمپ کو آمر اور بدمعاش کہنے پر معافی نہیں مانگوں گا، سربراہ حکومت اونٹاریو

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کے صوبے اونٹاریو میں حکومت کے سربراہ ڈگ فورڈ نے کہا ہے کہ انہیں اس بات پر کوئی افسوس نہیں

عوامی خدمت، فلاح و بہبود، گڈ گورننس کے اہداف کو ہر صورت پورا کریں گے — مریم نواز

ترجیحی ہدایات کے تحت فائر ایکسٹنگوشرز، ایمرجنسی ایگزٹس، ہائیڈرنٹس، برقی و الیکٹرو میڈیکل آلات سمیت ہسپتالوں کے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا جائیگا

ایم ایس صاحبان، سی ای اوز کے ذریعے ضروری اصلاحی اقدامات مکمل کر کے 29 اگست تک رپورٹ سیکرٹری آئی اینڈ سی کو پیش کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے ہولناک واقعہ کے بعد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے بھر کے سرکاری ہسپتالوں اور دیگر صحت مراکز میں فائر سیفٹی اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام متعلقہ محکموں اور ضلعی انتظامیہ کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے جاری ترجیحی ہدایات کے تحت فائر ایکسٹنگوشرز، ایمرجنسی ایگزٹس، ہائیڈرنٹس، برقی و الیکٹرو میڈیکل (بقیہ 59 صفحہ 7 پر)

کراچی۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کی کابینہ کی زیر صدارت ہارون رشید وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ملاقات کے موقع پر لیا گیا فوٹو اس موقع پر وزیر داخلہ سندھ ضیاء لنجار، ایڈووکیٹ جنرل سندھ، وائس چیئرمین سندھ بار کونسل، سیکریٹری لینڈ ریفارمز، میئر کراچی وہاب ریاض، ممبر پاکستان بار کونسل قربان ملانو، سرفراز میتھلو، سیکریٹری سپریم کورٹ بار ملک زاہد اسلم اعوان ممبر ایگزیکٹیو سپریم کورٹ بار الٰہی بخش مینگل ایڈووکیٹ و دیگر موجود ہیں

وندر میں جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

فیضانِ مدینہ میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) ملک بھر کی طرح وندر میں بھی دعوت اسلامی کے تحت جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں (بقیہ 32 صفحہ 7 پر)

عمران سعید کا تبادلہ کر کے گوادر تعینات کر دیا گیا

طارق علی کو ڈپٹی ڈائریکٹر حب تعینات کر دیا گیا ہے

حب (نمائندہ بولان) طارق علی ڈپٹی ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات حب تعینات، محکمہ تحفظ ماحولیات بلوچستان سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات حب عمران سعید کا تبادلہ کر کے گوادر تعینات کر دیا گیا ہے جبکہ ان کی جگہ پر طارق علی کو ڈپٹی ڈائریکٹر حب تعینات کر دیا گیا ہے

حساس معاملات پر قانون سازی ہونے کے باوجود صورتحال سنگین ہے

بچے عدم تحفظ اور غیر محفوظ ہیں، آواز دو کانفرنس میں شرکا کا اظہار خیال۔

نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی مہارتوں، تحقیق، کھیلوں اور سماجی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں

بدین (نامہ نگار) سماجی تنظیم سامی فاؤنڈیشن کی جانب سے سندھ یونیورسٹی لاڑ کیمپس بدین کے تعاون سے جیم خانہ بدین میں عالمی یوم نوجوانان آج کے نوجوان کل کے رہنما، آئیے نوجوانوں کو بااختیار بنائیں، کے عنوان سے آواز دو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی پرو وائس چانسلر سندھ یونیورسٹی جامشورو سید عبدالستار شاہ نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک اور قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)

پمز سانحے میں غفلت برتنے والے کو نہیں چھوڑیں گے — مصطفیٰ کمال

کوئی بھی چیز چھپے گی نہیں، ثبوت سامنے آئیں گے، اس پورے واقعے کی تحقیقات کر رہے ہیں

اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو اس کو چھوڑیں گے نہیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پمز ہسپتال واقعہ پر سب سے پہلے خود کو احتساب کے لیے پیش کرتا ہوں، کوتاہی کے مرتکب افراد کو نہیں چھوڑیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ جس کی بھی کوتاہی ہوئی ہے اسے (بقیہ 34 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی، رکن بلوچستان اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے سردارزادہ حاجی میر علی حیدر جان محمد حسنی، سردارزادہ میر بلال جان محمد حسنی ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر اور قادر جاموٹ بھی موجود ہیں

جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

فیضانِ گلزار مدینہ مسجد میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا

بیلا (نمائندہ بولان) ملک بھر کی طرح بیلہ میں بھی دعوت اسلامی کے تحت جشن میلادِ مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت و محبت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں فیضانِ گلزار مدینہ مسجد میں 12 ویں شب کو عظیم الشان اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا، جبکہ 12 ربیع الاول کو بعد (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر حلوہ تقسیم کیا جا رہا ہے

کے پی پولیس کی قربانیاں قابل ستائش ہیں، کور کمانڈر پشاور

کور کمانڈر پشاور کا ضلع دیر کا دورہ، پولیس افسران اور جوانوں سے ملاقات کی، دہشت گردی کیخلاف جاری جنگ میں کے پی پولیس کی قربانیوں اور اہم کردار کو بھرپور انداز میں سراہا

پاک فوج کے جنرل افسر کمانڈنگ کا لکی مروت بازار کا دورہ، پاک فوج کی جانب سے مستحق خاندانوں میں راشن اور ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں میں نقد انعامات تقسیم

راولپنڈی (اے ایف بی) دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاک فوج اور پولیس سیسہ پلائی دیوار بن گئے، عوام کی طرف سے فوج اور پولیس کی بھرپور ستائش کی گئی۔ کور کمانڈر پشاور نے ضلع دیر کا دورہ کر کے پولیس افسران اور جوانوں سے ملاقات کی، ملاقات میں آئی جی خیبر پختونخوا سمیت پولیس کے دیگر اعلیٰ افسران اور سول حکام بھی موجود تھے۔ کور کمانڈر پشاور نے دہشت گردی کیخلاف جاری جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیوں اور اہم کردار کو بھرپور انداز میں سراہا۔ دوسری جانب پاک فوج کے جنرل افسر کمانڈنگ نے لکی مروت بازار کا دورہ کیا، جہاں مقامی افراد کی جانب سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا، (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

شاہ نورانی مزار کے قریب ٹریفک حادثہ، 1 شخص جاں بحق، لاش ہسپتال منتقل

ایدھی ایمبولینس کے ذریعے حب سول اسپتال میں منتقل کر دیا گیا

حب (نمائندہ بولان) شاہ نورانی مزار کے قریب ٹریفک حادثہ، 1 شخص جاں بحق، لاش ہسپتال منتقل اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق گزشتہ روز شاہ نورانی مزار کے قر(بقیہ 38 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا کے مزید 32 سرکاری ہسپتال نجی شعبے کے حوالے کرنے کا فیصلہ

پشاور (اے ایف بی) خیبر پختونخوا حکومت نے کم کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے مزید 32 سرکاری ہسپتالوں کو نجی شعبے (بقیہ 37 صفحہ 7 پر)

سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر گل حسن لغاری کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب

محکمہ پولیس کے لیے گراں قدر خدمات پر خراجِ تحسین۔

بدین (نامہ نگار) سی آئی اے انچارج بدین سب انسپکٹر گل حسن لغاری نے محکمہ پولیس میں اپنی طویل اور قابلِ قدر سروس مکمل کرنے اور 60 سال کی عمر پوری ہونے پر باعزت (بقیہ 39 صفحہ 7 پر)

فوسپا کا ڈیجیٹل شکایتی نظام متعارف، وزیر قانون نے افتتاح کر دیا

تصدیق شدہ رجسٹریشن سے جھوٹی اور بلاجواز شکایات کی حوصلہ شکنی ہوگی جبکہ نیا نظام مقدمات کی موثر نگرانی اور تاخیر کی بروقت نشاندہی میں بھی مددگار ثابت ہوگا

نئے نظام کے تحت شکایت کنندگان شناختی کارڈ، ای میل اور موبائل نمبر کے ذریعے اکاؤنٹ بنا سکیں گے، وفاقی محتسب انسداد ہراسانی فوزیہ وقار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی (فوسپاہ) کے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم (سی ایم ایس)، موبائل ایپلی کیشن اور نئی ویب سائٹ کا افتتاح کر دیا۔ اس اقدام کا مقصد شکایت کنندگان کے لیے انصاف تک رسائی آسان بنا(بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

پولیس اور عوام کی مشترکہ کارروائی کے نتیجے میں دو مبینہ مسلح ڈکیتوں کو گرفتار کر لیا گیا

خاران بازار میں ڈکیتی کے مختلف وارداتوں ہوئے پہلا واقعہ خاران پرانا سبزی منڈی میں پیش آیا تھا

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) خاران شہر میں ڈکیتی کی پے در پے وارداتوں اور فائرنگ کے واقعات کے بعد پولیس اور عوام کی مشترکہ کارروائی کے نتیجے میں دو مبینہ (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

مظفر آباد کے گاؤں ترہالہ پر حملہ کی تحقیقات کرائی جائے

کراچی میں مقیم آزاد کشمیر کے گاؤں ترہالہ کے باشندوں کی اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں مقیم آزاد کشمیر کے ضلع مظفر آباد کی یونین کونسل کچیلی کے گاؤں ترہالہ کے باشندوں نے آرمی چیف، وزیر اعظم پاکستان، آئی جی آزاد کشمیر سمیت حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ آزاد کشمیر کے ضلع مظفر آباد کی یونین کونسل کچیلی کے گاؤں ترہالہ کے باشندوں کی اراضی پر بااثر افراد کے قبضے اور گاؤں پر حملہ کی آزادانہ، منصفانہ تحقیقات کرائیں تاکہ گاؤں ترہالہ کے باشندوں کو انصاف مل سکے کیونکہ وہ گزشتہ چھ ماہ سے شدید کرب میں مبتلا ہیں، گاؤں میں بعض بااثر افرادنے (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

میری نابالغ بیٹی کو اسد شیخ نے ورغلا کر اغوا کر لیا، مہک آرائیں

جاتے ہوئے کیش رقم زیورات اور دیگر قیمتی سامان بھی ساتھ لے گئے ہیں،

بدین شہر کے کینٹ روڈ کی رہائشی مسمات مہک آرائیں اپنی بیٹی کے ہمراہ بدین پریس کلب پہنچیں

بدین (نامہ نگار) بدین شہر کے کینٹ روڈ کی رہائشی مسمات مہک آرائیں اپنی بیٹی کے ہمراہ بدین پریس کلب پہنچیں، جہاں انہوں نے مبینہ طور پر اپنی نابالغ بیٹی دعا فاطمہ کے اغوا کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے صحافیوں کے سامنے فریاد کی اور انصاف کی اپیل کی۔ مسماۃ مہک آرائیں نے صحافیوں کو بتایا کہ ان کی نابالغ بیٹی دعا فاطمہ کو محلے کے رہائشی سلیم شیخ کے بیٹے اسد شیخ، نعیم ملاح، ناظم ملاح اور جمن ملاح (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

جہاز کے ذریعے مچھر جرمنی پہنچ گیا، کاٹنے سے ایک ایئرپورٹ ملازم ہلاک

برلن (این این آئی) جہاز کے ذریعے جرمنی پہنچنے والے ملیریا مچھر کے کاٹنے سے 1 ایئرپورٹ ملازم ہلاک ہوگیا جبکہ دیگر 5 زیر علاج ہیں۔

ٹرمپ کا امریکا میں شرعی قانون کو ممنوع کرنے کی حمایت کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکا میں شرعی قانون کو ممنوع کرنے کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ امریکی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا میں شرعی قانون کو ممنوع کرنے کی حمایت کروں گا۔

حاجی علی محمد رونجھو کی برسی کے موقع پر ان کے ایصال ثواب کے لئے دعائیہ تقریب

تقریب میں علاقائی معززین سیاسی و سماجی رہنماؤں نے شرکت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دعا کرائی گئی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی انور رونجھو کے والد مرحوم حاجی علی محمد رونجھو کی برسی کے موقع پر ان کے ایصال ثواب کے لئے لاسی روڈ حب میں دعائیہ تقریب اور خیرات کا اہتمام کیا گیا تقریب میں علاقائی معززین سیاسی و سماجی رہنماؤں نے شرکت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دعا کرائی گئی اور خیرات عام کا اہتمام کیا گیا

بلوچستان میڈیا فورم کا 28 اگست کو یوم سیاہ منانے کا اعلان

آزاد، ذمہ دار اور بے خوف صحافت ایک جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے، قیوم بلوچ

بھاگ (نمائندہ بولان) بلوچستان میڈیا فورم کا 28 اگست کو یوم سیاہ منانے کا اعلان تفصیلات کے مطابق بلوچستان میڈیا فورم کا اہم اجلاس صدر قیوم بلوچ کی زیر صدارت واٹس ایپ لنک کے ذریعے منعقد ہوا، جس میں سبی، بختیار آباد، بھاگ، مچھ و بولان، صحبت پور، ڈیرہ مراد جمالی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

وندر، لیاری اقلیتی برادری کی نوجوان شخصیات کا سندھ مٹھی تھرپارکر کے مختلف علاقوں کے دورے پر لیا گیا گروپ فوٹو

ٹریکٹر ٹرالی ٹائر برسٹ ہونے سے روہی نالے میں جا گری، دو افراد جاں بحق

لاہور (این این آئی) گجومتہ کے قریب روہی نالے میں ٹریکٹر ٹرالی گرنے کے باعث دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اینٹوں سے بھری ٹریکٹر ٹرالی روہی نالے سے گزر رہی تھی کہ اچانک ٹائر برسٹ ہونے کے باعث بے قابو ہو کر نالے میں جا گری۔ ٹرالی پر سوار دو افراد بھی ٹریکٹر ٹرالی سمیت نالے میں گر گئے۔ ٹرالی پر سوار افراد کے سر پر اینٹیں لگنے سے انہیں شدید چوٹیں آئیں جس کے باعث دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے

پمز ہسپتال سانحہ کیسے پیش آیا؟ پمز انتظامیہ نے ابتدائی رپورٹ تیار کرلی

نرسری کے اندر چنگاری بھڑکی اور چند سیکنڈ میں شدید آگ پھیل گئی، انکیوبیٹر پر آکسیجن پوائنٹس کے باعث آگ نے اچانک شدت اختیار کی

صبح 6 بج کر 39 منٹ پر دھماکا ہوا۔ چھتیں گر گئیں، ڈیوٹی عملے نے نرسری سے ملحقہ کمرے سے 4 بچوں کو بحفاظت نکالا

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ لگنے کے افسوسناک واقعے کی ابتدائی رپورٹ سامنے آ گئی۔ پمز ہسپتال میں آگ لگنے کے واقعے سے متعلق انتظامیہ نے ابتدائی بیان جاری کر دیا جس کے مطابق آگ لگنے کا واقعہ صبح 6 بج کر 38 منٹ پر پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق نرسری کے اندر چنگاری بھڑکی اور چند سیکنڈ میں شدید آگ پھیل گئی، انکیوبیٹر پر آکسیجن پوائنٹس کے باعث آگ نے اچانک شدت اختیار کی۔ پمز انتظامیہ کے مطابق 2 ڈاکٹرز اور 2 نرسز نے ریسکیو آپریشن شروع کیا، سیکیورٹی عملہ بھی مدد کے لیے پہنچا، عملے نے بچوں کو نکالنے کیلیے 2 مرتبہ نرسری میں داخل ہونے کی کوشش (بقیہ 51 صفحہ 7 پر)

ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کے دوران مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے ایک شہری کو شدید زخمی کر دیا

ڈاکو موٹر سائیکل نقدی و قیمتی موبائل سیٹ چھین کر فرار ہوگئے۔ زخمی کو تشویشناک حالت میں لاڑکانہ سندھ منتقل کر دیا گیا ہے

اوستا محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد صدر پولیس تھانہ کی حدود فیض آباد میں مسلح ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کے دوران مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے ایک شہری کو شدید زخمی کر دیا، جبکہ ڈاکو موٹر سائیکل نقدی و قیمتی موبائل سیٹ چھین کر فرار ہوگئے۔ زخمی کو تشویشناک حالت میں لاڑکانہ سندھ منتقل کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوستا محمد میں امن و امان کی صورتحال ایک بار پھر سوالیہ نشان بن گئی صدر پولیس تھانہ اوستا محمد کی حدود فیض آباد میں مسلح ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی۔ اس دوران مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں گوٹھ صابر پندرانی کے رہائشی ریاض (بقیہ 55 صفحہ 7 پر)

ٹرمپ انتظامیہ نے سعودی سول جوہری ڈیل کانگریس کو بھیج دی

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ نے سعودی عرب کے ساتھ سول جوہری توانائی معاہدہ کانگریس کو بھیج دیا۔

کوئٹہ، جشن عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس میں شیعہ عمائدین شریک ہیں

ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ 2026 کی مناسبت سے تقریب اور آگاہی واک کا انعقاد

تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سیوی ڈاکٹر عبدالقادر ہارون تھے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا

سیوی (رپورٹ۔ اللہ یار ڈومکی) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ، محکمہ صحت کے زیر اہتمام اور یونیسیف کے تعاون سے سیوی میں ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ 2026 کی مناسبت سے تقریب اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سیوی ڈاکٹر (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)

امریکا کا فوجی ہیلی کاپٹر ریاست کولوراڈو میں گر کر تباہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کا فوجی ہیلی کاپٹر ریاست کولوراڈو میں گر کر تباہ ہوگیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق بلیک ہاک (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

جام کمال سے وڈیرہ غلام نبی محمد حسنی، میر نیاز خان مری، وڈیرہ غلام مصطفیٰ سیاپاد کی ملاقات

علاقے میں جاری و مطلوبہ ترقیاتی اسکیمات سمیت مختلف اہم عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

حب (پ ر) وفاقی وزیر تجارت و کامرس نواب جام کمال خان عالیانی سے جام گروپ کے سینئر ضلعی رہنما وڈیرہ عبدالمالک موندرہ، وائس چیئرمین ساکران وڈیرہ غلام نبی محمد حسنی، میر نیاز خان مری، وڈیرہ غلام مصطفیٰ سیاپاد اور وڈیرہ غلام نبی بندیجہ اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات کے دوران حب اور ساکران میں جاری بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، ساکران کے زمینداروں کو درپیش انکم ٹیکس کے مسائل، حب شہر اور ساکران میں پانی کی قلت، ہیلتھ کارڈ کے ذریعے عوام کو مزید سہولیات کی فراہمی، ساکران کے بے ر(بقیہ 54 صفحہ 7 پر)

احباب رام پور کے سینئر نائب صدر شجاع الرحمٰن کے والد انتقال کر گئے

نماز جنازہ، فاتحہ سوئم میں عزیز و اقارب، اہل محلہ اور احباب کثیر تعداد میں شریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تنظیم احباب رام پور پاکستان کے سینئر نائب صدر شجاع الرحمٰن خان منیجر G2P بینک الفلاح لمیٹڈ کے والد محترم رو ف الرحمٰن خان طویل (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

برائلر گوشت کی قیمت میں 22 روپے کلو کمی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت (بقیہ 61 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور قطر کے مابین مضبوط ثقافتی تعلقات قائم ہیں — عبدالعلیم خان

علیم خان سے قطری شہزادے کی ملاقات، پاکستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے دلچسپی کا اظہار

قطر پاکستان کے ساتھ اپنے مضبوط تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، باہمی تعاون کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی بھرپور انداز میں جاری رکھا جائے گا، قطری شہزادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے قطر کے شہزادہ شیخ نائف بن عید آل ثانی نے اسلام آباد میں اہم ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی انور رونجھو کے والد مرحوم حاجی علی محمد رونجھو کی برسی کے موقع پر مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے اجتماعی دعا کی جا رہی ہے

بارکھان، عید میلاد النبی ﷺ کا جلوس شہر کی مختلف شاہراؤں سے گزر رہا ہے

ہارون رشید کی زیر قیادت وفد کی وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ملاقات

ملاقات میں کراچی میں وکلاء کی فلاح و بہبود سے متعلق اہم امور پہ تبادلہ خیال ہوا

کراچی (نمائندہ بولان) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کی کابینہ کی زیر صدارت ہارون رشید وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ملاقات، ملاقات میں کراچی میں وکلاء کی فلاح و بہبود سے متعلق اہم امور پہ تبادلہ خیال ہوا، اور اہم فیصلے کئے گئے، اس موقع پر وزیر داخلہ سندھ ضیاء لنجار، ایڈووکیٹ جنرل سندھ، وائس چیئرمین سندھ بار کونسل، سیکریٹری لینڈ ریفارمز، میئر کراچی وہاب ریاض، ممبر پاکستا(بقیہ 58 صفحہ 7 پر)